# صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز سوموار مورخہ 29 اکتوبر 2018ء بمطابق 19 صفر المظفر 1440 ہجری صبح دس بجکر پچاس منٹ پر منعقد ہوا۔
جناب سپیکر، مشتاق احمد غنی مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطَٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمَٰنِ الرَّحِیمِ۔

أَفَحَسِبۡتُمۡ أَنَّمَا خَلَقۡنَٰكُمۡ عَبَثًا وَأَنَّكُمۡ إِلَيۡنَا لَا تُرۡجَعُونَ0فَتَعَٰلَى ٱللَّهُ ٱلۡمَلِكُ ٱلۡحَقُّ لَآ إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ رَبُّ ٱلۡعَرۡشِ ٱلۡكَرِيمِo وَمَن يَدۡعُ مَعَ ٱللَّهِ إِلَٰهًا ءَاخَرَ لَا بُرۡهَٰنَ لَهُۥ بِهِۦ فَإِنَّمَا حِسَابُهُۥ عِندَ رَبِّهِۦٓ إِنَّهُۥ لَا يُفۡلِحُ ٱلۡكَٰفِرُونَo وَقُل رَّبِّ ٱغۡفِرۡ وَٱرۡحَمۡ وَأَنتَ خَيۡرُ ٱلرَّٰحِمِينَ۔

(ترجمہ): کیا تم یہ خیال کرتے ہو کہ ہم نے تم کو بے فائدہ پیدا کیا ہے اور یہ تم ہماری طرف لوٹ کر نہیں آؤ گے۔ تو خدا جو سچا بادشاہ ہے (اس کی شان) اس سے اونچی ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہی عرش بزرگ کا مالک ہے۔ اور جو شخص خدا کے ساتھ اور معبود کو پکارتا ہے جس کی اس کے پاس کچھ بھی سند نہیں تو اس کا حساب خدا ہی کے ہاں ہو گا۔ کچھ شک نہیں کہ کافر رستگاری نہیں پائیں گے۔ اور خدا سے دعا کرو کہ میرے پروردگار مجھے بخش دے اور (مجھ پر) رحم کر اور تو سب سے بہتر رحم کرنے والا ہے۔
و آخِرُ الدَعۡوَانا أَنِ ٱلۡحَمۡدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلۡعَٰلَمِينَ۔

## حلف وفاداری رکنیت

<u>Mr. Speaker:</u> Mr. Salahuddin, Member elect, to stand in front of his seat, to take oath. Mr. Salahuddin Sahib.

(اس مرحلہ پر نومنتخب رکن نے حلف اٹھایا)

(حلف نامہ ضمیمہ پر ملاحظہ ہو)

<u>Mr .Speaker</u>: Congratulation Now, I call upon the Member elect, to sign in the roll of Members, placed on the table of the Secretary, Provincial Assembly.

(اس مرحلہ پر نومنتخب رکن نے حاضری رجسٹر پر اپنے دستخط ثبت کئے)

<u>جناب سپیکر</u>: صلاح الدین صاحب! آپ کچھ کہنا چاہتے ہیں تو دو تین منٹ میں کہہ سکتے ہیں۔

## سپاس تشکر

<u>جناب صلاح الدین</u>: اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ۔

Thank you, Mr. Speaker Sir. I am extremely thankful to Allah Tabarak wa Ta'Allah, Who bestowed on me a convincing victory in the elections, held on Sunday 21st of this month. It was my long cherished wish and desire to work for my nation, to work for my people, but I never had this opportunity, as I was not in Pakistan. I did never work in Pakistan, I was abroad. Alhumdo Lillah my dream to serve the nation has come true today. I would take this opportunity to thank all my party leaders, especially Khushdil Khan for his support and guidance. I also thank the allied Opposition or joint Opposition for their help and support through out the election campaign and let me mention that at places and at numerous occasions they worked even hard than me. Mr. Speaker Sir! I would like to appreciate the role of Misbahuddin of Peoples Party, Raham Dil Nawaz and Jamroz Khan of PML (N) (Applause) who worked even, as I mentioned earlier, harder than me, I appreciate their role. I also thank the residents and inhabitants and the voters of PK-71, voted for me, who chose me to represent them

in the Assembly. I really appreciate their role, I am thankful to them because they reposed confidence in me and my party. Mr. Speaker Sir! I assure the government or those sitting on the government benches of my support and I will be supporting any move, any step taken in the national interest and in the interest of the public which is in accordance with the law and Constitution, but let me be very clear that if I see or reckoned a deviation, I will exercise my right to oppose or to criticize. I believe that there had been issues before and there would be issues in front of us but all the issues could be resolved amicably through dialogue and discussions in the interest of the public and in the interest of the nation, Mr. Speaker Sir, PK-71 is the area, is the constituency which borders the previously called FATA and PATA both of them together and that something why it was the adversely, affected area by terrorism than anywhere else in the entire nation or in the entire country. I visited some places Mr. Speaker Sir, and I was shocked that enough of attention had not been paid it by the previous government, though the MPA from that area was a Minister by that and he still is, I don't know whether he is present at the moment or not, but he was Minister. Mr. Speaker Sir, we had scarcity of facilities in the first place anyway but the ANP government had constructed schools and BHUs in different parts of the constituency and I visited some of them. As I mentioned earlier, I was shocked because some of them are fully destroyed, towards the end of their tenure in 2013, and some are partially damaged and I was shocked to see that students were sitting under the roof which was about to fall and I was looked, this is our future generation, how we are treating them, and I asked the Principal of the school and his response was that like, he, since the construction, of this school never saw an MP, Member of Parliament, whether Provincial or Federal, never saw an MPA or MNA before and I was the first to see that. Mr. Speaker Sir, it was the same situation regarding BHUs because these had been constructed by the ANP government, so I think they did not had the time or did not want to activate them and

these were in deplorable condition. Mr. Speaker Sir, look at my area, look at my constituency, the irrigation canal, the water supply scheme, the water for irrigation, the supply canal that is known as 'Oach Neher" Oach means a dried in Pashto, so the neher, the canal that is oach, what a strange annomilly a Neher which is providing water supply for irrigation purposes to over seventy millions, sorry seventy thousand acres of land is dried now and it was inaugurated many many times and the now the, Governor and the then MP had allocated some eleven billion rupees towards it, but I don't know where is it now and what state there in because nothing has changed, it still the same. Mr. Speaker Sir, I understand that we have problems of electricity every where, like in the whole country, but my area since my election has badly been affected, I don't know whether it is political victimization? I believe it is not but if it is then it's just regrettable.

Mr. Speaker: Honorable MPA Sahib, please try to sum up.

Mr. Salahuddin: I am just summarizing Sir. I was just going to mention one more thing which is gas. People of my area, those belonging to my village, they are paying bills for the last three to four years but they don't have gas; no gas and still paying the bills and let me make it very clear that my people from my area, they are sitting in the gallery, they haven't fried a single egg in the last three to four years and still they have to pay the bills, so that is odd, very strange and very shocking. I hope Sir, you will use your influence and the government benches will pay a bit of attention towards me and help and support me in resolving these issues. I am thankful to you Mr. Speaker Sir, and the entire of the House. Thank you very much indeed.

Mr. Speaker: Thank you very much,.Question's hour; Irrigation, Livestock, Ushr and Zakat, Finance, Social welfare, Industries and Agriculture Department. So Question No. 17, Janab Sardar Hussain Babak Sahib, Member Provincial Assembly Khyber Pakhtunkhwa.

جناب سردار حسین: شکریہ جناب سپیکر، میں نے توریکویسٹ بھی کی ہے،اگر مجھے ایک دو منٹ دیں تاکہ میں نئے ممبر کو مبارک باد دے دوں۔

Mr .Speaker: Okay, okay.

جناب سردار حسین: شکریہ جناب سپیکر، میں نو منتخب نوجوان ممبر کو مبارک باد بھی دیتاہوں اور عوامی نیشنل پارٹی کی طرف سے تمام اپوزیشن جماعتوں کا شکریہ بھی ادا کرتاہوں جنہوں نے، تمام سیاسی جماعتوں نے ہمارے امیدوار کی حمایت کی اور ماشاء اللہ ماشاء اللہ آج یہاں پہ کامیابی ہمیں نصیب ہوئی۔ جناب سپیکر، میں اپنی بات کو Prolong نہیں کروں گا لیکن ظاہر ہے تمام مذاہب، معاشروں میں جمہوریت ہی تمام مسائل کا حل ہوتا ہے، بد قسمتی ہمارے اس ملک کی یہ ہے کہ یہاں پہ جمہوریت قید ہے، جمہوریت پہ پابندی ہے، جمہوریت ضعیف ہے، جمہوری ادارے کمزور ہیں، سیاسی جماعتیں کمزور ہیں، سیاسی ڈھانچا کمزور ہے جناب سپیکر، میرے خیال میں 25 جولائی کے الیکشن اور 14 اور 21 اکتوبر کے الیکشن کا اگر موازنہ کیا جائے تو ہم نے 25 جولائی کے الیکشن پہ اعتراضات کئے، تو آج میرے خیال میں کھل کے بات سامنے آ گئی کہ جب ملک میں فیئر گیم ہو تو نتائج اسی طرح نکلتے ہیں۔ جناب سپیکر، یہ ہمارا ملک ہے اور ہم اس ملک کے محب وطن شہری ہیں، بار بار ہمارا یہ مطالبہ رہا ہے کہ ریاستی اداروں کی دلچسپی اس تناظر میں یہ ہونی چاہیے کہ یہاں پہ جمہوریت پھلے پھولے، نتائج ہمارے سامنے ہیں، ریاستی اداروں کی دلچسپی اس چیز میں ہوتی ہے کہ ایک پارٹی کو تمام عوام پہ سوار کرنا، تو میرے خیال میں ہم دیکھ رہے ہیں، ہم پھر بھی بار بار اس فورم پہ بھی یہی مطالبہ کریں گے اور اس فورم سے باہر بھی سیاسی کارکنوں کی حیثیت سے یہ مطالبہ کریں گے کہ ریاستی اداروں کو اپنے دائرہ اختیار میں رہتے ہوئے، اپنے Domain میں رہتے ہوئے کام کرنا چاہیے اور میرے خیال میں ممبران کے انتخاب کا کام، حکومتیں بنانے کا کام عوام کا ہے اور عوام کے کام میں نہ تو مداخلت کرنی چاہیے اور نہ عوام کے کام پہ اثرانداز ہونے کی کوشش، ملک اس وقت اندرونی اور بیرونی مسائل سے دوچار رہے، دوبارہ یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ ریاستی اداروں کو اپنے Domain میں کام کرنا چاہیے، شکریہ جناب سپیکر، میرا کونسچن ہے۔

## نشانزدہ سوالات اوران کے جوابات

* 17 _ جناب سردار حسین: کیاوزیرآبپاشی ارشادفرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت پی کے۔22 بونیر میں حکومت 'پنجتار ڈیم' کی تعمیر کاارادہ رکھتی ہے،اس کی تعمیر کب تک شروع کی جائے گی،اس پر کتنا خرچہ آئے گااور مذکورہ ڈیم کی تعمیر سے کتنی زمین زیرآب اور قابل کاشت بنائی جائے گی، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمود خان (قائد ایوان)(جواب وزیر مواصلات نے پڑھا): (الف) 'پنجتار ڈیم' ضلع بونیر کی تعمیر کے سلسلے میں وضاحت کی جاتی ہے کہ اس ڈیم کی فیزیبلیٹی رپورٹ دفتر ہذا نے 08-2007ء میں مکمل کی۔ رپورٹ کے مطابق پنجتار ڈیم سائٹ میں پانی وافر مقدار میں دستیاب ہے جس میں سے 8152 ایکڑ فٹ پانی ذخیرہ کیا جاسکتا ہے۔ اگرچہ ڈیم سائٹ کی جیالوجیکل ساخت ڈیم بنانے کیلئے موزوں ہے لیکن فیزیبلیٹی رپورٹ کے مطابق زراعت کیلئے زمین نہ ہونے کے برابر ہے جس کی وجہ سے ڈیم سائٹ پر مزید Detailed Design Study روک دی گئی ہے۔

جناب سردار حسین: جناب سپیکر، انہوں نے مجھے جواب دیاہے کہ 08-2007ء میں یہ فیزیبلٹی رپورٹ مکمل کی ہے، رپورٹ کے مطابق 'پنجتار ڈیم' سائٹ میں پانی وافر مقدار میں دستیاب ہے جس میں تقریباً 8152 ایکڑ فٹ پانی ذخیرہ کیا جا سکتا ہے۔ آگے لکھتے ہیں کہ اگرچہ ڈیم سائٹ کی جیالوجیکل ساخت ڈیم بنانے کیلئے موزوں ہے لیکن فیزیبلٹی رپورٹ کے مطابق زراعت کیلئے زمین نہ ہونے کے برابر ہے جس کی وجہ سے ڈیم پر Detailed Design study جو ہے وہ روک دی گئی ہے۔ میرے خیال میں اگر منسٹر صاحب جواب دیں تو پھر میں اس پہ تھوڑا وہ کرنا چاہتا ہوں۔

Mr. Speaker: Minister, Akbar Ayub Sahib.

وزیر مواصلات و تعمیرات: جناب سپیکر، میں وزیراعلیٰ صاحب کے Behalf پہ جواب دوں گا۔ جناب سپیکر، میرا خیال ہے جواب میں بڑا کلیئر بتادیا گیاہے کہ پانی بھی وافر مقدار میں ہے، جیالوجیکل سٹڈی بھی ڈیم کو بنانے کی اجازت دیتی ہے لیکن اتنی زمین ادھر موجود نہیں ہے جو اس کو فیزیبل بنا سکے جس وجہ سے

اس پراجیکٹ کو ڈراپ کر دیا گیا لیکن جناب سپیکر! یہ ایک ٹیکنیکل کوئسچن ہے اور ہمارے سینیئر ممبر ہیں بابک صاحب، تو میں مشورہ یہ دوں گا کہ اگر یہ چاہیں تو ہم ڈیپارٹمنٹ سے ایک Detail presentation ان کیلئے کروا سکتے ہیں کہ اگر ان کے کچھ سوال جواب ہیں، کیونکہ یہ وہاں کے لوکل ہیں، جتنا اپنے علاقے کو اور اس ایریا کی Topography کو یہ خود سمجھتے ہیں، میرا خیال ہے کہ میں نہیں سمجھتا، تو اس میں میرا خیال ہے بہتر یہ ہو گا کہ ایک Presentation ہم آپ کو ڈیپارٹمنٹ سے دلوا دیتے ہیں اور اس میں اگر آپ ان کو Convince کر سکتے ہیں کہ زمین ہے تو ان شاء اللہ اس کو ضرور Consider کیا جائے گا جی۔

<u>جناب سردار حسین</u>: شکریہ، جناب سپیکر، منسٹر صاحب نے بالکل، جناب سپیکر! بالکل میں اتفاق کرتا ہوں کہ ڈیپارٹمنٹ اگر ہمیں بریف کرلے لیکن جناب سپیکر! جو میرا نیکسٹ کوئسچن ہے، میں اس کو ساتھ نتھی نہیں کرنا چاہتا لیکن ڈیپارٹمنٹ کے جواب کو دیکھیں، میں صرف منسٹر صاحب کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں کہ یہ ڈیپارٹمنٹس Misguide کرتے ہیں منسٹرز کو، سیکنڈ جو میرا کوئسچن ہے، یہ جو کنڈل ڈیم ہے ایریگیشن-----

<u>جناب سپیکر</u>: وہ میں کال کروں گا Then، پہلے اس کو آپ وائنڈاپ کر لیں۔

<u>جناب سردار حسین</u>: نہیں نہیں، یہ چونکہ یہ ایریا ایسا ہے-----

<u>Mr. Speaker</u>: So that should come on record, because there are,
ابھی کوئسچن نمبر 17 ہے اور آپ 18 بھی لینا چاہتے ہیں۔

<u>جناب سردار حسین</u>: نہیں نہیں، آسان ہو جائے گا، پھر اس کوئسچن کی ضرورت ہی نہیں پڑے گی جناب سپیکر۔

<u>جناب سپیکر</u>: اچھا، اوکے۔

<u>جناب سردار حسین</u>: میں اس لئے کہتا ہوں، دیکھیں، منسٹر صاحب کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں کہ ڈیپارٹمنٹ Misguide کرتا ہے، یہ جو سیکنڈ میرا کوئسچن ہے 'کنڈل ڈیم' ایریگیشن ڈیم یہ صوابی کے ایریا میں ہے اور یہ جو 'پنجتار ڈیم' Proposed ہے، یہ لفٹ سائیڈ پر ہے، اسی سائیڈ پر ہے، ادھر سب

کو ئسچنز میں ڈیپارٹمنٹ کہہ رہاہے کہ زمین نہیں ہے، یہ جو رائیٹ سائیڈ سے جو چینل دیاہے، ڈیپارٹمنٹ خوداس جواب میں کہہ رہاہے کہ یہ 'طوطالئی ڈاگئی' کا جو بہت بڑاایریاہے اس کیلئے، باقی ماندہ زمینوں کیلئے پانی نہیں، تو وہ خود مان رہے ہیں کہ باقی ماندہ زمینیں ہیں اور اس سائیڈ سے وہ کہہ رہے ہیں کہ وہاں زمینیں نہیں ہیں، تو ڈیپارٹمنٹ سے ذراالتجاء ہے کہ وہ حکومت کو Misguide نہ کرے، Correct جواب آپ دیاکریں تو میرے خیال میں، اور یہ صحیح ہے کہ ڈیپارٹمنٹ ہمارے ساتھ بیٹھے اور وہ بریف کرلے تو میں Agree کرتاہوں۔

جناب سپیکر: جی۔

وزیر مواصلات و تعمیرات: شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! معزز ممبر، جب بھی ان کے پاس ٹائم ہو He can contact me اور ہم ان کیلئے ایک Detailed presentation رکھ دیتے ہیں، دوسرے کوئسچن میں بھی ڈپارٹمنٹ یہ کہہ رہاہے کہ جن ایریاز کیلئے ان کا سوال ہے، اس کیلئے ہم نے پانچ کلومیٹرز کی نہر بنائی ہے۔۔۔۔

جناب سپیکر: وہ ڈراپ کردیاہے انہوں نے۔

وزیر مواصلات و تعمیرات: وہ ڈراپ کردیاہے تو۔۔۔۔

Mr. Speaker: Babak Sahib is satisfied.

وزیر مواصلات و تعمیرات: میرا خیال ہے بابک صاحب کو Detailed presentation کروادیتے ہیں، اگر آپ کہیں گے تو میں خود بھی حاضر ہو جاؤں گا ساتھ۔

جناب سپیکر: اسی میں وہ بھی شامل کردیں۔

وزیر مواصلات و تعمیرات: جی اسی میں شامل کردیتے ہیں، تھینک یو جی۔

* 18 _ جناب سردار حسین: کیاوزیر آبپاشی ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) کنڈل ڈیم سے ڈاگئی طوطالئی ایریگیشن چینل سے کتنی زمین زیر کاشت آئے گی، اس چینل کی لمبائی کتنی ہے، نیز حکومت باقی ماندہ زمینوں تک پانی پہنچانے کاارادہ رکھتی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمود خان(قائدایوان) (جواب وزیر مواصلات نے پڑھا): کنڈل ڈیم ضلع صوابی کے سلسلے میں وضاحت کی جاتی ہے کہ اس ڈیم سے موضع ڈاگئی طوطالئی کی 2250 ایکڑ بارانی زمین زیر کاشت آئے گی۔ ڈاگئی طوطالئی ایریگشن چینل کی لمبائی 4.10 کلو میٹر ہے جو کہ مکمل ہو چکا ہے، نیز اسی ایریگیشن چینل سے موضع ڈاگئی طوطالئی کی باقی ماندہ زمینوں کو پانی فراہم کرنے کی گنجائش نہیں ہے۔ علاوہ ازیں اسی ڈیم سے موضع کنڈل، پنجمن، جھنڈا، بوکو، گجبئی اور موضع پا بینی کے 10950 ایکڑ رقبے کو بھی پانی فراہم کیا جائے گا۔

* 23 _ جناب خوشدل خان(ایڈوکیٹ): کیا وزیر لائیو سٹاک ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبائی حکومت کی سال 18-2017ء کی اے ڈی پی کوڈ نمبر 170085 سیریل نمبر 25 کے حوالے سے سول وٹرنری ڈسپنسریاں قائم کرنے کیلئے 250 ملین میں سے 50 ملین مختص کئے گئے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ رقم سے کتنی ڈسپنسریاں کہاں کہاں قائم ہوئی ہیں، پی کے۔70 میں کتنی فنکشنل ہیں، آیا اس رقم سے کوئی وٹرنری ڈسپنسری بھی قائم ہوئی ہے، اگر ہوئی ہے تو کہاں ہے، نیز پی سی فور کے مطابق وٹرنری ڈسپنسری میں کتنے ملازمین کی آسامیاں ہوتی ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محب اللہ خان (وزیر زراعت، حیوانات) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے لیکن یہ سیریل نمبر 25 نہیں بلکہ سیریل نمبر 26 ہے۔

واضح کیا جاتا ہے کہ مذکورہ بالا رقم سے خیبر پختونخوا میں 120 ڈسپنسریاں قائم ہوئی ہیں، ان ڈسپنسریوں میں ایک ڈسپنسری قلعہ شاہ بیگ ضلع پشاور جو کہ پہلے حلقہ نمبر پی کے۔10 تھا اور اب حلقہ نمبر پی کے۔70 میں آتا ہے، یہ تمام ڈسپنسریاں فنکشنل ہیں اور ہر ڈسپنسری میں ایک وٹرنری اسسٹنٹ اور ایک کلاس فور کی آسامی ہوتی ہے۔ (لسٹ ایوان کو فراہم کی گئی)

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: تھینک یو، مسٹر سپیکر! ڈیپارٹمنٹ نے جواب بھیجا ہے، اس میں انہوں نے غلط بیانی کی ہے۔ میرا کوئسچن بہت آسان ہے، دوسرا جز جو (ب) ہے، اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ رقم سے کتنی ڈسپنسریاں کہاں کہاں قائم ہوئی ہیں، کتنی فنکشنل ہیں پی کے۔70 جو Previously پی کے۔10 کہلاتا تھا، اس میں اس رقم سے کوئی وٹرنری ڈسپنسری قائم ہوئی ہے، اگر ہوئی ہے تو کہاں ہے، نیز پی سی فور کے مطابق وٹرنری ڈسپنسری میں کتنے ملازمین کی آسامیاں ہوتی ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟ ان کا جو Reply ہے کہ مذکورہ رقم سے خیبر پختونخوا میں 120 ڈسپنسریاں قائم ہوئی ہیں "جن کی لسٹ لف ہے" ان ڈسپنسریوں میں ایک ڈسپنسری قلعہ شاہ بیگ ضلع پشاور جو کہ پہلے حلقہ نمبر پی کے۔10 تھا اور اب حلقہ نمبر پی کے۔70 میں آتا ہے، اب سر! یہ حلقہ قلعہ شاہ بیگ، یہ نہ 70 میں ہے اور نہ پی کے۔10 میں ہے، یہ میرے خیال میں کہیں متھرا میں ہے اور میرے خیال میں یہ ڈپٹی سپیکر صاحب کے حلقے میں آتا ہے، یہ انہوں نے Mis-statement دی ہے اگر ڈیپارٹمنٹ کو اتنا پتہ نہیں ہے کہ اس میں انہوں نے اتنے پیسوں سے کہاں پہ ڈسپنسری قائم کی ہے تو یہ ڈیپارٹمنٹ کی کتنی Inefficiency کو Show کرتا ہے، ان کی Incompetence کو کہ ان کو اتنا بھی پتہ نہیں ہے کہ یہ ویٹرنری ڈسپنسری قائم ہوئی ہے، یہ قلعہ شاہ بیگ اور قلعہ شاہ بیگ پھر کہاں پر ہے؟ میں تو پی کے۔70 جو گزشتہ پی کے۔10 تھا، کی بات کر رہا ہوں تو اب انہوں نے یہ Mis statement دی ہے اور ہم سب کا، اس ساری اسمبلی اور ہاؤس کے پریویلج کو مجروح کیا ہے کیونکہ یہ غلط ہے اور یہ میرے خیال میں ہمارے ڈپٹی سپیکر صاحب کے علاقے میں قلعہ شاہ بیگ آتا ہے۔ دوسرا سر، انہوں نے کوئی تفصیل نہیں بھیجی ہے، میں نے یہ کوئسچن کیا ہے کہ تفصیل فراہم کی جائے؟ انہوں نے مجھے یہ لکھا ہے کہ ایک وٹرنری اسسٹنٹ اور ایک کلاس فور، تو اب کلاس فور کو انہوں نے کس طرح اپوائنٹمنٹ کیا ہے، کب یہ فنکشنل ہوئی ہے، کتنے اس پر ہوئی ہے؟ سر! انہوں نے ساتھ جو لسٹ لگائی ہے، آپ ذرا ملاحظہ فرمائیں، List of 120 Civil Dispensaries Established in Rented Building under the ADP Scheme 2017-18, اب بات یہ ہے کہ یہ کہاں پر، یہ کتنے کتنے کرائے پر انہوں نے بلڈنگز لی ہیں، کتنا کرایہ دے رہے ہیں اور آیا گورنمنٹ کا ایسا کوئی نہیں ہے کہ وہ خود زمین خرید کر اس پر

Establish کر لے تاکہ بار بار کرایہ دینے سے، اور کرایہ کی بلڈنگ میں اور وٹرنری ڈسپنسری میں فرق ہوتا ہے، ایک بلڈنگ جو کرایہ کیلئے بنائی جاتی ہے، اس کو رہائش کیلئے بنایا جاتا ہے، اس میں ہسپتال کس طرح قائم کر سکتے ہیں؟ کیونکہ ہسپتال کی اپنی ضروریات ہوتی ہیں، اس میں اپنی Accommodation ہوتی ہے تو یہ جو جواب انہوں نے Furnish کیا ہے، اس سے میں مطمئن بھی نہیں ہوں اور انہوں نے یہ حقائق کی بنیاد پر نہیں بھیجا ہے بلکہ انہوں نے اپنی جان چھڑانے کے واسطے وہ بھیج دیا ہے کیونکہ انہوں نے سب سے پہلے یہ غلطی کی ہے کہ انہوں نے جو چیز میں مانگ رہا ہوں، وہ نہیں دی، تو سر! یہ بات، ذرا اس کا نوٹس لے لیں اور اس پر وہ کریں۔ تھینک یو۔

Mr. Speaker: Law Minister, to respond please.

جناب سلطان محمد خان (وزیر قانون): تھینک یو مسٹر سپیکر، میں جناب خوشدل خان صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں، ہمیشہ ایوان میں، چونکہ Legal background بھی ہے ان کا، تو بہت اچھے سوالات بھی آتے ہیں اور Pertinent issues جو ہیں وہ Raise کرتے ہیں جو ہم سب کیلئے رہنمائی کا سبب بھی بنتے ہیں۔ جناب سپیکر، جو یہ کوئسچن نمبر 23 انہوں نے موو کیا ہے تو اس کا ایک ڈیٹیل جواب تو ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے آ گیا، میرے سامنے ہے، اس میں جو انہوں نے پوچھا ہے کہ 18-2017ء کی اے ڈی پی میں بجٹ کے بارے میں پوچھا ہے سول وٹرنری ڈسپنسریز کیلئے، تو جواب اس میں آیا ہوا ہے کہ 250 ملین کا بجٹ ہے، بلکہ انہوں نے سوال ہی میں اس کی نشاندہی کی ہوئی ہے اور پچاس ملین جو ہیں وہ ایلوکیٹ ہوئے تھے اس سال، تو پہلے سوال کا جو پہلا حصہ ہے تو میرے خیال میں اس سے تو آنریبل ممبر صاحب کو مطمئن ہونا چاہیے۔ سوال کا جو دوسرا حصہ ہے، اس میں انہوں نے یہ ڈیٹیل مانگی ہے کہ کتنی ڈسپنسریز جو ہیں وہ Established ہیں اور وہ کہاں کہاں پہ ہیں؟ اور پھر Specifically پی کے۔70 جو ہے، جو ان کا حلقہ بھی ہے، اس کے بارے میں پوچھا گیا ہے کہ وہاں پر کیا پوزیشن ہے کہ وہاں پر کتنی ڈسپنسریز ہیں؟ تو سر! اس میں بھی جواب آیا ہوا ہے کہ 120 ڈسپنسریز ہیں جو خیبر پختونخوا میں 18-2017ء میں قائم ہوئیں اور اس کے ساتھ پوری لسٹ Attached ہے، ڈسٹرکٹ پشاور میں یہ، ایک ڈسٹرکٹ پشاور میں، بلکہ پانچ جو ہیں جناب سپیکر! سول ڈسپنسریز، ان کے بارے میں کہا گیا ہے،

ایک کس کورونہ میں ہے،ایک بانڈہ محمد عمر میں ہے،ایک پیاری پایاں میں ہے،ایک یونس جان کلے میں ہے اور قلعہ شاہ بیگ میں ہے۔ ڈیپارٹمنٹ نے جو جواب بھیجا ہے تو اس میں انہوں نے قلعہ شاہ بیگ کی نشاندہی کی ہے پی کے۔70 میں، تو سر! میری ریکویسٹ یہی ہے، چونکہ We will accept the words of the honorable Member، کیونکہ وہ ہمارے ہاؤس کے ممبر ہیں، اگر وہ کہہ رہے ہیں کہ یہ پی کے۔70 میں نہیں ہے تو We admit کہ وہ پھر پی کے۔70 میں نہیں ہوگا لیکن میری درخواست یہ ہے کہ چونکہ ان کا جو Substantive سوال تھا،اس کی ڈیٹیلز آپ دے دیں تو جناب سپیکر، وہ ضلع پشاور میں پانچ دیئے گئے ہیں، تو ٹھیک ہے We will address the situation کہ اگر انہوں نے، غلطی سے ہی ہوا ہوگا جناب سپیکر! کیونکہ کوئی چیز چھپائی تو نہیں گئی ہے، پانچ سول ڈسپنسریز کا ذکر کیا گیا ہے،ان سے غلطی میں ہو سکتا ہے کہ پی کے۔70 میں قلعہ شاہ بیگ انہوں نے Mention کر دیا ہو۔انہوں نے دو تین پوائنٹس اٹھائے ہیں،اس کے بارے میں میں تھوڑا کہہ دوں، سر! یہ جو Rented buildings میں یہ سول ڈسپنسریاں چلتی ہیں تو Ideally کسی بھی ہاسپیٹل کیلئے،اور پھر اس وٹرنری ہاسپیٹل خاص کر، وہ تو ایک Dedicated building ہونی چاہیے کیونکہ اس میں وہ Facilities موجود ہوتی ہیں کہ جس سے یہ محکمہ Facilitate ہو سکے لیکن جناب سپیکر! Resources کی کمی کبھی کبھار آڑے آ جاتی ہے تو اس میں ان کا جو Criteria ہے ڈیپارٹمنٹ کا، وہ یہ ہے کہ Animals population کتنی ہے، پھر یہ دیکھا جاتا ہے کہ دو ڈسپنسریز کے درمیان Distance کتنا ہے، تقریباً اوسطاً آٹھ کلو میٹر سے دس کلو میٹر تک ہوتا ہے، پھر یہ موبائل ڈسپنسری سروسز بھی ہیں، اگر کہیں پہ ڈسپنسری نہیں ہے تو موبائل ڈسپنسری سروسز بھی یہ ڈیپارٹمنٹ Provide کرتا ہے۔ جناب سپیکر! میری آنریبل ممبر سے یہی استدعا ہے کہ چونکہ Resources کی وجہ سے کبھی کبھار اگر نہ ہو تو اس سے بہتر ہے کہ Rented building میں کم از کم پھر آ جائے تو اس وجہ سے یہ Rented building میں آ جاتی ہے۔اس کے علاوہ آنریبل ممبر کے حلقے میں ابھی یہ مجھے ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے کہا گیا ہے کہ اس میں ایک وٹرنری ریسرچ انسٹیٹیوٹ بھی ہے، تو مجھے پتہ ہے، ہو سکتا ہے وہ بھی ان کے حلقے میں نہ ہو

لیکن پشاور میں موجود ہے، وہاں پر جو ہے Breeds کے بارے میں، پھر یہ Feeds کی Composition کے بارے میں، Milk production کے بارے میں، Diseases کے بارے میں بہت اچھی ریسرچ ہوتی ہے تو میرے خیال میں محکمہ کام کر رہا ہے، Extension کی حد تک De-worming اور ویکسینیشن بھی ہو رہی ہے۔ جناب سپیکر! جواب میں آنریبل ممبر صاحب کو ایک ہی گلہ ہے کہ وہ حلقہ انہوں نے غلط بتادیا ہے، وہ میں بطور کولیگ ان سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ چونکہ پانچوں جو ہیں پشاور میں موجود ہیں، ان کی ڈیٹیلز موجود ہیں، اگر پھر بھی ان کو کوئی شکایت ہے محکمے سے یا اگر اور کوئی بات ہے تو میرے ساتھ ہر وقت جو ہے، سیکرٹری بھی بیٹھے ہوئے ہیں، یہاں پر سیکرٹری ایگریکلچر، تو اسی سیشن کے دوران، سیشن کے ختم ہونے کے بعد اگر ان کا کوئی بھی Concern ہے تو We will address it اور میں ریکویسٹ کرتا ہوں کہ وہ اگر Kindly چونکہ ایک ہی پوائنٹ پہ وہ آرہے ہیں کہ حلقے میں نہیں تھا، تو اس کو اگر وہ Forgo کر دیں تو مہربانی ہوگی جی۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی جناب خوشدل خان صاحب۔

<u>جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ:</u> تھینک یو سر۔ یہ جو قلعہ شاہ بیگ کا لکھا ہے، میں لاء منسٹر کے جواب سے مطمئن ہوں لیکن آخر میں نے یہ پوچھنا ہے کہ پی کے۔70 جو ہے، یہ سارے کاشتکار، اور سب زرخیز زمین ہے اور ان کی زیادہ تر آبادی ایگریکلچر پر، اور یہ مال مویشی رکھتے ہیں تو وہاں پر اس کی ضرورت ہے، اس لئے میں نے Specifically یہ پوچھا ہے کہ آیا پی کے۔70 میں وٹرنری ڈسپنری ہے یا نہیں ہے؟ تو انہوں نے وہاں پر ایڈمٹ کیا ہے یا اپنی آنکھیں بند کر کے وہ غلط لکھا ہے، جو بھی ہے ان کی Intention پر ہے لیکن آیا آئندہ جو کرنٹ بجٹ ہے، جو اس اسمبلی نے پاس کیا ہے، اس میں پی کے۔70 کیلئے کچھ رکھا جائے گا، ہمیں دیا جائے گا یا نہیں؟ کیونکہ میرا علاقہ جو ہے، پی کے۔70 سارا زمینداروں پر مشتمل ہے، زرخیز زمین ہے، وہاں پر زیادہ کھیتی باڑی، زیادہ تر لوگ زمیندار ہوتے ہیں تو وہاں پر ان چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ اب انہوں نے اسی کو سکیم میں آپ نوشہرہ میں دیکھیں، اب نوشہرہ میں انہوں نے دس وٹرنری ڈسپنسریاں قائم کی ہیں اگرچہ وہاں پر ضرورت بھی نہیں ہے، وہ پہاڑی علاقہ ہے، وہاں

زرخیز زمین نہیں ہے، وہاں پر باغات ہوتے ہیں اور زیادہ تر مالٹے مانکی شریف وغیرہ میں ہوتے ہیں سابق وزیراعلیٰ کا حلقہ تھا یا ان کا ضلع تھا، ہوم ڈسٹرکٹ تھا، تو وہاں پر دس وٹرنری ڈسپنسریاں، کوئی Justification نہیں ہے، کوئی Reason نہیں ہے اور جہاں پر ہموار زمین ہو، جہاں پر زرخیز زمین ہو، جہاں پر پیشہ زیادہ تر Majority لوگوں کی آبادی، اس پر Depend کرتی ہو تو وہاں پر پانچ رکھے ہیں، اور پانچ میں بھی پھر وہاں پر یہ قلعہ شاہ بیگ، قلعہ شاہ بیگ جو ہے یہ میرے خیال میں منسٹر صاحب کو پتہ ہوگا، ان کا علاقہ بھی ان کے ساتھ Touched ہے، یہ شبقدر اور اس کے درمیان میں کوئی ایسا علاقہ ہے کہ وہاں پر شاید ضرورت بھی نہ ہو، تو اس پر مجھے، ہاؤس کو مطمئن کریں کہ آیا ہمارے لئے یہ ابھی جو بجٹ پاس ہوا ہے، اس میں ہمیں کچھ حصہ دیں گے یا نہیں، یا ایسے ہمیں چھوڑیں گے؟ تو پھر میں واپس لیتا ہوں۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی لاء منسٹر۔

<u>جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ</u>: تو پھر میں واپس لیتا ہوں۔

<u>وزیر قانون</u>: جناب سپیکر! میں نے جس طرح اپنے جواب کے پہلے حصے میں کہا کہ آنریبل ممبر صاحب جو بھی کوسچن Raise کرتے ہیں تو وہ بڑا Pertinent ہوتا ہے اور بڑا Weight اس میں ہوتا ہے، یہ میں ان کو یقین دہانی کرانا چاہوں گا کہ سیکرٹری ایگریکلچر بھی موجود ہیں، ان سے ابھی، یہ Specifically انہوں نے سن بھی لیا ہے، نوٹ بھی کر لیا ہوگا اور اس کے علاوہ ان کے ساتھ ایک میٹنگ بھی رکھ لیں گے خوشدل خان صاحب کی، تو یہ یقین دہانی کم از کم، اگر سول ڈسپنسریز بنیں گی تو پشاور میں اور ان شاء اللہ جس علاقے میں ان کی ضرورت ہے تو وہ ہم یقین دہانی کراتے ہیں کہ ہم ان کو Consider بھی کریں گے اور اگر ضرورت پڑی تو پھر ادھر بنائیں گے بھی، سیکرٹری صاحب بیٹھے ہیں تو ان کے ساتھ میٹنگ کر کے یہ Decide کر لیں گے کہ کہاں پر ضرورت ہے؟ پھر اس طرح کر لیں گے ان شاء اللہ۔

<u>جناب سپیکر</u>: ٹھیک ہے، خوشدل خان صاحب! میرے خیال میں یہ موزوں بات ہے۔ کوسچن نمبر 24، جناب ملک بادشاہ صالح صاحب، ایم پی اے، زکواۃ وعشر۔

* 24 _ <u>ملک بادشاہ صالح</u>: کیا وزیر زکواۃ و عشر از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ہذا کو سالانہ غرباء و مساکین کی امداد کیلئے فنڈ جاری کیا جاتا ہے جو کہ مختلف اضلاع میں تقسیم کیا جاتا ہے؛

(ب) آیا یہ درست ہے کہ مذکورہ فنڈ کی مد میں سے ضلع دیر بالا کو بھی فنڈ دیا گیا ہے جس سے غریب مریضوں کا مفت علاج بھی کروایا جاتا ہو؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو گزشتہ پانچ سالوں کے دوران ضلع دیر بالا کو کتنا فنڈ دیا گیا، کتنے افراد کا مفت علاج اور کتنے غرباء اور مساکین میں فنڈ تقسیم کیا گیا، افراد کے نام اور پتہ کی تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>جناب محمود خان (قائد ایوان) (جواب وزیر قانون نے پڑھا)</u>: (الف) جی ہاں، محکمہ زکواۃ و عشر سے غرباء و مساکین کی امداد کیلئے سالانہ فنڈ جاری کیا جاتا ہے جو خیبر پختونخوا کے تمام اضلاع میں آبادی کی بنیاد پر تقسیم کیا جاتا ہے۔

(ب) جی ہاں، سالانہ زکواۃ فنڈ میں سے ضلع دیر بالا کو آبادی کے تناسب سے فنڈ جاری کیا جاتا ہے جس کو مختلف مدات بشمول مریضوں کے علاج معالجہ پر بھی خرچ کیا جاتا ہے۔

(ج) ضلع دیر بالا کے غرباء اور مساکین میں گزشتہ پانچ سال کے دوران تقسیم شدہ زکواۃ فنڈ کی مد وار تفصیل بمعہ مستحقین کے ناموں کی لسٹ ایوان کو فراہم کی گئی۔

<u>ملک بادشاہ صالح</u>: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ تھینک یو، مسٹر سپیکر۔ سر، یہ میرا سوال جو تھا یہ میں نے زکواۃ کے متعلق اور اس کے متعلق لاچکا ہوں، اپر دیر کے اپنے ضلع کے متعلق بھی اس پہ کچھ ایسے نام دیکھ رہا ہوں جو بڑے بڑے افسر ہیں، آج کل دیر میں ایجوکیشن میں ہے جلال احمد ولد چراغ الدین پیج نمبر 100، سیریل نمبر 25 پر ہے، جوان کو نو ہزار روپے دیئے گئے ہیں یا دوسرے بہت سے نام ہیں جن کو مختلف پیسے دیئے گئے ہیں، یہ پیسے اصل میں الیکشن میں دیئے جاتے ہیں اور پھر ووٹ کیلئے استعمال ہوتے ہیں، تو یہ میں نے پہلے، اس الیکشن میں میں نے محسوس کیا کہ دو ہزار روپے فی ووٹ کیلئے

دیئے جارہے تھے حالانکہ یہ غرباء اور مساکین کیلئے ہیں، تو یہ کمیٹی کے پاس بھیج دیا جائے کہ اس پہ تھوڑا سادیکھ لیا جائے کہ یہ کیا ہو رہا ہے؟ آخر یہ غریبوں کی، مسکینوں کی، بیواؤں کی، بے کسوں کی دولت بھی اس طرح ضائع ہو رہی ہے، اس طرح ہمارے غریبوں کے ساتھ اس طرح ہو رہا ہے تو یہ ہمارا دینی فریضہ بھی ہے کہ کم از کم اس کی کسی سے انکوائری کروائیں۔

<u>Mr. Speaker:</u> Who will respond? Law Minister!

<u>جناب سلطان محمد خان (وزیر قانون):</u> تھینک یو، مسٹر سپیکر۔ آنریبل ممبر ملک بادشاہ صالح صاحب نے میرے خیال میں ایک ایسا ایشو اٹھایا ہے کہ جو ہم سب کیلئے بہت زیادہ اہم بھی ہے اور اس اسمبلی فلور پہ Last tenure میں بھی جتنے ہم ممبرز تھے تو یہ ایشو اس وقت بھی بہت زیادہ اٹھایا گیا تھا۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے اور In principle گورنمنٹ Agree کرتی ہے کہ چونکہ یہ فنڈ جو ہے یہ تو ایسے لوگوں کیلئے ہے جو مستحق ہیں اور اس میں کوئی پولیٹیکل جو ہے یا سیاسی Criteria نہیں ہونا چاہیے، یہ تو ہم Agree کرتے ہیں۔ رہی بات اس کی کہ اس کو دیکھنا چاہیے کیونکہ Individual case ہے جناب سپیکر! تو میری ریکویسٹ آنریبل ممبر سے آپ کے توسط سے یہی ہو گی کہ ہم یہ کر دیتے ہیں کہ ایک ڈیپارٹمنٹل انکوائری، کیونکہ یہ بہت بڑا کام ہو گا، اس کیلئے ہمیں چاہیے ہو گا کہ ہم اس ہاؤس کے، یہ ہمارا ہاؤس ہے، اس کے تقدس کو ہم یقینی بنانا چاہتے ہیں اور اس کی کمیٹیز میں بھی ہم کام کر چکے ہیں اور کر رہے ہیں لیکن میرے خیال میں کمیٹی سے بہتر یہ ہو گا کہ پہلے ایک ڈیپارٹمنٹل انکوائری اس میں ہو جائے کہ یہ Determine کر لیا جائے کہ اس میں کوئی سیاسی جو ہے وہ نہیں ہوا ہے، Criteria تو نہیں اپنایا گیا ہے؟ اگر وہ رپورٹ آجائے اور پھر آنریبل ممبر مطمئن نہ ہوں تو پھر ہم اس کو کمیٹی میں بھی لے جا سکتے ہیں۔

<u>جناب سپیکر:</u> بالکل یہ درست ہے کہ اس کی Detailed investigation کروانی چاہیے، یہ بڑا Valid question ہے ان کا کہ زکواۃ کے پیسے اگر مستحقین تک نہیں پہنچتے تو ہمارے لئے اس سے بڑی بدقسمتی اور کوئی نہیں ہو گی اور میرے خیال میں آپ Agree کریں گے بادشاہ صالح محمد صاحب!

کہ اس میں کوئی بھی طریقہ Adopt کریں کہ جس میں بالکل بڑی فیئر قسم کی انکوائری ہو، جیسے وہ کہتے ہیں کہ بعض ایسے لوگوں کو پیسے دیئے گئے کہ جو بالکل Deserve ہی نہیں کرتے۔

<u>ملک بادشاہ صالح</u>: سر! ڈیپارٹمنٹ کی کیونکہ یہ This question is related to the tenure that has already passed-----

<u>Mr. Speaker:</u> Exactly.

<u>وزیر قانون</u>: اور اس میں منسٹری جو تھی، وہ بھی It has changed hands، تو میرے خیال میں اس کیلئے یہ ہونا چاہیے کہ ڈیپارٹمنٹ کی سطح پر ایک ہائی لیول انکوائری ہونی چاہیے تاکہ یہ پتہ لگ سکے کہ اس میں اگر تھوڑا سا بھی شک ہو، Then we will come to the Assembly اور پھر کمیٹی میں ہم اس کو لے آئیں گے۔ جی کوئی مسئلہ نہیں ہے۔

<u>جناب سپیکر</u>: بہادر خان صاحب، سپلیمنٹری۔

<u>جناب بہادر خان</u>: جناب سپیکر صاحب، په دې باره کښې دا سوال زما هم دے ، که دا سیاسی طور استعمال شوے دے ، د دې وخت پورې غریب مسکین ته زکواة نه دے ملاؤ شوے ، دغه شان په دې لائیو سټاک کښې هم وو ، دغه شان دیکښې هم سوال دے او په یو کښې هم نه دے راغلے ، زمونږ سوالونه نه دی راغلی، درخواست کوؤ چې هغه سوالونه هم راولئ او دې کمیټۍ کښې ورسره زمونږ لوئر دیر هم شامل کړئ۔

<u>جناب سپیکر</u>: نیکسٹ ٹائم پہ وہ بھی آ جائیں گے، شاید ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے جواب نہ آیا ہو۔

<u>جناب عنایت اللہ</u>: جناب سپیکر صاحب۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی۔

<u>جناب عنایت اللہ</u>: دیکھیں، ایریگیشن پہ میرے تین کوئسچنز سب سے پہلے، جب میں نے، جو آپ کا نوٹس کا سیکشن ہے، اس میں جمع کئے تو انہوں نے مجھے بتایا کہ You are the first man کہ آپ یہ جمع کر رہے ہیں لیکن میرے وہ کوئسچنز ایجنڈے کے اوپر نہیں ہیں۔

جناب سپیکر: کونسے سے ڈیپارٹمنٹ کے؟

جناب عنایت اللہ: میں، یعنی میں آپ کو ایک بات بتاؤں۔

جناب سپیکر: ڈیپارٹمنٹ کونسا ہے؟

جناب عنایت اللہ: اریگیشن کے حوالے سے ہے۔

جناب سپیکر: اچھا۔

جناب عنایت اللہ: اور وہ لیپس ہو جاتے ہیں، وہ لیپس ہو جاتے ہیں، یعنی، (مداخلت) Excuse me، ہمیں پھر وہ کام دوبارہ کرنا پڑتا ہے، یعنی وہ لیپس ہو جاتے ہیں اس لئے میرا خیال ہے کہ Selectively یہ کام نہیں ہونا چاہیے، میں آپ کے اوپر اعتماد کرتا ہوں، آپ ممبران کو سنتے ہیں اور آپ ان کے پوائنٹ آف ویوز کو Accommodate کرتے ہیں لیکن آپ اسمبلی سیکرٹریٹ کو انسٹرکشن ایشو کریں کہ وہ ہمارے کوئسچنز جو ہیں وہ ایجنڈے پہ رکھیں۔

جناب سپیکر: اصل میں اس کو، آپ دیکھ لیں۔ جی ثناء اللہ صاحب۔

صاحبزادہ ثناء اللہ: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: سپلیمنٹری۔

صاحبزادہ ثناء اللہ: یہ بادشاہ صالح بھائی کا جو سوال ہے، اس سے Related ہے یہ زکواۃ سے، یہ صفحہ نمبر 100 پہ جس طرح انہوں نے کہا کہ فلاں فلاں بندے کا نام ہے اور وہ حاضر سروس بھی ہے، آفیسر بھی ہے اور اس کو بچوں کے، وہ غرباء کے فنڈ سے پیسے دیئے ہیں، I am sorry to say کیونکہ ہمارے کچھ ساتھی ایسے ہوں گے، وہ اس بات پر پریشان نہ ہوں لیکن ہمارے دیر میں یہ ایک روایت بن چکی ہے کہ وہاں پہ الیکشن سے، یہ لسٹ آپ دیکھ لیں، یہ تاریخیں دیکھ لیں، یہ الیکشن سے پہلے دیئے جاتے ہیں، لاسٹ حکومت میں میں نے سوال کیا تھا اور یہاں پہ منسٹر صاحب نے، تو میں نے یہ بتایا، کسی نے پوچھا کہ سال بتائیں، مہینہ بتائیں کہ کس ٹائم پہ آپ زکواۃ تقسیم کرتے ہیں؟ میں نے کہا، جواب میں دے دیتا ہوں، یہ جب الیکشن شروع ہو جاتا ہے تو دیر میں ہماری یہ روایت بن چکی ہے کہ یہ فنڈز ریلیز ہو جاتے ہیں اور تقسیم ہوتے

ہیں تو سر! Kindly اس کو کمیٹی میں بھیج دیں تاکہ دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی سامنے آجائے، اور یہ پتہ ہے، اپر اور لوئر دونوں میں بہادر خان صاحب بھی کہتے ہیں تو وہ ان کا مسئلہ بھی حل ہو جائے گا، تو یہ Kindly میری وزیر قانون صاحب سے ریکویسٹ ہو گی اور وہ۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: Law Minister, please assure the House that inquiry should be conducted, as they are demanding, these two three honorable Members, and report should be submitted to this honorable House. So, Question No. 38.

جناب ظفر اعظم صاحب، فنانس سے متعلق ہے۔

* 38 _ جناب ظفر اعظم: کیا وزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع کرک کو تیل و گیس کی مد میں رائیلٹی فنڈ فراہم کیا جاتا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو گزشتہ پانچ سالوں کے دوران ضلع کرک کو کتنا رائیلٹی فنڈ دیا گیا ہے، اس کی مکمل تفصیل فراہم کیا جائے؟

جناب تیمور سلیم خان (وزیر خزانہ): (الف) جی ہاں، گزشتہ پانچ سالوں کے دوران دس پرسنٹ آئل اینڈ گیس رائیلٹی کی مد میں ضلع کرک کو جاری کئے گئے فنڈز کی تفصیل درج ذیل ہے:

| Sector | Financial year | Fresh (10% distt.share) | Revival of Unutilized fund | Total |
|---|---|---|---|---|
| Oil and gas Royalty | 2013-14 | 1321.410 | 271.746 | 1593.153 |
| : | 2014-15 | 1023.500 | 94.671 | 1118.171 |
| : | 2015-16 | 587.445 | 337.718 | 925.163 |
| : | 2016-17 | 549.350 | 111.482 | 660.841 |
| : | 2017-18 | 315.372 | 0.000 | 315.372 |
| | Total | 3797.086 | 815.617 | 4612.700 |

مزید برآں دس پرسنٹ آئل اینڈ گیس رائیلٹی کسی سینیٹر، ایم این اے، ایم پی اے اور این جی اوز کو جاری نہیں کی جاتی بلکہ صوبائی حکومت کی جاری کردہ مروجہ پالیسی کے تحت یہ فنڈز ڈپٹی کمشنرز کو متعلقہ اضلاع میں ترقیاتی کاموں کی تکمیل کیلئے جاری کئے جاتے ہیں جس کی منظوری ضلعی سطح پر ڈسٹرکٹ ڈیویلپمنٹ

کمیٹی دیتی ہے، لہذا دس پرسنٹ آئل اینڈ گیس رائیلٹی فنڈ کی سیکٹر وائز خرچ کئے جانے کی تفصیل متعلقہ ڈپٹی کمشنر آفس میں موجود ہے۔اس ضمن میں عرض کیا جاتا ہے کہ مالی سال2013-14ء اور 2014-15 ء کے دوران 1170.445 ملین روپے خوشحال خان خٹک یونیورسٹی کو جاری کئے گئے ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

| Financial year | Fund Released (Rs. In Million) |
|---|---|
| 2013-14 | 700.000 |
| 2014-15 | 470445 |
| Total | 1170445 |

جناب ظفر اعظم: شکریہ جناب، سب سے پہلے تو میں نئے آنے والے ممبر کو جمیعت علماء اسلام کی طرف سے مبارکباد پیش کرتا ہوں اور آپ کا شکریہ کہ آپ نے مجھے موقع دیا۔ میں فنانس ڈیپارٹمنٹ کے جواب سے مطمئن بھی ہوں اور بڑا کلیئر جواب دیا ہوا ہے لیکن جناب سپیکر صاحب! فنانس کے متعلق نہیں، میں فنانس منسٹر صاحب کے علم میں ایک بات لانا چاہتا ہوں کہ یہاں پر ہمیں جو ملے ہیں، 2013-14ء میں ہمارا شئیر بنتا ہے ایک ہزار 331 ملین اور ہمیں ملے ہیں 271 ملین، چونکہ اس کے متعلق بھی ہمارے فنانس منسٹر نے ہمارے ساتھ وعدہ کیا ہوا ہے فلور آف دی ہاؤس پر کہ ہم چیف منسٹر صاحب کے ساتھ بیٹھ کر جو پریویس آپ لوگوں کے بقایاجات ہیں اور اس کے متعلق کچھ نہ کچھ بنائیں گے اور قسط وار دیں گے، تو ہم راضی ہوئے ہیں اور آپ کا بھی شکریہ ادا کرتے ہیں کہ ایک دن پہلے ہمیں Stay کا آرڈر ملا تھا اور آپ ہی کی وجہ سے ہم نے Stay کے آرڈر اس ہاؤس کے سامنے نہیں رکھے ہیں۔ جناب سپیکر صاحب، یہ ایک بات میں آپ کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں کہ یہاں پر بڑے چرچے ہیں کہ ہم نے ایک نیا قانون بنایا ہوا ہے Access to Justice , Right to Information لیکن اس ڈپٹی کمشنر صاحب کو تقریباً تین سال سے ایک ایک، دو دو ہزار لوگ جلوس کی شکل میں آرہے ہیں کہ ہمیں جتنی رائلٹی ملی ہے، مجھے پتہ ہے کہ سینیٹر، ایم این اے، ایم پی اے اور وہ جو ہے ہمارے صوبے کے اختیارات میں نہیں ہیں لیکن ان کو بھی فنڈز ملے تھے، بونس فنڈز، وہ جو آئے ہیں، ضلع کرک کو جتنا بھی فنڈ آیا ہوا ہے، ہمیں اس کی تفصیل دیدیں

اور تفصیل کے ساتھ ساتھ یہ بتائیں کہ یہ اماؤنٹ خرچ کہاں ہوئی جو اربوں میں ہے؟ تو جناب، ڈپٹی کمشنر صاحب چونکہ وہ تو ابھی آفیسر نہیں ہے، اس کیلئے تو ڈپٹی کمشنر صاحب کے پاس اختیارات ہیں، تین ڈپٹی کمشنرز تبدیل ہوئے لیکن کسی نے ہمیں اپنے فنڈ کا، اپنی رائیلٹی کا نہ خرچ کا بتایا اور نہ یہ بتایا کہ کتنا پیسہ کس مد کو گیا اور کہاں خرچ ہوا؟ تو جناب والا، میں آپ کی وساطت سے اس ہاؤس کے سامنے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہمیں یہ Surety دی جائے کہ ہمیں 2013ء سے لیکر 2018ء تک جتنی بھی رائیلٹی اور بونس وغیرہ جو ایم این اے، ایم پی اے اور اس کے ہیں، ڈپٹی کمشنر ان کے ماتحت ہیں، وہ ہمیں یہ تفصیل دیدیں کہ یہ رقم کہاں اور کدھر خرچ ہوئی ہے؟ نمبر ایک، نمبر دو بات یہ ہے کہ اس صوبے میں فنانس منسٹر صاحب کے علم میں ہوگا کہ اس صوبے میں اور آپ کو بھی کہ اس صوبے میں کتنی یونیورسٹیاں بن چکی ہیں، ایک بنی ہے، دو بنی ہیں؟ میرے علم کے مطابق امیر حیدر خان ہوتی کے زمانے میں نو یورسٹیاں بن چکی تھیں۔۔۔۔۔

Mr. Khushdil Khan Advocate: Colleges sixty nine collages.

جناب ظفر اعظم: کالجز سے میرا کوئی کام نہیں ہے، نو یونیورسٹیاں بن چکی ہیں اور اتنے ہی کیمپس بن چکے ہیں، تقریباً کیمپس ان سے زیادہ بن چکے ہیں، مجھے آپ کی چیئر سے معلوم کرنا ہے کہ کتنی یونیورسٹیاں اس علاقے کی، اس ضلع کی یا منرل رائیلٹی یا ٹوبیکو سیس یا کسی اور مد میں کونسی یونیورسٹی چل رہی ہے یا گورنمنٹ چلا رہی ہے؟ صرف کرک واحد ضلع ہے کہ اس کے وائس چانسلر سے لیکر ایک ادنیٰ ملازم، کلاس فور تک، یہ تنخواہ ہماری رائیلٹی سے دی جارہی ہے، گورنمنٹ کی طرف سے ان کو کچھ بھی نہیں دیا جارہا ہے، یہ رائیلٹی کی طرف سے، اگر مجھے یہ بتایا جائے کہ کراچی جیسا انکم والا ضلع، اگر ان کی یونیورسٹیاں بھی ان کے اپنے ٹیکسوں سے چلتی ہوں تو ہمیں بھی منظور ہے لیکن یہ Discrimination کرک کے ساتھ کیوں ہو رہی ہے؟ جناب سپیکر صاحب! یہی زیادتیاں ہیں جنوبی اضلاع کے ساتھ کہ اس کی آواز، ان کیلئے آواز پہنچانا بڑا اور بھی مشکل ہے اور ادھر ہمارے ڈپٹی اپوزیشن لیڈر صاحب ہمیں کبھی کبھی ڈانٹتے بھی ہیں لیکن 'چاچو' نے، 'بابا' تو فوت ہوگئے لیکن چاچو، نیا چاچو بنا ہوا ہے، نیا چاچو میدان میں آ چکا ہے چاچو، منور خان نے جو جنوبی اضلاع کی بات کی تو یہ چنگاری تو سلگ رہی ہے اور یہ ایک دن آگ بن کر اٹھے

گی، اگر آپ لوگوں نے ہمارے ساتھ انصاف نہ کیا، ہم آپ سے مانگتے نہیں ہیں، یہ ہماری 2013ء سے لیکر 2018ء تک کی اے ڈی پی دیکھیں، اے ڈی پی میں ہمیں زکواۃ بھی نہیں دی گئی ہے کیونکہ یہ کہتے ہیں کہ آپ لوگوں کے پاس رائیلٹی کی اماؤنٹ ہے اور رائیلٹی کی وجہ سے ہم مجبوراً یہ اور حصوں میں، اے ڈی پی میں بھی ہمارا حصہ نہیں ہے، ہماری رائیلٹی کا یہ حال ہے کہ جو رائیلٹی بن جاتی ہے وہ یونیورسٹی کو چلی جاتی ہے، تو سر! میں کرک سے ہوں لیکن وزیر خزانہ کے حلقے کا بھی ہوں، رہائش میری حیات آباد میں ہے تو میں ان سے اپنے دونوں واسطوں سے اور آپ کی اس آنریبل چیئر کی وساطت سے اپیل کرتا ہوں کہ اس نے Promise کیا ہے کہ ہم وزیراعلیٰ سے بیٹھ کر اس کا مسئلہ حل کریں گے اور دوسری میں یہ اپیل کرتا ہوں کہ یہ ڈپٹی کمشنر کو اس چیئر سے رولنگ دینی چاہیے کہ ہمیں پوری معلومات دی جائیں اور تیسری ہماری جو گزارش ہے ان سے، وہ یہ ہے کہ یونیورسٹی کو گورنمنٹ لسٹ میں لایا جائے، ہمیں سیلف فنانس کا سبق ضلع کرک کو نہ پڑھوایا جائے کیونکہ یہ ہماری رائیلٹی ہمارے غریب عوام کی ہے، اگر آپ صوابی کو دیتے ہیں، اگر آپ دیر اور ملاکنڈ ڈویژن کی یا کوہاٹ ڈویژن کی یا نوشہرہ کی رائیلٹی سے یونیورسٹیاں چلاتے ہوں تو ہمیں منظور ہے۔

جناب سپیکر: تھینک یو، ظفر اعظم صاحب۔

جناب ظفر اعظم: اگر سب کو گورنمنٹ دے رہی ہو، گورنمنٹ چلا رہی ہے یونیورسٹیاں تو۔

جناب سپیکر: تھینک یو، ظفر اعظم صاحب، تھینک یو۔ میاں نثار گل صاحب، سپلیمنٹری۔

میاں نثار گل: سر! میرا سپلیمنٹری اس میں یہ ہے کہ ادھر Revival پہ اگر Un-utilized fund دیکھ لیں تو یہ پھر زیادہ ہو جاتا ہے، میرے خیال میں میں فنانس منسٹر کو تھوڑا بتا دوں کہ جو سرپلس ہو جاتے ہیں 30 جون کو، وہ ڈسٹرکٹ کا شیئر ہو تو پھر فنانس جب آ جاتا ہے، پھر اگلے سال میں اس کو ڈالا جاتا ہے۔ ہمیں جی دو نقصان ہوتے ہیں، ایک تو یہ ہوتا ہے کہ اس سال کا شیئر پچھلے سال جو گورنمنٹ نے خرچ نہیں کیا ہوتا، وہ اس میں جمع ہو جاتا ہے اور دوسرا میرا یہ سوال ہے کہ جس طرح ملک صاحب نے فرمایا کہ خوشحال خان خٹک یونیورسٹی کو یہ فنڈز جا رہے ہیں، میرا اس کے ساتھ ضمنی سوال یہ ہے کہ آیا

جوڈیشل کمپلیکس کرک میں کچھ شیئرز تو ایسے نہیں ہیں جو رائیلٹی فنڈ سے بن رہے ہوں؟اس میں تو کوئی ذکر نہیں ہے لیکن ہمیں اس کا جواب دیا جائے کہ خوشحال خان خٹک یونیورسٹی کو تقریباً1170 ملین روپے جائیں گے پانچ سالوں میں لیکن ساتھ ساتھ جوڈیشل کمپلیکس میں کتنے گئے،اس کا بھی بتایا جائے،اس لئے کہ یہ رائیلٹی فنڈ ہمارا ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ فنڈ ہے،اس کو دوسری مدوں میں خرچ کرنا اور ساتھ ساتھ جس طرح ملک صاحب نے فرمایا یونیورسٹی کیلئے، اپنا ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ، پراونشل گورنمنٹ دیتی ہے، صرف واحد خوشحال خان خٹک یونیورسٹی ہے جس کو ایک ارب سے زیادہ پیسے دیئے گئے ہیں اور اس کے علاوہ جوڈیشل کمپلیکس کا بھی تھوڑا پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس کا بھی بتایا جائے اور تیسری بات، فنانس منسٹر صاحب نے ادھر فلور آف دی ہاؤس وعدہ کیا تھا جب بجٹ اجلاس وائنڈ اپ ہو رہا تھا اور ساتھ ساتھ ہمارے آنریبل لاء منسٹر نے بھی وعدہ کیا ہوا تھا اور ساتھ ساتھ لوکل گورنمنٹ منسٹر نے بھی کیا ہوا تھا اور ساتھ ساتھ سر!آپ نے رولنگ دی تھی،آپ ہمارے لئے بڑے قابل احترام ہیں کہ آپ نے رولنگ دی تھی بجٹ میں کہ ان لوگوں کے ساتھ بیٹھا جائے اور ان کا مسئلہ حل کیا جائے۔ سر! تقریباً دس دن ہو گئے،مطلب ہم ریکویسٹ کرنا چاہتے ہیں، ہم ان کی میزوں پہ بھی گئے ہیں کہ ہمارے لئے ٹائم لے لیں، مل بیٹھ کے، جس طرح فنانس منسٹر نے کہا تھا کہ ہم ٹائم فریم رکھیں گے اور اس کے بعد آپ لوگوں کا مسئلہ حل کریں گے لیکن ہمیں کچھ پتہ نہ لگا۔ یہ ضمنی سوال میں دو، نمبر ون یہ کہ کب بیٹھنا چاہتے ہیں، نمبر دو، جوڈیشل کمپلیکس میں تو خرچ نہیں ہوئے؟ نمبر تین، خوشحال خان خٹک یونیورسٹی کو جو گئے ہوئے ہیں، نمبر چار، جو سرپلس 30 جون میں آ جاتے ہیں، وہ ہمارے اگلے سال کے یہ شیئر میں جمع کر لیتے ہیں، ہمیں نقصان ہو جاتا ہے۔ یہ ہمارے سوال ہیں، تھینک یو سر۔

<u>Mr. Speaker:</u> Minister Finance, to please respond.

<u>جناب تیمور سلیم خان(وزیر خزانہ)</u>: جناب سپیکر، میں کرک سے دونوں آنریبل ایم پی ایز کا شکریہ ادا کرتا ہوں، پہلے میں صرف ایک Clarification کروں گا تاکہ ان کو کلیئر ہو۔ جواب میں ٹیبل میں جو فنڈز دیئے گئے ہیں 4.6 ارب، یہ وہ فنڈز ہیں جو Actually pay out ہوئے ہیں، جس میں یہ Share, Share revival of unutilized funds دونوں شامل ہیں، جو بقایاجات ہیں جن

کا میں نے وعدہ کیا تھا کہ وہ ان شاء اللہ ہم ان پانچ سالوں میں جو ہے Deal کریں گے، وہ 3.97 ارب ہیں، وہ ان شاء اللہ ہم ان دو تین سالوں میں ایڈجسٹ کریں گے، یہ میرا وعدہ تھا اور اس پہ ان شاء اللہ ہم کام کریں گے، جیسا کہ اس کی شروعات اسی بات سے کہ اس سال جو ان کا Due fund ہے، وہ ان شاء اللہ ان کو One hundred percent ملے گا۔ جو انہوں نے دو تین ریکویسٹ اٹھائیں نمبر ون، Meeting with the Chief Minister، کرک کے ایم پی ایز کیلئے، وہ میں سی ایم سے Already ریکویسٹ کر چکا ہوں اور میں اپنے فنانس میں جو کولیگز بیٹھے ہیں، میں ان کو یہ ریکویسٹ کروں گا کہ وہ یہ نوٹ کریں اور کوشش کریں کہ اس ہفتے میں ان کی میٹنگ سی ایم سے کرادیں۔ نمبر دو، جو انہوں نے بات کی جو ان کو ڈسٹرکٹ لیول پہ انفارمیشن چاہیے، میں Again چیف سیکرٹری سے اور سی ایم صاحب سے ریکویسٹ کروں گا کہ وہ ڈسٹرکٹ کمشنر کو بتادیں کہ وہ Detailed working کر کے مجھے دے دیں، میں ان کے ساتھ وہ شیئر کرلوں گا۔ نمبر تین جو بات ہوئی، Equal treatment کی، بیشک اگر کوئی مسائل ہیں تو ان کی ڈیٹیل دیکھنی پڑے گی تو وہ بالکل جیسے صوابی Deal ہوتا ہے، جیسے ملاکنڈ Deal ہوتا ہے، وہ ان شاء اللہ ہم ایک Fair play جو ہے، سارے فنڈز پہ بنائیں گے اور سب اس کی ٹریٹمنٹ پہ بنائیں گے۔ جو ہماری پالیسی ہے، وہ یہ ہے کہ چاہے وہ آئل اینڈ گیس کا فنڈ ہو، چاہے وہ ٹوبیکو سیس ہو، چاہے وہ ہائیڈل کا فنڈ ہو، جس ضلعے کا جو شیئر بنے گا وہ ان شاء اللہ ہم ان پانچ سالوں میں دیں گے۔ باقی جو سوالات ہیں Around جوڈیشل کمپلیکس پہ اگر کوئی استعمال ہوئے ہیں یا نہیں، مجھے پتہ کرنا پڑے گا اور Again یہ ڈیپارٹمنٹ نوٹ کر رہا ہے، تو وہ دیکھ کر سامنے لے آئیں گے۔ اگر میرے خیال میں اس سے بڑے بڑے جو ہیں سارے سوالات ہوں، I think answer ہو جاتے ہیں اور اگر کوئی Minor details ہیں تو میں دونوں ایم پی اے صاحبان کے ساتھ بیٹھ کر ڈسکس کرنے کیلئے تیار ہوں۔

<u>جناب سپیکر:</u> جناب خوشدل خان صاحب، کوئسچن نمبر 44 ایگری کلچر ڈیپارٹمنٹ۔

* 44 _ <u>جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ:</u> کیا وزیر زراعت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ مالی سال 2017-18ء میں واٹر سپلائی اور واٹر سٹوریج کی ٹینکیوں کیلئے ان فارم واٹر مینیجمنٹ کیلئے رقم مختص کی گئی تھی؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو کتنی رقم استعمال کی گئی، کتنا کام کہاں کہاں پر کیا گیا، تفصیل بمعہ دستاویزات فراہم کی جائے، نیز حلقہ پی کے۔70 میں کتنا کام ہوا ہے، اس سکیم کے استعمال کیلئے کوئی قواعد وضوابط وطریقہ کار مقرر تھا، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محب اللہ خان (وزیر زراعت) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(ب) ضلع پشاور میں واٹر کورسز کیلئے مختص شدہ رقم مبلغ 25 لاکھ، 50 ہزار روپے جبکہ واٹر سٹوریج ٹینکیوں کیلئے مختص شدہ رقم مبلغ 98 لاکھ 10 ہزار روپے تھی، نیز تمام مختص شدہ رقم استعمال کی گئی، اس میں واٹر کورسز کی تعداد 44 اور واٹر سٹوریج ٹینکیوں کی تعداد 23 ہے، ان میں سے 20 واٹر کورسز اور 20 واٹر سٹوریج ٹینک موجودہ حلقہ پی کے۔70 اور پرانے پی کے۔10 میں بنائے گئے ہیں۔(جس کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)

(i) ہاں، اس کیلئے قواعد وضوابط اور طریقہ کار منظور شدہ پی سی ون میں موجود ہیں۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: تھینک یو، مسٹر سپیکر صاحب! پہلے تو میں آپ کے نوٹس میں ایک بات لانا چاہتا ہوں، میرے خیال میں صرف دو تین منسٹر تشریف فرما ہیں اور کیبینٹ کے ممبران نہیں ہیں، چاہیے تو یہ تھا کہ ہونے چاہئیں، اب یہ ان کی دلچسپی اور انٹرسٹ کی بات ہے۔

جناب سپیکر: جی، سات منسٹر یہاں پہ مجھے نظر آرہے ہیں، سات، آٹھ بیٹھے ہوئے ہیں، مشیر اگر اپنے ڈیپارٹمنٹ کا منسٹر ہے، They are collectively responsible، لاء منسٹر بیٹھے ہیں، فنانس منسٹر بیٹھے ہیں، ایجوکیشن منسٹر بیٹھے ہیں آئی ٹی منسٹر بیٹھے ہیں، منرل ڈیپارٹمنٹ کے بیٹھے ہیں، فوڈ منسٹر بیٹھے ہیں (شور / قطع کلامیاں) آپ منسٹر تو نہیں ہیں نا آپ ویسے بیٹھے ہوئے ہیں۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: جن کے سوالات ہیں، ان کو ہونا چاہیے تھا، وہ نہیں ہیں، ویسے بھی جب اسمبلی کا سیشن ہو، Sitting ہو تو اس میں ان کی حاضری لازمی ہوتی ہے، جب تک کوئی

ایسے Unavoidable circumstances نہ ہوں، ہونا چاہیے، مطلب ڈیکورم کی بات ہوتی ہے، اس ہاؤس کی عزت وتقدس کی بات ہوتی ہے۔ سر! یہ جو انہوں نے میرا سوال تھا، پہلا جو جواب دیا ہے، انہوں نے تو دیا ہے کیونکہ مالی سال 2017-18 میں واٹر کورسز اور پانی، تواس کی ٹینکیوں کیلئے، ان فارم واٹر مینیجمنٹ کیلئے رقم رکھی گئی ہے، جواب میں ہے "ہاں"، ابھی انہوں نے جو تقسیم کی ہے، جواب جو (ب) کا ہے، (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو کتنی رقم مختص کی گئی، کتنی رقم استعمال کی گئی، کتنا کام کہاں کہاں پر کیا گیا، تفصیل بمعہ دستاویزات فراہم کی جائے، نیز حلقہ پی کے۔70 میں کتنا کام ہوا ہے، اس سکیم کے استعمال کیلئے کوئی قواعد ضوابط، طریقہ کار مقرر تھا، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟ سر، انہوں نے جواب میں لکھا ہے، ضلع پشاور میں واٹر کورسز کیلئے مختص شدہ رقم جو ہے وہ 25 لاکھ 50 ہزار رکھی ہے، واٹر سٹوریج ٹینک کیلئے جو رقم لکھی گئی ہے، وہ 98 لاکھ 10 ہزار، ان دونوں کو اگر ہم Sum up کرلیں تو یہ ایک کروڑ 23 لاکھ 51 ہزار بنتی ہے، انہوں نے جو لسٹ شامل کی ہے، اب ان کے ساتھ سر! یہ لسٹ ملاحظہ فرمائیں Detail of Water Course, during the year 2017-18 Office of the District Director on Form Water Management.، اب دیکھیں اس میں تفصیل نہیں دی گئی، صرف یہ ایک پیراگراف میں یہ ایک مثال Name of schemes, 17 thousand on Warsak Gravity Canal, Ajmal Khan Urmar Payan.، اب ارمڑ پایان جو ہے یہ پی کے۔69 میں آتا ہے، پہلے اس کا گزشتہ جو حلقہ تھا، وہ پی کے۔11، اب اس سے کیا مراد ہے، Who is Ajmal اور کتنی رقم اس سکیم پر خرچ کی گئی ہے؟ ہم نے ان سے یہ تفصیل مانگی ہے کہ ہمیں ہر سکیم کی آپ رقم بتائیں کہ اس پر مطلب ہے دس ہزار خرچ ہوئے ہیں، اس پر پانچ ہزار روپے، اس پر مجھے کس طرح پتہ چلے گا کہ میرا یہاں اس علاقے میں کتنا؟ انہوں نے کوئی تفصیل اس میں نہیں دی جو کہ یہ Its means that the reply is not clear, it is dubious and it is not acceptable، یہ نہیں ہے کیونکہ مجھے پتہ چلے، اب اجمل کون ہے؟ اگر میں اپنے حلقے میں جارہا ہوں تو میں دیکھوں کہ آیا اس سے اجمل کا کام ہوا ہے یا مسٹر اے کا کام ہوا ہے، تو مجھے کہاں پر، کہ ان کا ایڈریس کیا ہے، ان کی لوکیشن کیا ہے؟ یہ سب ہونی چاہیے۔ دوسرا یہ کہ انہوں نے پی سی ون، ان کو پی سی ون کی کاپی

Provide کرنی چاہیے تاکہ مجھے پتہ چل سکے کہ اس میں کیا ڈیزائن کیا گیا ہے، اس میں کتنا ہے اور آیا ان لوگوں کو یہ جو Facilities دی گئی ہیں کیونکہ یہ واٹر کورسز اور یہ ٹینک جو ہوتے ہیں، These are for the purpose of irrigation، یہ آبپاشی کیلئے ہیں آبنوشی کیلئے نہیں ہیں، دیکھنا یہ ہے کہ آیا یہ ٹینک جو بنائے گئے ہیں، آیا انہوں نے آبنوشی کیلئے کئے ہیں یا آبپاشی کیلئے کئے ہیں؟ کیونکہ آبنوشی کا علیحدہ ڈیپارٹمنٹ ہے اور آبپاشی کا علیحدہ ڈیپارٹمنٹ ہے، واٹر مینیجمنٹ کا علیحدہ ڈیپارٹمنٹ ہے، تو اس میں یہ وضاحت نہیں کی گئی ہے، مجھے یہ لگ رہا ہے، مجھے یہ لگ رہا ہے کیونکہ میرا علاقہ ہے، میں پھر تا رہتا ہوں تو اس میں یہ انہوں نے پرسنل آدمیوں کو لگایا ہے اور For the purpose of آبنوشی، Water drinking کیلئے لگائے ہیں کیونکہ یہ علاقے جو ہیں سر! For example اب جو یہ شاہ جمیل آفریدی، ٹی ڈبلیو سی، درواز گئی تنی، درواز گئی تنی جب آپ درہ آدم خیل جائیں تو یہ تنی کے ساتھ ہے، وہاں پر سارے پہاڑ ہیں، کوئی زمین نہیں ہے، کوئی وہ نہیں ہے، تو اب دیکھنا یہ ہے کہ کہاں پر؟ تو میرا یہ خیال ہے کہ ان کا جو جواب ہے یہ کلیئر نہیں ہے، انہوں نے کوئی وضاحت نہیں دی، بہر حال یہ ریکویسٹ ہے چیئر سے کہ اس پر کوئی کمیٹی بنائی جائے تاکہ ہم اس کو Thrash out کر لیں کہ Whether the amount, as assigned to them, properly utilized at proper place of the work or not? This is my request Sir.

<u>جناب سپیکر:</u> نگہت اورکزئی صاحبہ، سپلیمنٹری۔

<u>محترمہ نگہت اورکزئی:</u> تھینک یو جناب سپیکر، جو کچھ میرے آنریبل ایم پی اے نے بات کی ہے، جناب سپیکر صاحب! یہاں پہ آپ کو کچھ Measurements لینا پڑیں گے اور وہ یہ ہوں گے کہ چونکہ آپ کسٹوڈین آف دی ہاؤس ہیں، یہاں پہ منسٹر صاحبان، چونکہ ہماری بیوروکریسی یہ سمجھتی ہے کہ ہمارے منسٹر صاحبان جو ہیں وہ نئے ہیں اور ان کے پاس کوئی تجربہ نہیں ہوگا تو جناب سپیکر! آپ یہاں سے رولنگ دیں کہ ان کو صحیح طریقے سے، اب جیسے وہ کہہ رہے ہیں کہ ان کے پاس لسٹ نہیں ہے، پی سی ون نہیں ہے یا جو بھی غیر متعلقہ لوگوں کو جو چیزیں دی گئی ہیں، تو اس کے بارے میں جب تک یہ لوگ بتائیں گے نہیں کہ یہ اجمل خان کون ہے، فلاں کون ہے، دوسرا کون ہے، تو کیسے آنریبل ایم پی ایز اس کو مطلب وہ کریں گے کہ

یہ بندہ صحیح بندہ ہے، یہ بندہ Related بندہ ہے یا کسی کو Obliged کرنے کیلئے یہ تمام سکیمیں جو ہیں وہ دے چکے ہیں؟ اب چونکہ یہاں پر ہمارے ایم پی ایز صاحبان نئے آئے ہیں تو ان کو ظاہر ہے یہ مشکل پیش آرہی ہے، تو یہ بیوروکریسی کو آپ نے رولنگ دینی ہے کہ وہ تمام جوابات منسٹر صاحبان کو صحیح طریقے سے دیں تاکہ ہاؤس میں یہ بار بار اٹھنا کہ یہ ایسا ہے تاکہ مفصل جواب ایک چیز کا آجائے تو یہ بہتر رہے گا۔ تھینک یو، جناب سپیکر۔

<u>جناب سپیکر:</u> میرے خیال میں ڈیپارٹمنٹس سارے Present ہو رہے ہیں اور سیکرٹری صاحب کو میں ہدایت کرتا ہوں کہ جو بھی اجلاس ہو On daily basis attendance دیکھیں، اگر کسی بھی ڈیپارٹمنٹ کا ایڈیشنل سیکرٹری سے کم آفیسر آتا ہے، On daily bases, he may send report to the Chief Secretary اور جو منسٹر صاحب ہاؤس کے اندر نہ آئے، During the Session، یا تو وہ ہمیں Application میں اپنا Reason بتائیں کہ کیا Important reason ہے؟ تو ٹھیک ہے اور اگر نہیں ہے تو I will send the report to Imran Khan Sahib, for any Member، جو نہیں آئے گا، (تالیاں) یہ انہوں نے خود مجھ سے کہا ہے کہ کوئی بھی ممبر اگر، مطلب Attendance کی بات ہوئی ہے، Attendance میں منسٹرز بھی آجاتے ہیں، تو جو بھی Daily attendance ہے وہ آپ عمران خان صاحب کو Daily basis پر Send کر دیا کریں، اب آج تو Possible نہیں ہے لیکن آئندہ کیلئے جو بھی سیشن ہو گا اس کیلئے آپ ان کو Convey کر دیں۔ جی جناب بابک صاحب، سپلیمنٹری۔

<u>جناب سردار حسین:</u> وہ میرا سپلیمنٹری تو نہیں ہے لیکن میں ضرور آپ کی چیئر کی وساطت سے ریکویسٹ کروں گا۔ زه به ریکویسټ کوم وزیرانو صاحبانو ته چې ظاهره خبره ده چې دا مونږ ټول حکومت یا اپوزیشن څه د ومره معنیٰ نه وی خو د هر سوال جواب چې دے ، جناب سپیکر! یا هغه نیمګړے دے یا هغه غلط دے ، په مکمل توګه زما دا خیال دے چې دا ډیپارټمنټ له پکار دی او همیشه ډیپارټمنټس هم دغه شان کوی چې یا نیمګړی جوابونه ورکوی یا غلط جوابونه ورکوی، زما به دا ریکویسټ

وی چې څنګه تاسو رولنګ هم ورکړو چې وزیران صاحبان خپله حاضری هم یقینی کړی او وزیران صاحبان تیاری کوی ځکه چې دلته بیا ریکویسټ اوشی او یا مونږه خپل سوال هم واپس واخلو خو زما دا خیال دے چې دا د صوبې مفادو کښې هم نه ده او د هاؤس مفادو کښې هم نه ده چې د سوال جواب یا غلط وی او یا نیمګړے وی، زما به دا ریکویسټ وی ستاسو په وساطت سره چې وزیران صاحبان دې خپله حاضری هم یقینی کړی او تیاریٔ سره دې راځی ځکه چې دا بیا وړومبئ ورځ ده، مونږه وئیل چې څه لږ Relaxation به ورسره اوکړو بیا هم زمونږه ورونړه دی، ان شاءالله دومره سختی به مونږ نه کوؤ خو چې د تیاریٔ سره راځی۔ مهربانی۔

<u>جناب سپیکر:</u> عنایت اللہ صاحب، سپلمنٹری۔

<u>جناب عنایت اللہ:</u> اس پر آپ نے ویسے بھی رولنگ دی ہے اور اس رولنگ کے بعد، آپ نے جس Aspect پر رولنگ دی ہے وہ تو بڑی Important ہے لیکن ہم ایک دوسرا Aspect اجاگر کرانا چاہتے ہیں، میرا اپنا تجربہ As a Minister یہ رہا ہے کہ یہ سوالات جب اسمبلی سے آتے ہیں تو وہ اگر سوالات دیر کے حوالے سے ہوں تو وہ دیر کے متعلقہ محکمہ کو ریفر کر دیئے جاتے ہیں، وہ بڑے نچلے لیول سے اس کا جواب آ جاتا ہے، اس کی Understanding ایسی نہیں ہوتی ہے کہ وہ سوال کی Spirit کو Grasp کرے اس کی وجہ سے وہ جواب جب آپ کے ڈیپارٹمنٹ کے اندر آ جاتے ہیں تو ڈیپارٹمنٹ میں آپ کا سیکشن آفیسر ان کو Examine کرتا ہے اور اسی کے لیول پر وہ فائنل ہوتا ہے۔ سیکرٹری صاحب کے پاس جب وہ آ جاتا ہے تو سیکرٹری صاحب صرف اس کو وہ 'Seen' وہ صرف 'Seen' کرتا ہے، یعنی اگر آپ حکومتوں کے اندر رہے ہوں تو 'Seen' اور 'File' یہ دو الفاظ حکومتوں کے اندر بڑے مشہور ہوتے ہیں، ایسے ہی بس Forward کرتے ہیں پھر منسٹرز کو اور اگر منسٹر اس کو خود Thoroughly نہ دیکھیں تو اس میں بہت زیادہ غلطیاں ہوتی ہیں، میں نے خود As a Minister یہ بات بہت زیادہ موقعوں پر دیکھی کہ سوال کا جواب Incomplete آیا ہوتا ہے اور پھر منسٹر

ادھر بہت زیادہ Embarrass ہوتا ہے، اگر یہ ممبران Thoroughly اس سوال کے جواب کو دیکھیں تو اس میں ہمیشہ سے 'ان کمپلیٹ' جوابات ہوتے ہیں تو یہ Ensure کرائیں کہ یہ جو پراسیس ہے یہ بڑی ذمہ داری سے چلے، سیکرٹری خود اس پراسیس کو سپروائز کرے اور Finally منسٹر کے پاس جب Final approval کیلئے سوال آ جائے تو اسمبلی تب سوال بھیجے، جب منسٹر اس کو Approve کرے، فائل کے ذریعے منسٹر اس کو Approve کرے اور منسٹر خود مطمئن ہو کہ اس سوال کا جواب ٹھیک آیا ہے تو تبھی پھر اس سوال کو پھر اسمبلی بھیجیں۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ان ڈیپارٹمنٹس کا کیا بنے گا کہ جن کے ابھی تک منسٹرز نہیں ہیں، چیف منسٹر ان کا انچارج ہے، تو میرا خیال ہے کہ یہ حکومتی نظام کے اندر اس بزنس کو Distribute کریں، جو آپ کے پاس پارلیمنٹری سیکرٹریز ہیں، جو آپ کے پاس ایڈوائزرز ہیں، آپ کے پاس Available Ministers ہیں، جب تک آپ کا نیا منسٹر نہیں بنتا ہے، جتنے آپ کے ڈیپارٹمنٹس چیف منسٹر کے پاس ہیں، ان کو Distribute کریں تو تبھی اس اسمبلی کے اندر کوئی Meaningful dialogue ہوگا اور ڈیبیٹ ہوگی اور حکومتی ادارے Accountable ہوں گے اور جو حکومت کا Main slogan ہے کہ گورننس کو ہم Improve کرنا چاہتے ہیں تو وہ گورننس Improve ہوگی۔ تھینک یو۔

<u>جناب سپیکر</u>: بالکل، میں Agree کرتا ہوں اور اصل میں ہاؤس کے اندر یہ منسٹر کی Responsibility ہوتی ہے، میں جب خود منسٹر تھا تو میں یوں کرتا تھا کہ جب میرے پاس جواب آتا تھا تو میں اس کو اس نظر سے دیکھتا تھا کہ اس پر سپلیمنٹری کیا کیا آ سکتے ہیں؟ اور مجھے کس کس چیز میں اپنے آپ کو Update کرنا چاہیے اور کیا یہ جو جواب نیچے سے اوپر آیا ہے، یہ جو ممبر ہے، اس کی Need کو پورا کر رہا ہے؟ نہیں ہوتا تو میں اس کو واپس بھیج دیتا تھا کہ بھئی یہ ایک دو دفعہ آپ واپس بھیج دیں، آپ کو Correct answers آنا شروع ہو جائیں گے، وہ سمجھ جائیں گے، تھوڑا سا آپ سرزنش کر دیں اپنے ڈیپارٹمنٹ کی اور اپنے ایس او کی یا جو بھی آپ کے پاس لیکر آتا ہے کہ بھئی آئندہ غلط Answer میرے پاس لیکر نہیں آنا، So یہ ذمہ داری آپ نے Shoulder کرنی ہے، منسٹر صاحبان

Be strict with your لہذا اس معاملے میں Through your department, نے department because this is the august House، اور یہاں پر اگر ایک اتنے عرصے بعد جواب آتا ہے اور وہ بھی غلط آئے تو بالکل Acceptable نہیں ہونا چاہیے آپ کیلئے، منسٹر صاحبان کیلئے۔ لاء منسٹر صاحب۔

<u>جناب سلطان محمد خان (وزیر قانون)</u>: شکریہ جناب سپیکر، ایک تو میں یہی اس بات کو Re affirm کرتے ہوئے کہ چونکہ یہاں پر منسٹرز موجود ہیں اس ہاؤس میں، تو آئین میں بھی ہے اور ہمارے رولز آف بزنس میں بھی ہے، اسمبلی کے جو رولز آف بزنس ہیں کہ The cabinet is collectively responsible، تو یہاں پر اگر کوئی بھی منسٹر جواب دے رہا ہے تو ذمہ داری کے ساتھ دے رہا ہے، میں یقین دہانی کروانا چاہتا ہوں، بلکہ میں تو دیکھ رہا ہوں کہ جتنے بھی سوالات آئے ہیں تو اگر فنانس منسٹر نے جواب دیا ہے تو بھی پوری ڈیٹیل میں دیا ہے، اگر میرے ذمہ، چونکہ آج ایگریکلچر منسٹر موجود نہیں ہیں تو میرے ذمہ اگر یہ دو سوال آئے ہیں، وہ بھی، پہلے سوال میں پوری ڈیٹیل میں ہم گئے ہیں، اگر زکواۃ و عشر کی طرف سے آیا ہے تو وہ بھی میرے ذمہ تھا، وہ بھی ہم نے ڈیٹیل سے، وہ مطمئن لگ رہے ہیں جناب سپیکر! لیکن Obviously میں Agree کرتا ہوں کہ یہ ہاؤس جو ہے اس میں ممبرز کا یہ استحقاق ہے کہ پوری طرح سے جوابات آئیں، جناب سپیکر! اس میں تھوڑا سا عنایت اللہ صاحب نے جو کہا ہے کہ بالکل یہ Low level سے آتے ہیں لیکن They come through the department and through the Secretary، تو اس میں کم از کم آپ نے رولنگ بھی دے دی ہے، آپ نے ڈائریکشنز بھی دے دیئے ہیں کہ سیکرٹری صاحبان جو ہیں، میں اپوزیشن کی اس بات کو سپورٹ کرتا ہوں کہ جو ڈیپارٹمنٹ کے سیکرٹریز ہیں، وہ صرف یہ نہ کریں کہ وہ صرف 'Seen' کر کے اس کو آگے بھیج دیں، They should look, at it and they should substantively check کہ اس کے اندر کیا ہے؟ کیونکہ Ultimate ذمہ داری ایوان کے اندر منسٹر کی ہے اور ایوان کے باہر سیکرٹری کی ہے تو اس کو بالکل Ensure کیا جائے، یہ میں Agree کرتا ہوں اپوزیشن کے ممبرز سے۔ سر!

جواب دے دیتا ہوں جو سوال نمبر 44 ہے، لیکن یہ عمران خان صاحب سے اگر سفارش کر رہے ہیں کہ جو منسٹرز نہیں آرہے ہیں تو اس کے ساتھ یہ پھر ہمارا بھی ہے کہ جو آرہے ہیں، ہم جو پرفارم کر رہے ہیں تو On a lighter note کم از کم ہمارا بھی پھر کہہ دیں کہ وہ کام کر رہے ہیں، چیف منسٹر صاحب سے بھی کہہ دیں اور عمران خان صاحب سے بھی کہہ دیجئے.On a lighter note Sir، یہ ادھر خوشدل خان صاحب نے جو بات اٹھائی، جو کوئسچن اٹھایا ہے، یہ پھر میں کہہ رہا ہوں کہ بڑا Pertinent ہے اور اس میں جو فنڈز Allocate ہوئے ہیں 2017-18ء کے Financial year میں On Form Water Management Department کیلئے Water courses کیلئے اور Water storage tanks کیلئے، تو اس کے بارے میں انہوں نے کہا ہے تو ڈیپارٹمنٹ نے جواب دیا ہے کہ ہاں یہ Funds allocate ہوئے ہیں، تو پہلے سوال کا پہلا حصہ جو ہے وہ تو میرے خیال میں آنریبل مطمئن ہوں گے۔ دوسرا جو حصہ ہے، اس میں پھر یہ ڈیٹیل مانگی گئی ہے تو جناب سپیکر! انہوں نے پوچھا ہے کہ How much amount was allocated? تو جواب آیا ہے کہ Allocated funds for water courses in District Peshawar were rupees 25.5 million، پھر ہے کہ How much has been used? تو انہوں نے ڈسٹرکٹ پشاور کیلئے کہا ہے اور پھر واٹر کورسز کیلئے سٹوریج ٹینکس کیلئے کہا ہے Rupees 9.8 million، تو یہ ڈیٹیل بھی آگئی ہے جناب سپیکر، تیسری بات یہ ہے کہ How much has been used? تو وہ تیسرے جواب میں کہا گیا ہے کہ fund has been utilized The entir تو یہ جواب بھی آگیا ہے۔ اس کے بعد جناب سپیکر! How much work has been carried out and where has it been carried out, the detail along-with the documents may be provided;.further more, how much work has been carried out in PK-70? Were any rules regulations and procedure laid down for this scheme? The detail may be provided. جناب سپیکر! جو آنریبل ممبر وضاحت چاہتے ہیں تو سوال کا جو یہ آخر حصہ ہے، اس کے بارے میں کچھ وضاحتیں وہ مانگ رہے ہیں تو اس میں جناب سپیکر! ایک ڈیٹیل لسٹ آگئی ہے، واٹر کورسز کے بارے میں بھی آگئی ہے ڈسٹرکٹ پشاور کی، اس کے بعد Detail of water

courses، پھر اس کے بعد Water Storage Tanks کی بھی ساری ڈیٹیلز آ گئی ہیں جناب سپیکر! اس میں تھوڑی بہت میں وضاحت دینا چاہ رہا ہوں کہ یہ جو On Form Water Management ہے، چونکہ انہوں نے بہت Purtinentnt، میرا بھی تعلق چونکہ ایک زمیندار گھرانے سے ہے تو مجھے بھی تھوڑا بہت First hand knowledge بھی ہے کہ ایریگیشن اور یہ واٹر مینیجمنٹ کا آپس میں کیا تعلق ہے؟ تو جناب سپیکر! اس میں تو میں یہ یقین دہانی کرانا چاہتا ہوں کہ اس طرح کی کوئی بھی بات نہیں ہے کہ یہ Overlap ہوئے ہیں کیونکہ جو ایریگیشن ڈیپارٹمنٹ ہے That is up till the level of، جو نہریں ہوتی ہیں جو Minors ہوتی ہیں، اس کے لیول تک ایریگیشن ڈیپارٹمنٹ ہوتا ہے، اس کے بعد جو وہاں سے یہ Water course آتا ہے تو یہ ہو جاتا ہے پھر واٹر مینجمنٹ ڈپارٹمنٹ، ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ، دوسرا جناب سپیکر! یہ جو واٹر کورسز بنتے ہیں، یہ جو کام ہوتے ہیں تو اس میں Eighty to Twenty percent ratio کے ساتھ ہوتے ہیں، یعنی Twenty percent اس میں Contribution جو ہے وہ Farmer کا یعنی زمیندار کی ہوتی ہے اور Eighty percent contribution جو ہوتی ہے وہ گورنمنٹ کی، تو یہ دونوں Eighty twenty percent contribution سے یہ کام ہوتا ہے۔ تیسرا جناب سپیکر! یہ کام کس طرح ہوتے ہیں، مطلب اس کا Criteria کیا ہوتا ہے؟ جناب سپیکر! اس کیلئے Water User Associations ہوتی ہیں اور اس کے علاوہ Farmer groups ہوتے ہیں، تو یہ لوگ جب جاتے ہیں اور اس میں زیادہ تر جو ہے First Come First Serves کی Basis پر جو ڈیپارٹمنٹ نے مجھے بتایا ہے کہ اس طریقے سے ہوتا ہے تو یہ اس کا Criteria ہے جناب سپیکر! یہ Amount of individual schemes جو ہے کہ اس پر کتنا خرچہ ہوا ہے؟ انہوں نے ایک Issue raise کیا ہے، اس کے بارے میں، تو چونکہ اس میں یہ بھی دیکھنا پڑے گا کہ Twenty percent تو اس میں زمیندار Contribute کرتا ہے Eighty percent جو ہے وہ گورنمنٹ Contribute کرتی ہے تو اس Aspect کو بھی دیکھنا پڑے گا اور جو انہوں نے Detail addresses مانگے ہیں تو یہ دونوں ایشوز I take his point، اس پر میں ان

کے ساتھ Agree کرتا ہوں اور چونکہ جناب سپیکر! یہ تو بہت زیادہ Pertinant ہے، یہ سپلیمنٹری میں بھی اگر آ جائے لیکن میرے خیال میں کچھ چیزیں، ڈیٹیلز ایسی ہوتی ہیں کہ ان کیلئے اگر الگ کوئسچن لایا جائے اسمبلی میں، اگرچہ اس میں ڈیٹیلز بہت زیادہ ہیں لیکن اس پر میں خوشدل خان صاحب کے ساتھ Agree کرتا ہوں کہ اس میں جو ڈیٹیلز مانگی گئی ہیں Individual schemes پر کتنا خرچہ آیا ہے؟ اور پھر یہ ایڈریس اور یہ پی سی ون جو ہے، پی سی ون جو ہے اس کی ڈیٹیلز، کہ پی سی ون ہمیں بتایا جائے کہ اس میں کیا ہے؟ تو میری استدعا جناب سپیکر! یہی ہو گی کہ تفصیلی جواب تو آ گیا ہے، آخر میں یہ ڈیٹیلز رہ گئی ہیں تو جس طرح انہوں نے Suggest کیا ہے تو کمیٹی کی جگہ، وہ کمیٹی مانگ بھی نہیں رہے ہیں، میرے خیال میں وہ یہی کہہ رہے ہیں کہ اس میں بھی تھوڑی اور ڈیٹیلز سامنے آ جائیں، تو سر! اگر آپ اس میں رولنگ دیدیں کہ نیکسٹ سیشن جب بھی ہوا تو پہلے ہی دن اس کی ساری ڈیٹیلز، پی سی ون، ایڈریس آ جائیں، لوکیشن آ جائے اور تیسرا جو یہ Individual schemes پر کتنا خرچہ ہوا ہے، یہ تینوں چیزیں آ جائیں تو میرے خیال میں جناب سپیکر! اگر پھر آنریبل ممبر صاحب مطمئن نہ ہوں تو Then we will support him towards the Committee، پھر کمیٹی کی طرف ہم جائیں گے۔

<u>جناب سپیکر</u>: آپ ایسا کریں کہ یہ انفارمیشن اسمبلی سیکریٹریٹ کو Provide کر دیں Within a short span of time، دو دن لے لیں، چار دن لے لیں اور ہم ان کو Provide کر دیں گے تاکہ اس کے بعد وہ جو چیز کرنا چاہیں تو ان کو Sufficient time مل سکتا ہے، ٹھیک ہے؟

<u>وزیر قانون</u>: ٹھیک ہے۔

<u>جناب سپیکر</u>: تھینک یو، ماشاءاللہ بڑے تیار ہو کے آپ آتے ہیں، Very excellent آپ کو یہ لاء منسٹر اپنا اکبر ایوب صاحب (تالیاں) جو بات یہاں پہ ہوئی، وہ اس سیشن کیلئے نہیں ہوئی، اپوزیشن کا پوائنٹ آؤٹ کرنے کا مقصد یہ تھا کہ منسٹروں کو یہاں پہ آنا چاہیے کہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر بھی آ سکتا ہے، کوئی اور بات بھی آ سکتی ہے But منسٹر کی اپنی مصروفیات بھی ہوتی ہیں، میٹنگز بھی ہوتی ہیں اور بالکل Cabinet is collectively its responsible لیکن بغیر اس کے Absent نہیں ہونا

چاہیے کسی میٹنگ سے، جو میں نے بات کی وہ یہ کہ آئندہ جو بھی سیشن ہوں گے، اس میں جو Attendance record ہم سے مانگا گیا ہے، وہ سب ممبرز کو چلا جائے گا Along-with all the Ministers on daily basis، تو Please take care اور اگر آپ کے پاس جواز ہے تو ہمیں بھیجیں، ہم وہ جواز بھیج دیں گے کہ اس منسٹر کی میٹنگ تھی یا اس ممبر کا یہ ایشو تھا۔

## اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: Leave applications: جناب اشتیاق ارمڑ صاحب، منسٹر انوائرنمنٹ، دس دن، یہ شاید باہر ہیں لیکن بہر حال، عنایت اللہ، آپ تو آ گئے، جناب محمود احمد خان، ایم پی اے آج کیلئے، محمد نعیم خان، ایم پی اے، آج کیلئے، محترمہ ستارہ آفرین صاحبہ آج کیلئے، محترمہ آسیہ صالح خٹک صاحبہ آج کیلئے، سردار محمد یوسف صاحب آج کیلئے، محمد ابراہیم خٹک صاحب آج کیلئے، لیاقت خان، ایم پی اے آج کیلئے، منور خان ایڈوکیٹ صاحب آج کیلئے، اچھا محمد ابراہیم خٹک Present تھے، لیاقت خان کیلئے انہوں نے بتایا تھا، صرف لیاقت خان کا وہ ہے اور مفتی عبیدالرحمان صاحب، ایم پی اے آج کیلئے۔

Is it the desire of the House that leave may be granted?

Members: Yes.

Mr. Speaker: The leave is granted.

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: ایک سیکنڈ، جی جی، خوشدل خان صاحب۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: تھینک یو، مسٹر سپیکر! اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اسمبلی بھی وجود میں آ گئی، حلف وفاداری اور سب کچھ ہو گیا، بجٹ بھی منظور ہو چکا ہے، اب جو Important business ہے اور جو اسمبلی کا ایک حصہ ہے، وہ Constitution of different committees، اب اگر ہم Rule 154 پر جائیں تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ جو کمیٹی کے ممبران ہیں وہ الیکشن کے تھرو اسمبلی آئیں گے تو That will take time، اور اس کیلئے اسی رولز میں ایک Special provision رکھی گئی ہے، That is rule 93، جس میں اگر ہاؤس یہ چاہے تو وہ سپیکر کو Empower کر سکتا ہے کہ وہ اپنی

صوابدید کے مطابق Fair manner میں کمیٹیاں بنا سکتا ہے، تو اگر ہاؤس سے آپ ہمیں اجازت دے دیں کہ اگر ہم ہاؤس سے پوچھ لیں کیونکہ اگر ہم 154 پر جاتے ہیں تو That will take time اور پھر کنفوژن بھی ہو گی کہ کون آئے گا؟ It,s very difficult procedure اس میں Provision ہے، تو میں یہ ریکویسٹ کرتا ہوں کہ اگر آپ اجازت دیں تو ہم ہاؤس سے پوچھ لیتے کیونکہ کمیٹیاں بننے سے، کیونکہ اب کوئسچن کا معاملہ شروع ہو گیا، اب یہ جو ایڈجرنمنٹ موشنز، تو Automatically اگر ایک ممبر یہ چاہے کہ میرا یہ کوئسچن یا یہ اسمبلی کی کمیٹی کو ریفر کیا جائے تو وہاں پر جب کمیٹی وجود میں نہ ہو، تو پھر اگر آپ اجازت دے دیتے ہیں تو میں ہاؤس سے پوچھ لیتا ہوں Under rule 193 جی۔

<u>جناب سپیکر</u>: Allowed، جی اجازت ہے۔

## قاعدہ کا معطل کیا جانا

<u>جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ</u>: تھینک یو، میں اس ہاؤس کے سامنے جناب سپیکر صاحب! گزارش ہے کہ قاعدہ 124 کو 240 کے تحت معطل کر کے مجھے صوبائی اسمبلی کی جملہ کمیٹیوں کی تشکیل اور ان کے چیئرمینوں کے تقرر کیلئے قرارداد پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

<u>جناب سپیکر</u>: Rule 124 کو سسپنڈ کرنے کی اجازت دیتا ہوں۔

## قرارداد

<u>جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ</u>: تھینک یو سر، یہ اسمبلی اتفاق رائے کے ساتھ صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا کے قواعد و ضوابط، طریقہ کار 1988 کے قاعدہ 193 کے مطابق محترم سپیکر صاحب کو یہ اختیار دیتی ہے کہ وہ انتخاب کئے بغیر مناسب انداز میں صوبائی اسمبلی کی جملہ سٹینڈنگ کمیٹیوں کی تشکیل اور ان کے چیئرمینوں کی تقرری کریں۔

<u>Mr. Speaker</u>: Is it the desire of the House to pass this motion? Those who are in favor of it may say' Yes' and those who are against it may say' No'.

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker:</u> The 'Ayes' have it. The motion is passed.

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: پوائنٹ آف آرڈر، جناب سپیکر!

جناب سپیکر: پوائنٹ آف آرڈر، نگہت اورکزئی صاحبہ! قانون کی کونسی خلاف ورزی ہوئی ہے، ذرا آپ بتادیں؟

## رسمی کارروائی

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سر! میری یہ میڈیا کے ساتھ ایک Related بات ہے کہ ہمارے جو میڈیا کے فوٹو جرنلسٹ، سینیئر فوٹو جرنلسٹ عامر صاحب، عامر علی شاہ کے والد کی Death ہوئی ہے تو اس کیلئے ایک افسوس کا اظہار کرنا تھا اور دوسری بات یہ ہے جناب سپیکر! کہ مورخہ 24 کی رات سے لیکر آج تک سوشل میڈیا پہ، اخبارات میں اور فیس بک پہ ایک ایشو چلا آ رہا ہے جس کے بارے میں میں پوائنٹ آف آرڈر پہ، میں نے کال اٹنشن بھی جمع کروایا تھا لیکن میں چاہتی ہوں کہ میں پوائنٹ آف آرڈر پہ بات کروں کہ اسرائیل کا طیارہ پاکستان کی حدود میں داخل ہوا، دس گھنٹے تک یہاں پر رہا اور پھر اس کے بعد یہاں سے گیا اور اس کے باقاعدہ طور پر پروگرام بھی ہوئے ہیں، مطلب ہے مختلف چینلز پہ اس کو نقشہ جات کے ذریعے بتایا بھی گیا کہ یہ عمان سے اڑا اور پھر اس کے بعد پاکستان میں لینڈ کیا اور دس گھنٹے تک یہاں پر رہا، جناب سپیکر صاحب! ایک تو بات یہ ہے کہ اسرائیل جو کہ ایک ایسا ملک ہے کہ جو ہمارے پاسپورٹ پہ بھی اس میں لکھا ہوا ہے کہ یہ پاسپورٹ اسرائیل کیلئے نہیں ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: Invalid ہے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: دوسری بات یہ ہے کہ جناب سپیکر صاحب! فلسطینوں کے ساتھ جو مظالم اور جو کچھ ہو رہا ہے، ہمارے قبلہ اول کے ساتھ یہ لوگ جو کچھ کر رہے ہیں جناب سپیکر صاحب! تو میں سمجھتی ہوں کہ گورنمنٹ مجھے اس پہ جواب دے گی، حالانکہ یہ نیشنل اسمبلی کا ایشو ہے، یہ سینٹ کا ایشو ہے لیکن ظاہر ہے کہ ہم سب مسلمان ہیں اور ہم سب لوگوں کے جذبات وہی ہیں جو کہ ایک مسلمان کے ہونے چاہئیں اور ہمیں اس پہ تشویش ہے کہ اگر ایسا کچھ ہوا ہے تو وہ قوم کے سامنے لایا جائے اور اگر ایسا نہیں ہوا تو قوم کے سامنے یہ بھی بات رکھی جائے کہ ایسا نہیں ہو سکتا کیونکہ وہی اسرائیل کا پریزیڈنٹ جب عمان جاتا

ہے اور عمان سے ملتا ہے، پرائم منسٹر سے جب ملتا ہے تو عمان اس کو تسلیم کرنے کیلئے تیار ہو جاتا ہے اور وہ میرا خیال ہے اس بات کی تیاریوں میں ہے کہ عمان جو ہے اس کو تسلیم کرلے گا لیکن جناب سپیکر! پاکستان عمان سے بالکل مختلف ملک ہے، یہاں پہ فلسطینیوں کے بارے میں، یہاں پہ جو اسرائیل کا ایجنڈا ہے، یہاں پہ اسرائیل، تمام جو ہمارے مسلم ممالک ہیں، ان کے ساتھ جو کچھ کر رہا ہے جناب سپیکر صاحب! یہاں پہ اگر ایسا کچھ ہوا، تسلیم کرنے کی بات ہوئی یا مذاکرات کرنے کی بات ہوئی، کیونکہ سارے فساد کی جڑ اسرائیل ہے اور ہم سمجھتے ہیں کہ اسرائیل کے ساتھ کوئی بھی سفارتی، کسی قسم کا سفارتی تعلق نہ رکھا جائے کیونکہ میں ایک بات Quote کرنا چاہوں گی کیونکہ میں نے صرف آپ کے نوٹس میں لانا تھا کہ جب اسلامک کانفرنس ہو رہی تھی 1974ء میں مسلم ممالک کی تو پاکستان کے پرائم منسٹر ذوالفقار علی بھٹو صاحب کو جب پتہ چلا کہ ایک مسلم ملک کے طیارے میں ایک یہودی ہے تو انہوں نے وہ طیارہ ہی واپس کر دیا تو جناب سپیکر صاحب! یہاں تک ہم جاتے ہیں کہ ہم اس طیارے کو واپس بھیج دیتے ہیں تو مسلمانوں کے جذبات اور خاص طور پر پاکستانیوں کے جذبات کی اور مسلمانوں کے جذبات کی قدر کرتے ہوئے آپ نیشنل اسمبلی میں بھی اس کو، ظاہر ہے آپ کے توسط سے بات کرنا چاہوں گی کہ وہ بھی اس چیز کی Clarity دیں گے، سینٹ میں بھی دیں گے اور اس ہاؤس میں بھی مجھے اس کی Clarity چاہیے کیونکہ نہ تو ہم اسرائیل کو تسلیم کریں گے کسی حالت میں بھی اور نہ ہی اسرائیل کے ساتھ کوئی سفارتی تعلقات رکھیں گے۔ تھینک یو جی۔

جناب سپیکر: آنریبل ممبر نگہت بی بی، میں آپ سے یہ پوچھنا چاہوں گا کہ (مداخلت) ایک سیکنڈ، یہ تو ان کا پوائنٹ آف آرڈر ہے، پھر آپ اپنا کر لیں، یہ پوچھنا چاہوں گا کہ آپ کے پاس کوئی ثبوت ہے کہ وہ طیارہ اترا یہاں پہ اور اس ہاؤس میں آپ نے یہ ڈیٹیل دی؟

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جی بالکل جناب سپیکر صاحب! کیونکہ یہ سوشل میڈیا کا دور ہے، یہ ٹی وی چینل کا دور ہے۔

جناب سپیکر: اس میں بہت کچھ آتا ہے سوشل میڈیا پہ، ?But do you have some proof

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سر، میری پہلے بات سنیں، جو میرے خدشات تھے As a Muslim، جو میرے خدشات ایک پاکستانی کے، کیونکہ سوشل میڈیا اور چینلز اور اخبارات ان کو لیکر ہی ہم یہاں پہ کوئی بات لے کر آتے ہیں، اگر آپ یہ کہتے ہیں کہ اخبارات کو Deny کر دو، اگر آپ کہتے ہیں کہ چینلز کو Deny کر دو، اگر آپ کہتے ہیں کہ تمام سوشل میڈیا کو Deny کر دو تو پھر ہم ان کو Deny کر دیں گے؟ کیونکہ بعض اوقات ایسی چیز بھی آ جاتی ہے کہ جس کا گورنمنٹ کو، کیونکہ یہ ایک خفیہ دورہ تھا۔

جناب سپیکر: دیکھیں، یہ ایک مقدس ایوان ہے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جی بالکل۔

جناب سپیکر: چینلز بھی اپنی مرضی سے چیزیں دیتے ہیں اور اخبارات بھی دیتے ہیں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سر! میں نے صرف یہاں پہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ ان کو Qute نہیں کر سکتیں، آپ کے پاس کوئی Proof ہے تو آپ لائیں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سر، نہ تو میں اتنے بڑے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اگر آپ کا پوائنٹ، Other wise دیکھیں بات یہ ہے کہ یہ ایشو اس ہاؤس سے Related نہیں ہے، یہ کوئسچن، آپ کی پارٹی وہاں پہ موجود ہے، نیشنل اسمبلی کا اجلاس آج ہو رہا ہے وہاں پہ، تاکہ وہاں پہ اس کا کنسرنڈ منسٹر جو ایوی ایشن کو ڈیل کرتا ہے یا کوئی اس کا جواب دے سکیں، یہاں آپ کو اس کا کون جواب دے سکے گا؟

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر! پہلے میری بات سن لیں۔

جناب سپیکر: آپ کا پوائنٹ آف آرڈر نوٹس میں آ گیا۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سر! نیشنل لیول پہ جو بھی بات ہو گی، ہم اس اسمبلی میں اٹھانے کے بالکل ذمہ وار ہیں اور ہم چاہتے ہیں، دیکھیں آپ کو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: لاء منسٹر۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جی تھینک یو۔

جناب عنایت اللہ: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: لاء منسٹر، جی عنایت اللہ صاحب! پہلے آپ بولیں۔

جناب عنایت اللہ: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ سپیکر صاحب، آپ کی بات بالکل درست ہے کہ یہ سبجیکٹ جو ہے یہ فیڈرل گورنمنٹ کا سبجیکٹ ہے اور فارن منسٹری سے تعلق رکھتا ہے، سول ایوی ایشن سے تعلق رکھتا ہے لیکن اس ہاؤس کے اندر ہم کسی منسٹر سے اس کا جواب نہیں مانگیں گے، ہم اس فلور آف دی ہاؤس پہ فیڈرل گورنمنٹ سے یہ ڈیمانڈ کر سکتے ہیں، یہ ہمارے مینڈیٹ کے اندر موجود ہے، تو اس لئے میں اس پہ یہ بات کرنا چاہتا ہوں کہ جب مشرف اس ملک کے پریذیڈنٹ تھے تو اس وقت ترکی کے اندر خفیہ طریقے سے، پاکستان کے فارن منسٹر اور اسرائیلی پرائم منسٹر کے درمیان میٹنگ Arrange ہوئی تھی اور اس میٹنگ کا اس وقت لوگ اس سے انکار کرتے رہے لیکن بعد میں یہ ثابت ہوا کہ وہ میٹنگ بالکل ہوئی ہے اور پاکستان کو بعد میں Admit کرنا پڑا کہ ہاں میٹنگ ہوئی تھی۔ دیکھیں، ایک لفظ استعمال ہوتا ہے انگریزی کے اندر Feeler کہ آپ ایک شوشہ چھوڑ دیتے ہیں اور لوگوں کی نبض دیکھتے ہیں، قوم کی نبض دیکھتے ہیں، قوم کا رسپانس دیکھتے ہیں، اگر قوم کی طرف سے ایک زبردست مضبوط قسم کا رسپانس آجاتا ہے تو پھر آپ کہتے ہیں کہ یار یہ مسئلہ جو ہے اس وقت اس کو Tackle کرنا، Handle کرنا ٹھیک نہیں ہے اور یہ اس قسم کی جو Un known چیزیں ہیں وہ Feelers ہوتی ہیں، وہ لوگوں کی نبض کو دیکھنے کیلئے ہوتی ہیں اور میرا خیال ہے کہ پی ٹی آئی کی حکومت پہ ہم کوئی شک نہیں کرتے ہیں، ہم عمران خان کی لیڈرشپ پہ کوئی شک نہیں کرتے ہیں لیکن یہ Moves چل رہی ہیں کہ اسرائیل کو تسلیم کر لیا جائے اور ہمارے بڑے Powerful friends اس کے پیچھے ہیں، امریکہ اس کے پیچھے ہے، پورا ویسٹ اس کے پیچھے ہے، وہ اس کو Protect کر رہے ہیں، ان کی خواہش ہے کہ جو مسلم ممالک، آپ کو پتہ ہے ہم تو بڑے دور ہیں سعودی عرب کے اندر کیا Lobbying ہو رہی ہے کہ سعودی عرب Ultimately اسرائیل کو تسلیم کرے اور اس کیلئے کتنی میٹنگز محمد بن سلمان کی، سعودی عرب کی، ادھر واشنگٹن کے اندر جو Jewish lobby کے ساتھ Arrange کی گئی ہیں تو اس لئے اس پہ اسمبلی کے اندر شور نہیں اٹھے گا،

اس پہ بات نہیں ہو گی تو میں نہیں سمجھتا کہ ان کو کوئی ہماری طرف سے Forceful پیغام ملے گا،اس لئے یہ جو آواز اٹھتی ہے، میں میڈیا سے بھی ریکویسٹ کرتا ہوں کہ اس کے اوپر میڈیا بھی Highlight کرے اور میں Specifically اس پہ حکومتی بنچز سے کوئی Answer نہیں چاہتا لیکن میں ایشورنس ضرور چاہتا ہوں کہ فیڈرل لیول پہ اس کی انکوائری ہو،اس کی انویسٹی گیشن ہو اور اسرائیل جو ہے،اس کے ساتھ ہمارے Diplomatic relation نہیں ہیں،اسرائیل کو پاکستان تسلیم نہیں کرتا ہے، پاکستان کی آئیڈیالوجی کے خلاف ہے اور ہم جب Qoute کرتے ہیں کہ ہمارے خلاف جو Conspiracy Theories کی بات آتی ہے تو ہمیشہ سے اسرائیل اور انڈیا کو Qoute کیا جاتا ہے،تو میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے وقت دیا اور مجھے امید ہے کہ اس ہاؤس کے اندر جو آواز اٹھی ہے،وہ اسلام آباد کے اندر پہنچے گی اور اس کے وساطت سے پھر آگے جائے گی۔

<u>جناب سپیکر:</u> لاء منسٹر صاحب!آپ کچھ کہنا چاہیں گے اس کے بارے میں؟

<u>جناب سلطان محمد خان(وزیر قانون):</u> تھینک یو، مسٹر سپیکر! میرے خیال میں جس طرح آپ نے فرمایا، وہ درست تھا بلکہ آنریبل ممبر صاحبہ نے بھی اپنی Statement میں یہی کہا کہ یہ اس اسمبلی سے اس کا کوئی تعلق بھی نہیں ہے کیونکہ یہ فارن افیئرز سے اس کا تعلق ہے لیکن میں ایک بات کو کلیئر کرنا چاہ رہا ہوں جناب سپیکر!ایک تو یہ ہے جناب سپیکر! بہت واضح پالیسی ہے، کچھ چیزیں سیاست سے اور اس ٹائپ کی Petty جو پوائنٹس سکورنگ ہوتی ہے، اس سے بالاتر ہے، ان چیزوں میں میرے خیال میں سرفہرست چیزوں میں فلسطین کا Cause بھی شامل ہے۔اس میں تو میرے خیال میں اس ملک میں کوئی ایسی پارٹی ہے نہیں یا کوئی ایسا گروپ ہے نہیں جو فلسطین کے Cause کو سپورٹ نہ کرتا ہو، یا ان کی آزادی و خودمختیاری، حق رائے دہی کو سپورٹ نہ کرتا ہو،ایک تو یہ چیز کلیئر ہونی چاہیے اور یہ پی ٹی آئی کا پرزور Stance ہے۔ دوسرا جناب سپیکر!ریکویسٹ میری یہ ہو گی کہ Formal denial آ گئی ہے، فیڈرل لیول سے، فیڈرل انفارمیشن منسٹر نے اس کی Denial کر دی ہے تو میرے خیال میں اس وقت کوئی جہاز آیا نہیں ہے،اس کی Formal denial بھی ہو گئی ہے،اگر ہم پھر خود سوشل میڈیا میں کسی

ایسے Source پر جو Un authenticated ہے، تو ہم کیوں اس کو وزن دیں اور اس آگسٹ ہاؤس میں لے آئیں؟ میرے خیال میں اسمبلی کے رولز بھی یہ Allow نہیں کرتے کہ Assumptions پر کسی ایشو کو اس ہاؤس میں لے آئیں اور جن Sources سے یہ بتا رہی ہیں تو میرے خیال میں ان Sources کی اتنی اوقات ہی نہیں ہے کہ ہم اس ہاؤس میں اس کو اٹھائیں، Formal اس کی Denial آگئی ہے، ہم فلسطینی بہن بھائیوں کے ساتھ ہیں، ہم فلسطین کے Cause کو سپورٹ کرتے ہیں، ہر ایک لیول پر اور ہر ایک فورم پر ہم سپورٹ کرتے ہیں۔ تھینک یو۔ (تالیاں)

جناب سپیکر: تھینک یو، لاء منسٹر صاحب۔ ہدایت الرحمن صاحب۔

جناب ہدایت الرحمان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ وَٱعۡتَصِمُواْ بِحَبۡلِ ٱللَّهِ جَمِيعٗا وَلَا تَفَرَّقُواْۚ **صدق اللہ العظیم،** جناب سپیکر صاحب اور معزز اراکین اسمبلی! میں اپنے کلام کی ابتداء ایک شعر سے کروں گا۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جناب، پوائنٹ آف آرڈر شارٹ طریقے سے پیش کر دیں کہ آپ کیا چیز کرنا چاہتے ہیں، یہ ڈیبیٹ نہیں ہے، پوائنٹ آف آرڈر ہے۔

جناب ہدایت الرحمان: جناب سپیکر، میرا حلقہ انتخاب چترال کے پسماندہ علاقے سے ہے جس سے آپ سب حضرات واقف ہیں۔ موجودہ حکومت جس کا نعرہ یہ تھا کہ 'نیا پاکستان' اسے ہمارے سادہ لوح چترال کے لوگ یہ سمجھ رہے تھے کہ نیا پاکستان آئے گا، ہمارے روڈز نئے ہوں گے، ہمارے سکولز نئے ہوں گے، ہمارے ہسپتال نئے ہوں گے اور دوسرا ہمارے ہاں ڈیویلپمنٹ کے کام ہوں گے لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ 'نیا پاکستان' بننے کے بعد بجٹ پیش ہونے کے بعد جو ہمیں نظر آ رہا ہے، پہلے جو پسماندہ چترال کہا کرتے تھے، اب جو میں دیکھ رہا ہوں پسماندہ چترال 'بوسیدہ چترال' بننے جا رہا ہے اور میں جناب سی ایم صاحب جو ہمارے چترال کے بالکل قریبی بھی ہیں، ہمارے پڑوسی بھی ہیں، ان سے میں آپ کی وساطت سے یہ گزارش کرنا چاہوں گا، چونکہ ہمارے علاقے کی غربت کو دیکھتے ہوئے ہمارے چترال کی طرف توجہ دیں، ہمارے اداروں کی طرف توجہ دیں، ہمارے روڈز کی طرف توجہ دیں، ہمارے سکولوں کی

طرف توجہ دیں، ہمارے ہاں جہاں بھی جاتے ہیں، جس ادارے میں بھی جاتے ہیں، ہر ادارے میں نظام درہم برہم ہے۔ کچھ دن پہلے جناب ثاقب نثار صاحب چترال آئے تھے، ان کا کہنا یہ تھا کہ یہاں روڈز خچر چلنے کے لائق بھی نہیں ہے۔ یقیناً اُن کا دورہ چترال کے جو شہری علاقے کا تھا اور 'اپر' کا جو چترال ہے، اس سے بھی زیادہ بدتر ہے۔ محترم سپیکر صاحب، اسی طرح ای پی اے، انوائرونمنٹ پروٹیکشن ایجنسی کے مطابق جناب سی ایم صاحب کو درخواست پیش کی گئی ہے، یقیناً آپ حضرات کو معلوم ہے، ماحولیاتی تبدیلی کی وجہ سے چترال میں جو نقصانات ہوئے ہیں، ان سے کون واقف نہیں، کتنی اموات ہوئی ہیں اور اسی طرح ہماری سڑکیں، بجلی کا نظام اور تمام نظام درہم برہم ہو چکا ہے لیکن اس کے باوجود یہ انوائرونمنٹ چینج پالیسی میں چترال کو پہلے Priority پر رکھا گیا تھا لیکن حقیقت میں اگر دیکھیں تو چترال میں اس کا وجود ہی نہیں۔ محترم سپیکر صاحب! نہ کبھی کوئی سیکرٹری چترال آیا ہے اور نہ ای پی اے کا کوئی ڈائریکٹر چترال آیا ہے، میری آپ سے گزارش ہے کہ چترال میں ای پی اے کا دفتر کھول کے فوراً کام شروع کیا جائے بصورت دیگر بہت زیادہ تباہی کا خطرہ ہے۔

<u>جناب سپیکر</u>: تھینک یو جی۔

<u>جناب ہدایت الرحمان</u>: اسی طرح ہمارے، آخر میں میری گزارش ضلع کے حوالے سے ہے، محترم سپیکر صاحب! ہمارے موجودہ وزیراعظم اور ہمارے سابق چیف منسٹر صاحب نے آکر اعلان کیا تھا کہ چترال کے 'اپر' ضلع کا نوٹفیکیشن بھیج دیں گے جو ایک ہفتے کے اندر مل جائے گا لیکن پانچ مہینے ابھی گزر گئے، اس نوٹیفکیشن کا پتہ نہیں چل سکا، جناب والا! گزارش یہ ہے کہ ہمارے پسماندہ علاقے کی طرف توجہ دی جائے، بڑی مہربانی۔

<u>جناب سپیکر</u>: بہت شکریہ، میں زرگل خان صاحب کو ویلکم کہتا ہوں، وہ ہمارے سابق ایم پی اے ہیں اور ہمارے ہاؤس میں بیٹھے ہوئے ہیں اور ہماری کارروائی کو Witness کر رہے ہیں (تالیاں) میں ان کو ویلکم کہتا ہوں۔

میاں نثار گل: جناب سپیکر! ہمارے سابقہ ایم پی اے اقبال حسین خٹک صاحب وفات پا چکے ہیں، ان کیلئے دعا کی جائے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: عامر علی شاہ کے والد صاحب کیلئے بھی دعا کروادیں، آپ کر لیں جی۔

جناب سپیکر: ہاں، وہ بھی کروادیں، آپ دعا کروادیں، جی میاں نثار گل صاحب، دعا کروادیں۔

(اس مرحلہ پر مرحومین کے ایصال ثواب کیلئے دعائے مغفرت کی گئی)

جناب سپیکر: جناب سردار خان صاحب بات کر چکے ہیں کہ نہیں کی ہے؟

ایک رکن: نہیں۔

جناب سپیکر: اب کریں، سردار خان صاحب، مائیک اوپن کریں جی، سردار خان صاحب کا۔

جناب سردار خان: جناب سپیکر صاحب! شکریہ۔ پوائنٹ آف آرډر باندې مونږه تاسو له د خپل PK-3، سوات PK-3 حلقه ویلج آله آباد دکوړک پټوار موضع آله آباد موضع دکوړک په هغې کښې د خواتین یونیورسټۍ کوم فیز چې دے، د یونیورسټیئ د پاره سیکشن فور راغستے دے، هغه سیکشن فور چې دے، هغه په زرعی، نهری، آبی زمکه باندې راغستے دے، هغه خلقو ته درپیش مشکلات دا دی چې د هغوی هغه علاقه چې ده، د هغوی واحد ذریعه دا ده، د ایګریکلچر، د هغې سره بارانی زمکه شته، د مخکښې نه هم هغه کلی والا د سوات یونیورسټیئ د پاره ایک هزار سوله کنال زمکه انتقال شده ورکړي ده او د هغې ریټ چې دے، په هغې کښې انکوائری هم شروع ده چې هغه تقریباً په 70 هزار روپئ کنال د هغوی نه اخستې ده، هغه به هغه انکوائری تکمیل ته رسی خو زما عرض دا دے چې ایک هزار سوله کنال زمکه هغوی ورکړي ده، د هغې نه بعد د لائیو سټاک د محکمې د پاره 350 کنال زمکه هم ورکړی ده، انتقال شده ده، د هغې نه بعد دکوړک آله آباد ویلج باندې ډبل ون ډبل ټو سیکشن فور ئے راخستے دے د دوؤ کالو د پاره او د دې خواتین یونیورسټۍ چې کوم فیز دے، د هغې د پاره ئے 260 کنال د پاره ئے سیکشن فور راخستے دے، زمونږه دا

درخواست دے چې دغه د یونیورسټئ دا زمکه د دې شکریه ئے ادا کوؤ، د دې د تعمیر او ترقئ د سوات خو دغه زمکه چې ده، دغه زرعی دغه قوم ته پریږدئ، دې خلقو ته ئے پریږدئ، د دوئ د انکم سورسز نور څه نشته، واحد ذریعه ئے ده او یو کلی کښې، د یو پټوار موضع کښې کافی زمکه سرکار ته انتقال شوه، دې ته دې کمیټی مقرر شی او بارانی زمکه چې ده، په هغې کښې دې دا یونیورسټی جوړه شی، د دریائے سوات په دواړو کنارو باندې واحد دا ذریعه ده چې دا د خلقو انکم سورس دے، دا قوم دے، دا باغات دی او په ایګریکلچر سطح باندې آمدن چې دے، کومې آبادئ چې جوړیږی چې هغه بارانی زمکې ته شفټ شی او کمیټی هغې له لاړه شی او هغه ځائې کښې کمیټی مقرر کړی، د مقامی عوامو په شراکت باندې۔

جناب سپیکر: جناب فضل حکیم صاحب۔

جناب فضل حکیم یوسفزئی: شکریه جناب سپیکر صاحب! زه ډیره شکریه ادا کوم د وخت راکولو او زمونږه سردار صاحب چونکه زمونږه د سوات باره کښې خبره اوکړه، زه د سوات د ډیډک چیئر مین هم یم، څومره ډیویلپمنټ چې کیږی، سردار د خپلې علاقې خبره اوکړه چې زمونږه په زمکه سیکشن فور لګیدلے دے نو داسې به اوکړو، سردار خان زمونږ د پاره قابل قدر دے، عزت ناک دے، صوبائی ممبر دے او پکار دا ده چې دا مونږ په جمع باندې چلوؤ او تاسو هم د دغه حلقې نمائندګان یئ چې څه مسئلې څه پرابلم وی، هغه هم دغسې په اسمبلئ کښې تاسو اوچتوئ، مونږ به بیا په جمع کښینو، کمیټی به جوړؤو په مشوره باندې، ډی سی صاحب به شی، تاسو به شئ، زه به شم، ان شاء الله دوئ نه به د صوبائی حکومت په سطح باندې مونږه کمیټی جوړه کړو او هلته کښې به کښینو او دا مسئلې به ان شاء الله د عوامو په مفاد کښې، چې کوم شی کښې د عوامو مفاد وی، په هغه طریقه باندې به مونږه ان شاء الله و تعالیٰ په جمع باندې به

ئے حل کړو۔ زه ستاسو شکریه ادا کوم، ان شاء الله و تعالیٰ چې څه وی، زه به ناست یم، د هغې مطابق به مونږه کار اوکړو۔ ډیره مننه، ډیره شکریه، وسلام۔

جناب سپیکر: جی نگہت اورکزئی صاحبہ۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: میں رولز ریلیکس کرانا چاہتی ہوں یہ ایک ریزولیوشن ہے، Important resolution ہے۔

جناب سپیکر: رولز تو ریلیکس ہیں۔

(مداخلت)

محترمہ نگہت اورکزئی: ہاں آج تو پرائیویٹ ممبر ڈے بھی ہے سر۔

جناب سپیکر: ہاں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: تو اس میں میں ایک ریزولیوشن پیش کرنا چاہتی ہوں، جو میں نے ابھی آپ سے بات کی ہے۔

جناب سپیکر: پندرہ دن کا نوٹس ہے؟

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جی۔

جناب سپیکر: آپ پہلے رولز ریلیکس کروائیں۔

## قاعدہ کا معطل کیا جانا

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: تھینک یو سر۔ 124 کو معطل کر کے 129 کے تحت، نہیں، 129 کے تحت، 124 کے تحت میں یہ رولز ریلیکس کروانا چاہتی ہوں سر، 240 کے تحت میں یہ رولز ریلیکس کروانا چاہتی ہوں، اس ریزولیوشن کو پاس کروانے کیلئے، Only for resolution، 240 کے تحت سر، نہیں نہیں، 240 سر، 124 کے تحت 240 کو ریلیکس کروا کے میں یہ ریزولیوشن پیش کرنا چاہتی ہوں۔

Mr. Speaker: Is this the desire of the House, to relax the rule 124 under 240 to relax this? Yes.

(The motion was carried)

## قرارداد

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر، یہ ایک قرارداد ہے اور اس میں ٹریژری بینچز کی تمام خواتین نے اور میرے آنریبل لاء منسٹر نے، فنانس منسٹر نے، اکبر ایوب صاحب نے، اور اس کے علاوہ نلوٹھا صاحب نے، میری تمام اپوزیشن کی بہنوں نے، خوشدل خان صاحب نے، عنایت اللہ صاحب نے اور ثناء اللہ صاحب نے، صالح محمد صاحب نے، یعنی کہ پورے ہاؤس کی طرف سے ایک ریزولیوشن ہے کہ:

یہ صوبائی اسمبلی صوبائی گورنمنٹ سے پرزور مطالبہ کرتی ہے کہ وہ وفاقی گورنمنٹ سے مطالبہ کرے کہ صوبائی اسمبلی کے ممبران کو بھی نیشنل اسمبلی کی طرح بلیو پاسپورٹ لائف ٹائم کیلئے ایشو کیا جائے۔

ہر اسمبلی میں، چاہے وہ پنجاب کی اسمبلی ہے، چاہے خیبر پختونخوا کی، چاہے سندھ کی ہے، چاہے بلوچستان کی ہے وہاں پر قانون سازی لوگ اسی طرح کر رہے ہیں جیسا کہ نیشنل اسمبلی میں ہو رہا ہے اور ان نمائندگان کا حق بنتا ہے کہ Equal policy کے تحت لائف ٹائم کیلئے بلیو پاسپورٹ دیا جائے کیونکہ لوگوں کو آنے جانے میں جو پرابلم ہوتی ہے وہ پرابلم نہ رہے، تو اس کیلئے میں آپ کی اجازت سے چاہتی ہوں کہ ہاؤس سے آپ یہ اجازت لے لیں اگر یہ Unanimously pass ہو جاتی ہے تو پھر اس کو ہم آگے وفاقی گورنمنٹ کو جو ہے تو وہ کریں گے۔

Mr. Speaker: Is this the desire of the House to pass this resolution? Those who are in favour of it may say ‘Aye’, and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. The resolution is passed unanimously.

## تحریک التواء

Mr. Speaker: Adjournment Motion: Item No. 7, Ms. Aasia Asad MPA, to move her adjournment motion No. 12, in the House, Aasia Asad Sahiba.

Ms. Aasia Asad: Thank you, honourable Speaker Sahib for giving me the opportunity to speak about the ‘ETEA’ test and on behalf of

the parents and the students were suffered because of the whole situation. Sir, the education testing and evaluation Agency test for the admission of medical college of Khyber Pakhtunkhwa has been most controversial this year. The first test was cancelled because of insufficient arrangements, The second was cancelled as a paper was leaked, The third casual test was also postponded sighting incoming weather. Students are aledging that even the final test conducted was full of anamolies; this situation has been posing most concern among the people in general and students in particular. That question mark on the competence of 'ETEA' and this issue should be brought to Assembly. I want to add a little more points to it. Sir, the thing is that the person on the top should be responsible for whatever have been to end the students and the parents suffered because of it and the other thing is Sir, the 'ETEA' is conducted outside and in July there is like the temperature is going 40 degree centigrade and there is so much humidity and I think, I would advice that issue………

Mr. Speaker: Please, read your this motion.

Ms. Aasia Asad: Yes Sir. I have read it out sir.

Mr. Speaker: The entire?

محترمہ آسیہ اسد: جی؟

Mr. Speaker: The entire you read it?

Ms. Aasia Asad: Yes, I have read out.

Mr. Speaker: Mr. Sanaullah Khan Sahib, the same?

آپ کی بھی ایسی ہی ہے، پلیز آپ ابھی اپنی پیش کریں، پھر اکٹھی Put کر لیتے ہیں۔

صاحبزادہ ثناء اللہ: شکریہ، جناب سپیکر صاحب! یہ جو ایڈجرمنٹ موشن ہے، میڈم کی بھی تھی اور میری بھی تھی، اس حوالے سے یہ میڈیکل کالجوں میں جو 'ایٹا' کیلئے امتحان ہو رہے تھے:

اسمبلی کی معمول کی کارروائی روک کر اس اہم مسئلے پر بحث کرنے کی اجازت دی جائے، وہ یہ کہ سال 2018-19ء کیلئے میڈیکل کالجوں میں داخلے کیلئے طلباء اور طالبات کو 'ایٹا' کے ذریعے تین دفعہ امتحانات کیلئے تاریخیں دی گئیں لیکن بد قسمتی سے تینوں بار ناگزیر وجوہات کی بناء پر امتحانات ملتوی کئے

گئے۔ چوتھی دفعہ 'ایٹا' کے ذریعے طلباء اور طالبات امتحان دینے میں کامیاب ہوگئے، ریزلٹ آنے پر کالجوں میں داخلے کے مراحل شروع ہوئے، اسی اثناء میں 'ایٹا' کے اہلکاروں نے پھر ریزلٹ تبدیل کرتے ہوئے طلباء اور طالبات کو مایوس کر دیا، کچھ طلباء اور طالبات کو فیل ہونے کے باوجود فرسٹ ڈویژن پر پہنچایا اور بعض فرسٹ ڈویژن کو فیل تک لے آئے جس کی وجہ سے سوالیہ نشان 'ایٹا' ٹیسٹ پر آیا، طلباء اور طالبات میں مایوسی پیدا ہوئی ہے، لہذا اس معزز ایوان میں اس پر کارروائی کی جائے تاکہ حقائق سامنے آسکیں۔

جناب سپیکر: لاء منسٹر صاحب۔

صاحبزادہ ثناء اللہ: مسٹر سپیکر۔

جناب سپیکر: یہ سارا پتہ ہے، ان کو دے دیں، اس کے بعد پھر بات کر لیں، لاء منسٹر۔

جناب سلطان محمد خان (وزیر قانون): سر، میں جواب دے دوں؟

صاحبزادہ ثناء اللہ: وہ بعد میں آپ Respond کریں نا، بعد میں آپ۔

جناب سپیکر: جناب عنایت اللہ صاحب۔

جناب عنایت اللہ: جناب سپیکر! یہی نکات جو آنریبل ممبران نے اٹھائے ہیں یہی نکات، اس کے علاوہ کچھ نکات میں نے اٹھائے تھے، مثلاً میں نے یہ کہا تھا کہ جو میڈیکل کالجز کے اندر ٹیسٹ ہوتے ہیں اس پر سپریم کورٹ نے پرائیویٹ سیکٹر کے اندر پورے پاکستان کیلئے Open competition رکھا ہے، Open competition کے نتیجے میں میڈیکل کالجز کے اندر اب اگر کے پی کے میڈیکل کالجز میں پنجاب کے لوگ Apply کریں گے تو آپ کے لوگ ان کے ساتھ Compete نہیں کر سکیں گے، اس کیلئے باقاعدہ اسمبلی کے اندر میں نے فگرز پیش کئے تھے کہ کے پی کے اندر نیگٹیو مارکنگ کی وجہ سے تقریباً پانچ فیصد لوگ ایسے ہیں جو Sixty percent کے اوپر چلے گئے ہیں، پنجاب کے اندر Sixty percent سے Fifty percent لوگ اوپر چلے گئے ہیں تو اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ کے پی کے اندر اگر پنجاب کے لوگ Apply کریں گے تو آپ کے پرائیویٹ میڈیکل کالجز کے اندر آپ کے اپنے لوگوں کو

داخلے نہیں ملیں گے اور وہ بھی اب حکومت ہی کرتی ہے، اس لئے میں نے یہ مطالبہ کیا تھا کہ اس کی آپ پارلیمانی کمیٹی بنائیں کیونکہ جو آپ کی Keys ہیں، وہ بھی غلط ہیں، آپ کے ہاں اس کے Answers بھی غلط ہیں، ان کی نمبر نگ بھی غلط، اور اس کے آگے میں ایک اور بات کرنا چاہتا ہوں، آپ اس کو چیک کریں، اسکی کوئی Performance Evaluation Audit نہیں ہوا ہے، ابھی تک جو 'ایٹا' سے پہلے میڈیکل کالجز اور انجینیئر نگ یورسٹیز کے اندر لوگ جاتے تھے، اس کا Out-come آپ چیک کریں، اس کے بعد جو لوگ جا رہے ہیں، ان کا Out-come چیک کریں اور اس پر اس کا کوئی آڈٹ کریں پر فارمنس آڈٹ کریں کہ کیا 'ایٹا' کے بعد بہتری آئی ہے؟ کیا 'ایٹا' کے بعد جو مارکیٹ کے اندر ڈاکٹرز آرہے ہیں، وہ ڈاکٹرز ان ڈاکٹرز سے بہتر ہیں، وہ انجینئر ان انجینئرز سے بہتر ہیں؟ کیا آپ کا جو ایس ایس سی کا امتحان ہے اور انٹر کا امتحان ہے، وہ اتنا آپ کا کوالٹی کا نہیں ہے کہ آپ اپنے سسٹم پر Trust نہیں کر رہے ہیں، میں اس لئے کہنا چاہتا ہوں کہ آپ اس پورے پراسیس کے اوپر غور کریں کہ کیا یہ جو 'ایٹا' کے تھرو آپ اتنا بڑا امتحان لے لیتے ہیں جس طرح ہماری بی بی نے کہا کہ آپ ایک Suffocated environment کے اندر جس میں گرمی ہوتی ہے، جس میں لوگوں کو وقت نہیں ہوتا ہے، لوگ پریشر کے اندر ہوتے ہیں، نگیٹیو مارکنگ کا پریشر ہوتا ہے، اس لئے میں تو مطالبہ کرتا ہوں ان دونوں ایڈجرمنٹ موشنز کو سپورٹ کرتے ہوئے کہ اس پر آپ پارلیمانی کمیٹی بنائیں اور پارلیمانی کمیٹی پورے پراسیس کو Thoroughly دیکھے اور اس کے بعد اس کی اصلاح احوال کیلئے جو اقدامات ہیں، اسے Recommend کرے۔

<u>جناب سپیکر</u>: یہ آپ کی بہت اچھی تجویز ہے عنایت اللہ صاحب، میں سپیشل کمیٹی بنانے کا Announcement کرتا ہوں اور یہ ہم بعد میں نام اس کے Finalize کرلیں گے تاکہ وہ سب کو دیکھے، جو 'ایٹا' میں جیسے ہوا اور آئندہ کیلئے جو چیزیں ہم کر سکتے ہیں کہ آئندہ اس کیلئے، چونکہ یہ جو بات آپ نے کی ہے، یہ آئندہ کیلئے ہے تو آئندہ کیلئے اس میں جو بھی ریفارمز آسکتی ہیں، اصلاحات آسکتی ہیں، وہ کمیٹی تجویز کرے۔ لاء منسٹر صاحب! آپ ان کا۔۔۔۔

وزیر قانون: جناب سپیکر!

صاحبزادہ ثناء اللہ: جناب سپیکر!

وزیر قانون: جناب سپیکر! صاحبزادہ صاحب دا یو خیر دے، یو منٹ۔۔۔۔

جناب سپیکر: تب آپ نے پیش کر دی ہے، اس میں کیا بات کرنی ہے؟ یہی کرنی ہے کہ چار دفعہ یہ ٹیسٹ نہیں لے سکے کوئی پانچویں بات ہے تو کر دیں۔

وزیر قانون: سر! میری ریکویسٹ، میری ریکویسٹ یہی ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ جو موشن ہے، آپ دونوں ممبر ہوں گے اس کمیٹی کے بیچ، جو ہم سپیشل کمیٹی بنانا چاہتے ہیں آپ بھی اس کے ممبر ہو جائیں تاکہ یہ تو فیوچر کیلئے ہے لیکن ابھی جو ٹیسٹ ہوئے ہیں۔۔۔۔۔

وزیر قانون: جناب سپیکر!۔۔۔۔

جناب سپیکر: ابھی جو ٹیسٹ ہوئے ہیں، اس کے اوپر لاء منسٹر صاحب بات کریں گے۔

وزیر قانون: سر! میں دو منٹ لوں گا اور آنریبل ممبر ز جتنے ہیں، آپ کے توسط سے ان سے ریکویسٹ یہ بھی ہے کہ وہ سن بھی لیں تاکہ وہ سمجھ جائیں کہ اس میں کیا ہے؟

جناب سپیکر: ثناء اللہ صاحب، بیٹھیں آپ سنیں نا، ان کی بات۔

وزیر قانون: جناب سپیکر! Specially Sir، آپ کے توسط سے صاحبزادہ سے بھی ریکویسٹ ہے کہ وہ بھی سن لیں۔ سر! In principle جو یہ ایشو اٹھایا گیا ہے جس طرح آنریبل ممبرز نے اٹھایا ہے 'ایٹا' کے حوالے سے تو میرے خیال میں اگر صوبے کا کوئی بھی ادارہ ٹھیک ہوتا ہے، اس میں بہتری آتی ہے تو اس پر کسی کو بھی اس سے کوئی نا اتفاقی نہیں ہو سکتی ہے اور یہ ادارہ جو ہے جناب سپیکر! یہ 2001ء کے ایک آرڈیننس کی رو سے قیام میں آیا تھا اور ایسا بھی نہیں ہے کہ اس ادارے نے کوئی اچھے کام نہیں کئے ہیں، اچھے کام بھی کئے ہیں، یہ Primarily جو انجینئرنگ کالجز اور میڈیکل کالجز تھے جناب سپیکر! تو انکے ٹیسٹ کیلئے یہ بنایا گیا تھا لیکن بعد میں اس کا 'ڈومین' بہت زیادہ بڑھ بھی گیا ہے، اس کی کچھ Achievements بھی ہیں، Achievements میں یہ ہے کہ بہت ٹیسٹ انہوں نے Conduct

بھی کئے ہیں اور ایک دن کے اندر یا Thirty hours کے اندر اندر ریزلٹ دینا، یہ بھی پاکستان میں اس وقت، It was the first one جب یہ 'ایٹا' قائم ہوا لیکن جناب سپیکر! میں ڈیٹیلڈ ڈیبیٹ میں اس لئے نہیں جانا چاہوں گا، آپ نے ایک سپیشل کمیٹی کا بھی اعلان کر دیا لیکن میں ایک بات واضح، چونکہ ہم سب یہاں پر اگر بیٹھے ہیں تو We have to follow the rules اور آپ کسٹوڈین ہیں جناب سپیکر! میں ہاؤس کی توجہ Rule 71 جو ہمارے پراونشل اسمبلی پروسیجر اینڈ کنڈکٹ آف بزنس رولز ہیں، اس ایشو سے بالاتر ہو کے، اس ایشو کے بارے میں نہیں کہہ رہا ہوں، Rule 71 ہے Restriction on right to make adjournment motion، اس میں جناب سپیکر! سب کلاز C جو ہے وہ یہاں پر Relevant ہے، "The motion shall not revive discussion on a matter which has been discussed in the same session" پھر اگر سیشن کی تعریف آپ Definitions میں دیکھ لیں تو سیشن یہ ہے کہ ایک اسمبلی جب بلا لی جاتی ہے تو Prorogued ہونے سے پہلے وہ ایک ہی سیشن تصور ہوتا ہے جناب سپیکر! کچھ آنریبل ممبرز اس دن موجود بھی تھے، یہ Issue raise ہوا تھا، کچھ سینیئر ممبرز نے Raise کیا تھا اور سی ایم صاحب جو ہیں، لیڈر آف دی ہاؤس بیٹھے تھے، اس پر ڈسکشن اسی سیشن میں ہو بھی چکی ہے، تو میری ریکویسٹ یہ ہے کہ چونکہ سپیشل کمیٹی تو بن گئی ہے، اس میں میرے علم کے مطابق ایف آئی اے بھی انویسٹی گیشن کر رہی ہے، پشاور ہائی کورٹ نے بھی پندرہ دن کا ٹائم دیا ہوا ہے کہ اس کے بارے میں رپورٹ پشاور ہائی کورٹ میں پیش کر دی جائے، اس کے علاوہ اس کی پوری چھان بین بھی ہو رہی ہے لیکن چونکہ Rule 71 یہاں پر Apply ہوتا ہے کہ The discussion already جو ہے وہ اسی سیشن میں ہو چکی ہے، تو میری ناقص رائے کے مطابق اس وقت اس پر ایڈجرنمنٹ موشن نہ دی جائے، باقی جو ہے اگر سپیشل کمیٹی بنتی ہے تو میرے خیال میں It is the best origin for taking this investigation forward.

جناب سپیکر: لاء منسٹر صاحب، یہ اصل میں سی ایم صاحب کی سپیچ سے پہلے دونوں ایڈجرنمنٹ موشنز ایڈمٹ ہو چکی تھیں تو اس لئے ہم لے آئے، لیکن بات آپ والی صحیح ہے، چونکہ اس میں چیف منسٹر صاحب یہاں پر ہاؤس کو جواب دے چکے ہیں کہ اس پر بڑی خاص قسم کی انکوائری ہو رہی ہے، بڑی

Intensiveاور اس میں باقی ادارے بھی Involve کئے گئے ہیں اور وہ چیزیں ہمارے سامنے آ جائیں گی جو کچھ ہوا اور جو کمیٹی ہم نے فارم کی ہے، یہ ہم نے آئندہ کیلئے اس کے اندر ریفارمز لانے کیلئے، میں آپ کو ایک اور بات بتاؤں کہ یہ 'ایٹا' جو ہے ہمارا بڑا زبردست ادارہ تھا، پچھلے پانچ سال آپ نے اس کی پرفارمنس دیکھی ہوگی، It falls under the Higher Education اور میں نے اس کو Strenghten کرنے کیلئے بہت زیادہ کام کیا تھا، یہاں تک کہ ہم این ٹی ایس کو صوبے سے رخصت کرنا چاہتے تھے، چونکہ وہ پیسہ صوبے کا باہر چلا جاتا ہے، تو ہمارا خیال تھا کہ ہم اس کو اتنا Revamp کریں گے 'ایٹا' کو، اور پھر اس کا ہم نے ایک مارکیٹنگ ونگ بھی بنایا کہ جو اسلام آباد، کشمیر ایریا بھی جائے اور وہاں سے بھی ان کے ٹیسٹ کروائے، یہاں بڑا اچھا Trust تھا، پولیس اس کے اوپر Trust کر رہی تھی، ساٹھ ستر ہزار لوگ پولیس کے یہ ٹیسٹ لیتے تھے، باقی ڈیپارٹمنٹس سے لیتے تھے، یہ ابھی کچھ During the Care Taker time جو ہے اس میں کیا طوفان آیا ہے، I don't know کہ یہ کس طرح اس کے اندر یہ پے در پے ایسی چیزیں ہوئی ہیں؟ So یہ ابھی رپورٹ کے اندر یہ چیز آ جائے گی اور گورنمنٹ کو چاہیے کہ ہر لحاظ سے 'ایٹا' کو ٹھیک کرے، جو بھی اس کے اندر خرابیاں ہیں یا جو ذمہ داران ہیں، ان کو سخت سزائیں دے لیکن اس کے بغیر آپ کا چارہ کار نہیں ہے، آپ نے اس کو ٹھیک کرنا ہوگا اور یہ جو اتنی بڑی رقم اس صوبے کی دوسری یہ ٹیسٹنگ ایجنسیز لے جاتی ہیں، وہ اسی صوبے کے اندر رہنی چاہیے۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

<u>Mr. Speaker</u>: Item No. 9: Sardar Aurangzeb Nalotha, MPA, to move his resolution, No. 8, in the House, Sardar Auranzeb Nalotha Sahib.

<u>سرادار اورنگزیب نلوٹھا</u>: شکریہ، جناب سپیکر صاحب! میں وزیر برائے محکمہ اعلیٰ تعلیم کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں، وہ یہ ہے کہ 22 اگست 2018ء کو عیدالاضحیٰ کے دن ایبٹ آباد یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی میں آتش زدگی کا واقعہ رونما ہوا جس کی وجہ سے ادارے کا قیمتی ریکارڈ جل کر خاکستر ہو گیا، لہذا متعلقہ وزیر صاحب واقعے کا نوٹس لیں اور واقعے کی انکوائری کی جائے تاکہ ذمہ داروں کے خلاف سخت سے سخت کاروائی کی جائے۔

جناب سپیکر صاحب! یہ واقعہ جب ہوا تھا، انہی دنوں میں نے اسمبلی سیکرٹریٹ میں توجہ دلاؤنوٹس جمع کرایا تھا، اس کے بعد کافی عرصہ تقریباً گزر چکا ہے اور کچھ کارروائی بھی عمل میں لائی گئی لیکن وہ غیر تسلی بخش ہے۔ جناب سپیکر! میں یہ توقع رکھتا ہوں کہ یہ جو واقعہ میں نے آج یہاں پہ اسمبلی میں پیش کیا ہے، اس کے اوپر ضرور کارروائی ہو گی۔ اس سے پہلے بھی ایک کرپشن کا واقعہ ایوب میڈیکل کمپلیکس میں ہوا تھا اور سابق سی ایم صاحب نے اس کیلئے سپیشل کمیٹی تشکیل دی تھی، اس کی انکوائری ہوئی اور اس انکوائری میں 35 کروڑ روپیہ اس بلڈنگ میں جو تھا وہ غبن کا کیس نکلا تھا اور جن لوگوں کو ذمہ دار ٹھہرایا گیا تھا، ان کو سزا کے بجائے ان کی پروموشن ہوئی اور آج میں یہ توقع رکھتا ہوں کہ جس واقعے کی طرف میں نے حکومت کی توجہ مبذول کروائی ہے سپیکر صاحب! کچھ عرصہ پہلے عید الاضحیٰ سے کچھ عرصہ پہلے یونیورسٹی کو حساس اداروں نے یہ اطلاع کی تھی کہ کچھ Threat یونیورسٹی کے حوالے سے آئی تھی، ایک بات تو یہ تھی اور دوسری بات سپیکر صاحب! کوئی بندوبست یونیورسٹی کی انتظامیہ نے نہیں کیا اور Even یہ کہ سی سی ٹی وی کیمرے وہاں پر نصب ہیں، وہ کیمرے بھی خراب تھے۔ جب ان سے پوچھا گیا انتظامیہ سے کہ یہ کیمرے لگے ہوئے ہیں اور یہ کیوں خراب ہیں؟ تو انہوں نے کہا کہ کچھ ہی دن پہلے خراب ہوئے ہیں، کروڑوں روپے کا فنڈ یونیورسٹی کے پاس تھا تو وہ کیوں نہیں ٹھیک ہوئے؟ پھر اس کے علاوہ وہاں پہ سپیکر صاحب! جس دن یہ واقعہ ہوا، صرف ایک چوکیدار یونیورسٹی میں موجود تھا، کیا پوری یونیورسٹی میں صرف ایک چوکیدار تھا؟ اور اگر تھا تو دوسرے چوکیدار وہاں پر کیوں موجود نہیں تھے؟ تو یہ ایک پلاننگ کے تحت ہوا ہے، اس یونیورسٹی کے اندر کروڑوں روپے کی کرپشن ہوئی ہے، جو اس کی بلڈنگ تعمیر ہو رہی ہے، اس میں لوگوں کی غیر قانونی طور پر بھرتیاں وہاں پر ہوئی ہیں تو اس حوالے سے یہ سارا کچھ، ایک بہت بڑا نقصان یونیورسٹی کا کیا گیا ہے اور ایک منصوبہ بندی کے تحت کیا گیا ہے۔ سپیکر صاحب! آپ بھی موجود تھے جب یہ پچھلی سینیٹ کی میٹنگ تھی، اس میں آپ منسٹر ہائر ایجوکیشن کی حیثیت سے اور میں سینیٹ کے ممبر کی حیثیت سے گیا تھا اور سابق گورنر صاحب نے وہ میٹنگ Preside کی تھی تو ادھر ایک شخص جو Pro VC تھا، آپ کے سامنے وہ دو تین دفعہ اٹھا تھا اور اس کو

بات کرنے کی اجازت نہیں مل رہی تھی تو میں نے آپ سے درخواست کی کہ اس بندے کو بات کرنے دیں، شاید یہ یونیورسٹی کی انتظامیہ سے تعلق رکھتا ہے اور کوئی یونیورسٹی کے معاملات میں اچھی بات کرے، تو بڑی مشکل سے اس کو اجازت ملی اور اس نے پھر یونیورسٹی کے جو وی سی صاحب ہیں، ان کی کارکردگی کے اوپر تنقید کی تھی۔ تو ابھی جو یہ واقعہ ہوا ہے،اس کے بعد اسی بندے کو ٹارگٹ کیا گیا ہے، میں نہیں سمجھتا کہ یہ گناہگار ہے یا نہیں ہے؟ یہ اللہ جانتا ہے اور انوسٹی گیشن کے بعد ہی فیصلہ آئے گا،اگر اس نے یہ زیادتی کی ہے تو پھر اس کو بھی کیفر کردار تک پہنچنا چاہیے،اگر اس آدمی کے اوپر بے گناہ الزامات لگے ہیں تو اس کی بھی تحقیقات ہونی چاہئیں تاکہ اتنا بڑا نقصان جو یونیورسٹی کا ہوا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہاں پہ کروڑوں روپے کی کرپشن ہے، جناب سپیکر! یہ آپ کی ذمہ داری ہے، یہ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ آپ اس کی انکوائری کس طرح کرتے ہیں اور ان چیزوں کو کس طرح آپ سامنے لاتے ہیں؟تو میرا یہ خیال ہے کہ اگر اس واقعے کے اوپر خاموشی اختیار کی گئی تو شاید پھر کتنی یونیورسٹیوں کے ریکارڈ جلائے جائیں گے اور کتنے اداروں کے۔۔۔۔

(قطع کلامی)

<u>Mr. Speaker</u>: Thank you, Nalotha Sahib. Is it the desire of the House that resolution, moved by the honourable Member, may be passed? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker</u>: The ‘Ayes’ have it. The resolution is passed unanimously. Item No. 9: Resolution.

نلوٹھا صاحب! آپ نے کال اٹینشن پڑھا تھا یا ریزولیوشن؟

<u>سردار اورنگزیب نلوٹھا</u>: کال اٹینشن۔

<u>جناب سپیکر</u>: ریزولیوشن بعد میں موؤ کریں گے؟

<u>سردار اورنگزیب نلوٹھا</u>: جی جی۔

<u>جناب سپیکر</u>: تو Same ہی ہیں، دونوں آپ کے تو۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: توجہ دلاؤ نوٹس تھا۔

جناب سپیکر: تو دونوں ایک ہی ہیں ناں، ریزولیوشن بھی وہی ہے اور کال اٹینشن بھی وہی ہے ناں؟

سردار اورنگزیب نلوٹھا: ہاں جی۔

جناب سپیکر: یہی ہے ناں؟

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جی جی۔

جناب سپیکر: دونوں ایبٹ آباد یونیورسٹی کے اوپر ہیں ناں؟

سردار اورنگزیب نلوٹھا: دونوں۔

جناب سپیکر: تھوڑی سی ہماری فائلوں میں کچھ Mistake ہو گئی نلوٹھا صاحب، آپ کو میں کال اٹینشن کیلئے دوبارہ کرتا ہوں اور ریزولیوشن پھر آپ کی این اے کے اوپر آئے گی۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جی جی۔

جناب سپیکر: سو آپ نے پڑھ تو لیا تھا، دوبارہ پڑھیں۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: نہیں، جواب ملا ہے۔

Mr. Speaker: Ziaullah Bangash Sahib, respond please.

جناب ضیاء اللہ خان (مشیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! نلوٹھا صاحب نے جس اہم مسئلے کی طرف توجہ مبذول کرائی ہے، اس حوالے سے سر، میں ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے یہ کہوں گا کہ اس پہ Already جو یونیورسٹی ہے، یونیورسٹی کی طرف سے بھی ایک تحقیقاتی کمیٹی بنائی گئی ہے جس میں گومل یونیورسٹی کے پروفیسر ڈاکٹر محمد سرور اور ان کے ساتھ دیگر ممبران اس میں شامل ہیں، وہ بھی اس حوالے سے اپنی تحقیقات کر رہے ہیں اور اس میں گورنر خیبر پختونخوا کی جانب سے بھی ایک گورنر انسپکشن ٹیم تشکیل دی گئی ہے جنہوں نے ایبٹ آباد یونیورسٹی کا وزٹ بھی کیا ہے اور اس کے حوالے سے پولیس اور دوسری تحقیقاتی ٹیمیں جو ہیں وہ بھی اس واقعہ کے جو افسران ہیں اور ملازمین ہیں، ان سے تحقیقات کی ہیں اور اس واقعہ کے نتیجے میں یونیورسٹی کی جو فائلز تھیں، وہ محفوظ ہیں اور جس میں فنانس سیکشن کا اہم ریکارڈ وہ بھی محفوظ ہے اور دوسری فائلیں جو جل گئی تھیں، ان کا ریکارڈ

Already وہ بھی محفوظ کیا گیا ہے اور نوکریوں کیلئے Applications، جو ریکارڈ تھا وہ چونکہ جل گیا تھا لیکن یونیورسٹی نے دوبارہ Applications مانگی تھیں جو موصول ہو چکی ہیں اور اس پر پولیس نے جو تفتیش کی ہے، اس میں یونیورسٹی کے شعبہ فارمیسی کے معطل شدہ ملازم ڈاکٹر محمد اظہر شیر علی کو گرفتار کیا گیا ہے اور اس کے علاوہ اسی کیس میں ایک ملزم فیضان قریشی جو کہ یونیورسٹی کا سابق ملازم ہے، وہ بھی اس میں گرفتار ہے اور جناب سپیکر! اس کے علاوہ یہ ہے کہ اس واقعے کے بعد یونیورسٹی کا سلسلہ جو تعلیمی اور تحقیقی سلسلہ ہے، وہ رکا نہیں ہے وہ جاری ہے اور اس طرح جو تحقیقاتی ٹیمیں ہیں، وہ اپنا کام کر رہی ہیں اور اس کے علاوہ بھی اگر نلوٹھا صاحب کو اس میں مزید Clarity چاہیے تو ہم ان کیلئے اسمبلی میں ایک میٹنگ کال کر لیں گے، وہاں سے ان کو بھی بلا لیں گے، نلوٹھا صاحب بھی ہو جائیں گے، جس طرح نلوٹھا صاحب کہتے ہیں، اسی طریقے سے ہم آگے جائیں گے، سر۔

جناب سپیکر: کال اٹینشن تو ہو گیا، Sahibzada Sanaullah, MPA, to move his call attention notice No. 18, in the House.

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سپیکر صاحب، میری بات سنیں۔

جناب سپیکر: بس کال اٹینشن ہو گیا ناں آپ کا، آگے ریزولیوشن آ جائے گی پھر، ٹھیک ہے؟ آپ کی توجہ منسٹر صاحب تک پہنچ گئی، انہوں نے بتا دیا ہے کہ انکوائری ہو رہی ہے، ایف آئی آر موجود ہے، ساری چیزیں اس پہ ہو رہی ہیں اور گورنر آفس کی طرف سے بھی اس کے اوپر انکوائری ہو رہی ہے، As a Chancellor گورنر نے بھی انکوائری کنڈکٹ کرانا شروع کر دی ہے۔ جی صاحبزادہ صاحب۔

صاحبزادہ ثناء اللہ: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ یہ توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 18: میں وزیر برائے محکمہ خزانہ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں اور وہ یہ کہ گزشتہ خیبر پختونخوا حکومت نے 'KPPRA' کے ذریعے پی ٹی سی ایل کی انٹرنیٹ سروس پر 19.5 پرسنٹ سیلز ٹیکس لگایا تھا، حالانکہ باقی تینوں صوبوں میں یہ ٹیکس نہیں ہے، فاٹا اور پاٹا کے ضم ہونے کی وجہ سے، ملاکنڈ ڈویژن بھی ضم ہوا ہے، چونکہ ملاکنڈ ڈویژن پہلے سے دہشت گردی، زلزلوں اور سیلابوں کی وجہ سے متاثر ہوا ہے، مرکزی

حکومت نے پانچ سالوں کیلئے فاٹا اور پاٹا کو ٹیکس ریلیف دیا ہے، لہذا صوبائی حکومت بھی مرکزی حکومت کی طرح پانچ سال کیلئے ملاکنڈ ڈویژن کو ٹیکس سے مستثنیٰ کرنے کے احکامات صادر فرمائے۔

جناب سپیکر صاحب! دا اوس زما په علم کښې چا راوستې ده چې دا ریلیف ملاؤ شوے دے او پینځو کالو د پاره نوټیفیکشن شوے دے ، که شوے وی نو وزیر خزانہ صاحب اس کی وضاحت فرمائیں۔

<u>جناب سپیکر</u>: منسٹر فنانس پلیز، مائیک کھولیں منسٹر صاحب کا۔

<u>جناب تیمور سلیم خان (وزیر خزانہ)</u>: جناب سپیکر! جیسا کہ Honourable Member of the Assembly نے کہا کہ یہ پی ٹی سی ایل کی انٹرنیٹ سروسز پہ 19.5 فیصد سیلز ٹیکس لگا ہے اور یہ تمام صوبوں میں نہیں لگایا، صرف یہاں پہ لگا ہے، یہاں پہ In fact بعد میں لگایا گیا، صرف یہ ہے کہ سندھ میں ون ایم بی اور ٹو ایم بی کے پیکجز پہ نہیں لگتا جو کہ آج کل کے زمانے میں نہ ہونے کے برابر ہے، ایک تصویر بھی ڈاؤن لوڈ نہیں ہوتی۔ جہاں تک ملاکنڈ ڈویژن کی بات ہے تو اس سلسلے میں یہ ہے کہ سی ایم صاحب نے ایک کمیٹی بنائی ہوئی ہے چیف سیکرٹری صاحب کے نیچے، جو کہ یہ اس ٹائپ کی جو Anomalies ہیں، اس صوبے میں تو ٹیکس لگے گا، اب جہاں تک فاٹا ایریاز اور پاٹا ایریاز پہ اس کی Application کی بات ہے تو اس میں یہ ٹیکس اور ایسی ہی اور باتیں جو ہوں گی، وہ اس کمیٹی میں زیر بحث آئیں گی، وہاں سے پھر Recommendations کیبنیٹ کے پاس آئیں گی اور ایک Consistent اور مناسب حکمت عملی ان شاء اللہ بنائی جائے گی جو کہ ہم ہاؤس کے سامنے رکھیں گے۔

<u>Mr. Speaker</u>: Thank you.

<u>صاحبزادہ ثناء اللہ</u>: جناب سپیکر۔

<u>جناب سپیکر</u>: بس ہو گیا ہے ناں آپ کا، توجہ دلاؤ اتنا ہی ہوتا ہے کہ آپ نے پیش کیا، انہوں نے Respond کر دیا اس پہ ڈیبیٹ نہیں ہوتی، ان کے پاس جو Answer تھا تو وہ ہو گیا، آپ اور کیا کہنا چاہتے ہیں؟

صاحبزادہ ثناءاللہ: جناب سپیکر، وزیر موصوف نے فرمایا کہ ابھی تک ہوا نہیں، لہذا چونکہ فیڈرل حکومت نے ہمیں وہ چھوٹ دی ہے، اس کی وضاحت تو ہم کر سکتے ہیں، اس پہ تو منسٹر صاحب مجھ سے یہ Agree کریں کہ یہ کمیٹی میں چلا جائے، چیف منسٹر نے جو کمیٹی بنائی، باقی اور کچھ ٹیکسوں کیلئے ہے، یہ کمیٹی میں بھیج دیں۔

جناب سپیکر: آپ نے کہا کہ باقی صوبوں میں یہ ٹیکس نہیں ہے، منسٹر صاحب نے کہا کہ اوروں میں بھی ہے، وہ کہہ رہے ہیں کہ پوچھتے نہیں ہیں اور۔۔۔۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: بالکل نہیں ہے، میں ثبوت پیش کر سکتا ہوں، یہ ثبوت میں پیش کر سکتا ہوں کہ وہاں پر سروسز پر ان کے، جب میں نے ان کے سیکرٹری صاحب سے پوچھا تو انہوں نے مجھے کہا تھا کہ چونکہ یہ سروس ٹیکس ہے، یہ سیلز ٹیکس نہیں ہے، سروس ٹیکس ہے، سیلز ٹیکس مرکزی حکومت لگاتی ہے اور یہ سروس ٹیکس ہے، یہ اسی لئے ہم نے لگایا ہے، یہ صوبائی حکومت نے یہ ٹیکس لگایا ہے، یہ فیڈرل حکومت نے نہیں، لہذا یہ ہمارے بلوں میں آتا ہے، ہمارے پی ٹی سی ایل کے بلوں میں آتا ہے، آپ چیک کر لیں آپ اپنے جو بل آتے ہیں پی ٹی سی ایل کے یہ ٹیکس 19.5 پرسنٹ اس پر لگتا ہے اور آتا ہے، ہر مہینے آتا ہے، سوری، مجھے پتہ نہیں تھا کہ میرا کال اٹینشن یہاں لگا ہوا ہے، اس لئے جو پروف میرے پاس ہیں، وہ میرے کمرے میں پڑے ہیں، ان شاء اللہ وتعالیٰ میں کمیٹی میں وہ پیش کر دوں گا، آپ اس کو کمیٹی میں بھیج دیں، یہ کمیٹی میں بھیج دیں، فیصلہ ہو جائے گا۔

جناب سپیکر: دیکھیں، اس پہ Already کمیٹی بنی ہوئی ہے، وہ اپنی Recommendation لے آئے گی، اس کے بعد یہ ایشو پھر ہم دیکھ لیں گے، کمیٹی اس پہ Already بنی ہوئی ہے، Already بنی ہوئی ہے۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: اس میں مجھے بھی بلالیں۔

جناب سپیکر: تو سی ایم صاحب نے، وہ بھی اسی ہاؤس کا حصہ ہیں ناں، ان کو بھی بلالیں فنانس منسٹر صاحب کو، وہ جو کمیٹی بنی ہوئی ہے، اس میں ان کو بھی بلالیں، جو سی ایم صاحب نے ایک بنائی ہوئی ہے، اس کے اوپر اس میں یہ بھی بیٹھیں وہ ایک کمیٹی Already بنی ہوئی ہے اس کے اوپر۔

## قرارداد

Mr. Speaker: Item No. 9: Sardar Aurangzeb Nalotha, MPA, to move his resolution No. 8.

سردار اورنگزیب خان نلوٹھا: شکریہ جناب سپیکر۔ سر! تقریباً ایک سال پہلے ہزارہ موٹروے کا افتتاح ہو گیا تھا جس پر برھان سے ضلع ہری پور تک ٹریفک رواں دواں ہے، زمین کے مالکان کو زمین کی قیمت کی ادائیگی کی گئی، جبکہ شاہ مقصود انٹرچینج ہری پور کیلئے خریدی گئی زمین کی قیمت تا حال مالکان کو نہیں دی گئی۔ اس سلسلے میں صوبائی اسمبلی نے قرارداد نمبر 623 مورخہ 30 اکتوبر 2014ء اسمبلی کے ذریعے اٹھائی اور قرارداد کو متفقہ طور پر پاس کیا لیکن افسوس کہ این ایچ اے نے صوبائی اسمبلی کی قرارداد پر کوئی عمل درآمد نہیں کیا، لہذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ ہزارہ موٹروے کیلئے شاہ مقصود انٹرچینج کے زمین مالکان کو زمین کی قیمت ادائیگی کیلئے جلد از جلد ضروری اقدامات کئے جائیں اور غفلت برتنے والے این ایچ اے افسران کے خلاف تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے۔

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that resolution, moved by the honourable Member, may be passed? Those who are in faovur of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. The resolution is passed unanimously. Mr. Sardar Hussain Babak Sahib, MPA, to move his resolution No. 9, in the House.

جناب سردار حسین: شکریہ جناب سپیکر۔ یہ صوبائی اسمبلی مرکزی حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ ملک کے طول و عرض میں عرصہ دراز سے پختونوں کے بلاک شناختی کارڈ کا مسئلہ چلا آرہا ہے، روزانہ کی بنیاد پر

عوام احتجاج پر مجبور ہیں، بلاک شناختی کارڈ کی وجہ سے نہ صرف روزانہ کے معمولات زندگی میں دشواری کا سامنا ہے بلکہ حکومت سے متعلقہ امور میں بھی مشکلات درپیش ہیں، مرکزی حکومت کو سنجیدگی کے ساتھ اس اہم اور ضروری اور عوامی مسئلے کو فوری حل کرنے کی ضرورت ہے، دہشت گردی سے تباہ حال پختون گھرانے ملک کے مختلف حصوں میں قیام پذیر ہیں لیکن بلاک شناختی کارڈ کے مسئلے نے ان گھرانوں کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے، لہذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ ملک کے طول و عرض میں عرصہ دراز سے پختونوں کے بلاک شناختی کارڈز کے مسئلے کے حل کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھائے اور پوری ذمہ داری کے ساتھ ملک کے شہریوں کی مشکلات کاازالہ کر کے ملک کے اندر اور باہر ضروریات میں حائل رکاوٹوں کو دور کیا جائے۔

جناب سپیکر، بیا مالہ یو منٹ، مجھے آپ ایک منٹ دیں گے پھر آپ جناب خاص وجہ سے-----

جناب سپیکر: جی، ابھی کریں گے یا بعد میں؟

جناب سردار حسین: پاس ہو جائے۔

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that resolution, moved by the honourable Member, may be passed? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. The resolution is passed unanimously. Ji, Babak Sahib.

جناب سردار حسین: شکریہ جناب سپیکر، یہ ایک انتہائی اہم مسئلہ ہے اور میں تمام ساتھیوں کا شکریہ بھی ادا کرتا ہوں کہ ہم نے یہ قرارداد Unanimously پاس کی۔ جناب سپیکر! آپ کے علم میں ہے کہ دہشت گردی میں ہزاروں کی تعداد میں نہیں لاکھوں کی تعداد میں پختون گھرانے ملک کے دیگر حصوں میں پناہ گزین ہیں، ظاہر ہے کہ انہوں نے، عارضی طور پہ رہائش اختیار کی ہے اور دیکھا جائے تو میرے خیال میں عنایت اللہ خان بھی میرے ساتھ اتفاق کریں گے کہ Ninty five percent بلاکڈ شناختی

کارڈز جو ہیں وہ پختونو کے ہیں، اور ابھی تو بات اس حد تک آ گئی ہے کہ جو Renewal ہم کر رہے ہیں، خواتین روزانہ کی بنیاد پہ قطاروں میں کھڑی رہتی ہیں جناب سپیکر! بار بار یہ مسئلہ پچھلی حکومت میں بھی قومی اسمبلی میں اٹھایا گیا، صوبائی اسمبلی میں اٹھایا گیا لیکن ابھی تک جو ضابطہ 'نادرا' نے بنایا ہے، وہ انتہائی Complicated ہے، جناب سپیکر! یہ تو پختونوں کی جو قربانیاں ہیں، ان کے جو نقصانات ہیں میرے خیال میں یہ تو تاریخ کا حصہ بن گئے ہیں، اب ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ حکومتیں، مرکزی حکومت ہو یا جو بھی حکومت ہو، پنجاب میں رہائش پذیر ہیں، سندھ میں رہائش پذیر ہیں، آپ لوگ دیکھ رہے ہیں کہ جن اذیتوں سے وہ گزر رہے ہیں، میرے خیال میں جناب سپیکر! ابھی تو شکر الحمد للہ کہ جس پارٹی کی اس صوبے میں حکومت ہے، مرکز میں بھی اس کی حکومت ہے، Seriously اس مسئلے کو اٹھانا چاہیے اور میرے خیال میں جو بے سر و سامانی میں سارے پختون گھرانے مختلف شہروں میں اور ابھی، یہ بات میں پہلے بھی کہہ چکا ہوں، کہ اسلام آباد اور پشاور پختون آبادی کے شہر بن گئے ہیں، یعنی ان کی تعداد اتنی زیادہ ہو گئی ہے تو سنجیدگی سے مرکزی حکومت کو اس مسئلے کو اٹھانا چاہیے۔ پچھلے ہفتے میں دیکھ رہا تھا کہ میرے خیال میں Interior Minister نے اس پہ شاید کوئی ایکشن لیا ہو لیکن ہم صوبائی حکومت سے ضرور سفارش کریں گے کہ وہ مرکزی حکومت سے Seriously اس بات کو اٹھائے اور ان کی مشکلات اور مسائل میں کمی لائے۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

<u>Mr. Speaker</u>: Thank you, ji, Inayatullah Sahib, Member Provincial Assembly, please move call attention, پھر ریزولیوشن کریں گے

<u>جناب عنایت اللہ</u>: جناب سپیکر! جو بڑا اہم مسئلہ ہے، میں جب منسٹر تھا تو میں نے اپنے حلقے کی بات اٹھائی تھی اور میں نے بڑے زور و شور سے اٹھائی تھی، اس کو اخبارات نے کوریج بھی دی اور اس وقت کوئی چھ سو ایسے لوگ تھے جن کے شناختی کارڈ میرے حلقے کے اندر بلاک تھے بلکہ میری اپنی جو تحصیل ہے، حلقے کے اندر تو بہت زیادہ بلاک تھے اور میرے دو تین گاؤں جو تھے، بالکل وہ بلاک ہو گئے تھے اور میں آپ کو ایسے

لطیفے بتاؤں گا کہ میری اپنی سسٹر کا جو شناختی کارڈ تھا وہ بلاک تھا، میرا جو بھانجا ہے وہ SDFO ہے، اس کا شناختی کارڈ بلاک تھا، ان کے پورے گاؤں کے شناختی کارڈ بلاک تھے اور وہ تو پھر میری کوششوں سے Unblock ہو گئے، میرے پڑوس کے اندر لوگ ہیں وہ ہر روز میرے گھر آتے ہیں، جب میں ان سے پوچھتا ہوں تو یہ کہتے ہیں کہ 'نادرا' والے کہتے ہیں کہ وہ Properly بورڈ کریں، اچھا انہوں نے بورڈ بھی کر لیا، ان کا کیس بھی پراسیس ہو گیا، اب اسلام آباد والے ان کے کیس کے بارے میں کہتے ہیں کہ نیا بورڈ کریں، نیا بورڈ کریں اور ایک ہائی سکول کے ہیڈ ماسٹر صاحب ہیں ان کا میرے Attempt کے باوجود Unblock نہیں ہو سکا، نتیجتاً ان کی فیملی کے بچوں کا باہر کا سفر جو ہے، ان کی تعلیم کے حوالے سے سارے مسائل موجود ہیں، یہ بڑا Genuine اور Serious issue ہے اور آپ سے یہ ڈیمانڈ کروں گا سپیکر صاحب! کہ یہ جو ریزولیوشن پاس ہوئی ہے، آپ ہر ریزولیوشن کو 'فالواپ' کریں لیکن Specially اس ریزولیوشن کا 'فالواپ' کریں، اس کی Specially آپ اس اسمبلی سیکرٹریٹ کو انسٹرکشن ایشو کریں کہ وہ اس ریزولیوشن کا Follow up کرے اور کسی دن اسمبلی کے اندر 'نادرا' والوں کو بلا کر اسمبلی کو بریف بھی کریں، سٹینڈنگ کمیٹی کے جس طرح ہمارے جو Concerns ہیں، جن لوگوں نے یہ بات اٹھائی ہے، ہمیں اسمبلی کے اندر بریف کریں کہ کیا پوزیشن ہے، کیوں اس کو آپ نے اتنا مشکل بنایا ہوا ہے پختونوں کیلئے؟ سر! میں کال اٹینشن نوٹس پر زیادہ زور نہیں دوں گا، میں صرف آپ سے دو تین ایشورنس کے جملے چاہوں گا، آپ نے میرے ساتھ وعدہ کیا تھا کہ آپ اس پہ رولنگ دیں گے۔ منسٹر صاحب، سی اینڈ ڈبلیو کے منسٹر صاحب اگر تشریف رکھتے ہوں تو یہ ان سے Related ہے، سی اینڈ ڈبلیو منسٹر کو آپ کی وساطت سے ریکویسٹ کرنا چاہتا ہوں، میرے حلقے کے اندر، 07-2006ء میں میں خود پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ کا منسٹر تھا، اس وقت ایک کالج جو ہے منظور ہوا، وہ کالج بعد میں ٹینڈر ہوا، ایک مرتبہ ٹینڈر ہوا، اس جگہ کو تبدیل کر دیا گیا، 2012ء میں اس کالج پہ کام کا آغاز ہو گیا اور 2016ء تک وہ کالج کمپلیٹ ہو چکا تھا اور 18-2017ء میں اس کیلئے پوسٹیں سینکشن ہوئیں، اب 2018ء اکتوبر ہے اور میری تحصیل کے اندر اس سال کوئی پچاس سے لیکر پچپن تک طالب علم داخلے سے رہ گئے، میں نہیں سمجھتا

کہ اس کالج کو ہائر ایجوکیشن والے کیوں آپریشنل نہیں کر رہے ہیں؟ وہی Excuse بنا رہے ہیں کہ اس میں ٹرانسفارمر نہیں لگا، اس ٹرانسفارمر کے لگانے میں بھی کوئی دو سال گزر گئے اور بالکل کام Hundred percent مکمل ہو چکا ہے، یہاں سے ٹیم جاتی ہے، وہ تھوڑا سا نقطہ نکالتی ہے، اچھا فرنیچر، Equipment یہ ساری چیزیں خریدی گئی ہیں اور وہ Rust ہو رہی ہیں، میں آپ کے Through آپ سے رولنگ چاہتا ہوں سر! یہ بات میں بہت مرتبہ اٹھا چکا ہوں، میں ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ جا چکا ہوں، میں آپ سے رولنگ چاہتا ہوں کہ اگلے سیشن کیلئے یہ کالج میرے لئے آپریشنل کریں، بس آپ سے یہ رولنگ چاہتا ہوں، یہ دو تین مہینے آپ ان کو دے دیں، یہ دو تین مہینے کے اندر اس کے اوپر کام کمپلیٹ کر کے اس کو آپریشنل کریں، اس کالج کو۔

<u>جناب سپیکر</u>: آپ کے پاس ظاہر ہے یہ تو کال اٹینشن ہے یہ 07-2006ء سے یہ ان کا مسئلہ لٹکا ہوا ہے اور ہائر ایجوکیشن تو تب ہی کر سکے گا کہ جب سی اینڈ ڈبلیو ان کو Hand over کرے گا یا اس۔۔۔۔

<u>جناب اکبر ایوب خان (وزیر مواصلات و تعمیرات)</u>: جناب سپیکر! پوسٹیں تب ہی Sanction ہوئی ہوں گی جب ہم نے Hand over کر دیا ہو گا، بجلی کا۔۔۔۔

<u>جناب عنایت اللہ</u>: نہیں ایسا نہیں ہے جی، وہ تو آپ کی پالیسی تھی کہ 80 پرسنٹ سے، 90 پرسنٹ سے زیادہ جو منصوبہ کمپلیٹ ہو جائے اس کیلئے آپ پوسٹیں Sanction کریں گے، جب پوسٹیں Sanction ہوتی ہیں آپ کی وہ پوسٹیں Dormant رہتی ہیں ان کو Activate تب ہی کیا جاتا ہے کہ جب PC 4 submit ہو جاتا ہے اور وہ منصوبہ Completely جو Sponsoring ڈیپارٹمنٹ ہے ان کے حوالہ ہو جاتا ہے، پوسٹیں ابھی Activate نہیں ہیں Dormant ہیں، اس لئے Dormant ہیں کہ جو Sponsoring Department ہے اس کو وہ پراجیکٹ Hand Over نہیں ہو رہا ہے اور اس میں تین چار سال لگیں گے۔

<u>جناب سپیکر</u>: اکبر ایوب صاحب! آپ ایسا کریں کہ اسی Week میں ان کے ساتھ کوئی ٹائم رکھیں اور ہائر ایجوکیشن کے لوگ بھی بیٹھیں اور اس میں۔۔۔۔

وزیر مواصلات و تعمیرات: جناب سپیکر، اس میں پیسے جمع ہو گئے ہیں پیسکو میں، جناب سپیکر! معزز ممبر صاحب میرے پاس آ جائیں، ہم پیسکو والوں سے بات کر کے ان شاء اللہ دستی ان کو ٹرانسفارمر لگوا کے دیں گے۔

جناب سپیکر: اس کو آپ نے Resolve کروانا ہے تاکہ اگلے سیشن سے یہ کلاسیں شروع ہو جائیں۔

وزیر مواصلات و تعمیرات: جی، ان شاء اللہ آپ آ جائیں، ہم اس مسئلے کو حل کروا دیں گے۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے عنایت اللہ صاحب، تھینک یو۔

## قرارداد

Mr. Speaker: Resolution: Mr. Inayatullah Khan, to move his resolution No. 12, in the House.

جناب عنایت اللہ: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ ہرگاہ کہ سعودی عرب میں مقیم پاکستانی محنت کش جو اس وقت نا مساعد حالات کا سامنا کر رہے ہیں، ان کی مشکلات کا فوری طور پر نوٹس لیا جائے اور پاکستانیوں کو درپیش مشکلات کے ازالہ کیلئے عملی اقدامات اٹھائے جائیں۔ سعودی عرب میں محنت کش مزدوری کرنے والے لاکھوں پاکستانی نہ صرف اپنے خاندانوں کیلئے وہاں رزق حلال کما رہے ہیں بلکہ سالانہ اربوں روپے پاکستان بھیج کر ملکی معیشت کی بہتری میں بھی کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں، لہذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ سعودی عرب کی جیلوں میں جتنے بھی پاکستانی اقامہ نہ ہونے یا اقامہ کی تجدید نہ کروانے جیسے معمولی جرائم میں پابند سلاسل ہیں، ان کی فوری رہائی اور انہیں پاکستان پہنچانے کا بندوبست کیا جائے۔ سعودی عرب ان پاکستانیوں کو ان کے کاروبار اور گاڑیوں وغیرہ کی قیمتیں ادا کرے یا ان کو اتنا وقت دے تاکہ ان کو بیچ سکیں، جبکہ جتنے بھی کفیلوں نے پاکستانیوں کے کاروبار پر قبضہ کر رکھا ہے، پاکستانی سفارتخانہ ان کو واگزار کرانے میں بھی ان کی مدد کرے۔

جناب سپیکر! یہ تھوڑا تفصیل طلب ہے تو میرا خیال ہے کہ اس کے اوپر ثناء اللہ صاحب کی بھی ریزولیوشن ہے، وہ اپنی ریزولیوشن پڑھ لیں اور ریزولیوشن پاس ہو تو ہم ایک دو باتیں اس پہ کریں گے تاکہ تھوڑا Highlight بھی ہو اور اس پہ Meaning-ful response بھی حکومت کی طرف سے ملے۔

جناب سپیکر: ریزولیوشن نمبر 12: صاحبزادہ ثناء اللہ صاحب، رکن صوبائی اسمبلی۔

صاحبزادہ ثناء اللہ: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر صاحب، یہ قرارداد نمبر 13: ہر گاہ کہ تقریباً پچیس لاکھ پاکستانی رزق حلال اور ملک کیلئے زرمبادلہ کمانے کیلئے سعودی عرب میں مقیم ہیں اور دل و جان سے محنت مشقت کرکے اپنے اور اپنے اہل خانہ کیلئے روزی کماتے ہیں۔ سعودی حکومت بلاوجہ انہیں گرفتار کرکے حراساں کرتی ہے اور بغیر کسی قانونی کارروائی کے ان سے بھاری جرمانے وصول کرنے کے ساتھ ساتھ قانونی ویزوں پر بھی کفیل حضرات اقاموں پر بھاری ٹیکس بھی لیتے ہیں، لہذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے یہ سفارش کرتی ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ وزیراعظم پاکستان کی سربراہی میں مختلف پارٹیوں کا جرگہ بنا کر سعودی حکومت کے ساتھ اس معاملے کو اٹھائے تاکہ بلاجواز گرفتاریوں اور جرمانوں سے پاکستانی مزدور محنت کشوں کو نجات مل سکے اور سعودی حکومت سے وابسطہ مشکلات کو سعودی حکومت کے نوٹس میں لاکر سفارتی سطح پر اس کا مستقل حل نکالا جائے تاکہ پاکستانی کمیونٹی وہاں پر دل و جان سے محنت مشقت کرکے اپنے لئے اور پوری قوم کیلئے زرمبادلہ کما سکے، نیز سعودی عرب میں مقیم پاکستانیوں کو حج پر جانے کی اجازت نہ دینے پر اور صرف ایک لاکھ ساٹھ ہزار افراد کے فنگر پرنٹس حاصل کرنے اور پانچ سالوں کیلئے بلیک لسٹ کرنے اور قانونی ویزے ہونے کے باوجود ان کیلئے مشکلات پیدا کرنے جیسے مسائل کو مذاکرات کے ذریعے فوری حل کی اشد ضرورت ہے۔

جناب سپیکر! جب قرارداد پاس ہو جائے تو بعد میں تھوڑی سی Explanation کی اجازت بھی دی جائے، تھینک یو۔

جناب سپیکر: کریں جی، ابھی کریں، ابھی کریں، صاحبزادہ ثناء اللہ صاحب، ابھی بات کرلیں اس پر اور کیا کہنا چاہتے ہیں؟ اتنی لمبی بات تو ہو گئی ہے، یہی باتیں ہیں۔ عنایت اللہ صاحب! آپ کی بھی وہی باتیں ہیں،

ان کو پاس کرتے ہیں، اور تو کوئی بات ہے نہیں اس میں، ساری Delailed resolutions ہیں آپ دونوں کی۔ جی۔

<u>جناب عنایت اللہ</u>: سر! اس میں دو ضروری باتیں ہیں، ایک وہ ہے جو سعودی حکومت سے Related ہے، ایک چیز وہ ہے جو پاکستانی سفار تخانے سے Related ہے، اس لئے ہم ان دونوں کو الگ الگ کر کے بات کریں گے اور ہماری تجاویز ہوں گی کہ اس پہ کوئی Meaning-ful response ہو۔

<u>جناب سپیکر</u>: کریں آپ۔

<u>جناب عنایت اللہ</u>: سر، آپ کیلئے یہ مسئلہ بہت زیادہ Important ہے، اس لئے آپ کیلئے Important ہے، میں آپ کو Statistics بتارہا ہوں، اس وقت جو ضمنی الیکشن ہوا ہے Ninty percent جو ووٹ Cost ہوا ہے، وہ پی ٹی آئی کی طرف گیا ہے، انہوں نے آپ کو ووٹ بھی دیئے ہیں، نوٹ بھی دیئے ہیں اور سپورٹ بھی دی ہے اور پی ٹی آئی کی حکومت کے اوپر ان کا حق ہے اور یہ جس طرح انہوں نے بتایا ہے کہ پچیس لاکھ لوگ تو صرف سعودی عرب میں ہیں، باقی مڈل ایسٹ کے اندر جو لوگ ہیں یہ کوئی ساٹھ ستر لاکھ سے اوپر لوگ ہیں، یہ آپ کے سب سے زیادہ، بڑے سپورٹرز ہیں Vocal supporters ہیں، وہ آپ کیلئے چندے بھی بھیجتے ہیں، آپ کیلئے اپنی فیملیز کو Pressurize کر کے ووٹ بھی دیتے ہیں، ان کا آپ کے اوپر حق بنتا ہے کہ آپ ان کیلئے Meaning-ful آواز اٹھائیں اور ہماری اس اسمبلی کے تھرو، کیونکہ یہ اسمبلی زیادہ Relevant اس لئے ہے کہ ملاکنڈ ڈویژن اور خیبر پختونخوا سے زیادہ لوگ میڈل ایسٹ کے اندر کام کر رہے ہیں، یہ ایک Fact ہے، اس میں ہمارے زیادہ تر لوگ مڈل ایسٹ کے اندر کام کر رہے ہیں، اس لئے اس پہ ہمیں سنیں گے اور اس ڈیبٹ کے نتیجے میں کوئی Meaning-ful consultation کے اوپر ہم پہنچیں گے۔ جناب سپیکر صاحب، اس وقت موجودہ حکومت نے ریفارمز کے نام سے جو استحصال شروع کیا ہوا ہے، میں عبوری حکومت کی بات کر رہا ہوں، دیکھیں گورنمنٹ کا جو لیبر ڈیپارٹمنٹ ہے، وہ سالانہ ان سے 10 ہزار 250 روپیہ سالانہ لیتا ہے ایک مزدور سے 10 ہزار 250 ریال سالانہ لیتے ہیں، چار ہزار ان سے سپانسر اور کفیل لیتے ہیں اور تین

سو ریال اگر کسی کے ساتھ فیملی ہو تو Per child تین سو ریال ماہانہ ان سے مانگتے ہیں جن کے ساتھ فیملی ہو، اور ان کے جو کاغذات ہوتے ہیں، ان کی جو ڈاکومنٹس ہوتی ہیں، ان کی تجدید کیلئے اقامہ وغیرہ کی تجدید کیلئے 650 ریال سالانہ ان سے لیتے ہیں۔ میں نے ایک سے پوچھا کہ آپ کماتے کتنا ہیں؟ اس نے کہا کہ ایک Average مزدور جو ہے پندرہ سو، ڈھائی ہزار، تین ہزار سے زیادہ نہیں کماتا ہے، آپ Calculate کر لیں، ان میں سے ان کے پاس کتنے پیسے رہ جاتے ہیں؟ ایک تو ہم یہ چاہیں گے کہ ہماری وفاقی حکومت ان کے ساتھ یہ مسئلہ اٹھائے، یہ سارے مسئلے جو ہیں، آپ، ہمارا پارلیمانی ڈیلیگیشن اگر آپ ہیڈ کر کے عمران خان کے پاس ہمیں لے جاتے ہیں، فارن منسٹر کے پاس ہمیں لے جاتے ہیں تو ہم ان کو Explain کریں گے اور منسٹر صاحب کو ہم Explain کریں گے۔ اسد قیصر صاحب نے بھی ہمارا ایک وفد سرتاج عزیز کے ساتھ ملایا تھا، ان کے ساتھ ہماری بات بھی ہو گئی تھی، یہاں ایک Delegation آپ ہیڈ کر کے بیرون ملک پاکستانیوں کے حوالے سے ہماری بات کروائیں۔ اس کے علاوہ جو باقی مسائل ہیں، وہ یہ ہیں کہ جیلوں کے اندر سینکڑوں کی تعداد میں لوگ ہیں اور چھوٹے چھوٹے مسائل کے اندر رہیں، ظاہر ہے وہ پاکستانی سفارتخانے کی Intervention سے وہ کام کر سکتے ہیں، پاکستانی سفارتخانہ جتنے لوگ جیلوں کے اندر ہیں، ان کو فلٹر کرے، اگر کوئی معمولی نوعیت کا جرم ہے اور اس کو آپ جیل سے چھڑوا سکتے ہیں تو پاکستانی سفارتخانہ پورا Role ادا کرے۔ ہمیں وہاں کی جو اطلاعات ہیں، وہ یہ ہیں کہ پاکستانی سفارتخانہ زیادہ Active اور Proactive نہیں ہے اور بدقسمتی یہ ہے کہ وہ باہر جا کر اپنے کاروبار وغیرہ کرتے ہیں، یہ ہمارے سفارتخانوں کے لوگ وہاں کمیونٹی کے انٹرسٹ کیلئے کچھ بھی نہیں کرتے ہیں، کفیل سپانسر کرتے ہیں، وہاں سب کاروبار سپانسر کے نام پہ ہوتا ہے اور گاڑی سپانسر کے نام پہ ہوتی ہے، کاروبار سپانسر کے نام پہ ہوتا ہے، اگر اس کا ویزا ختم ہو جاتا ہے تو سپانسر جو ہے اس کے پیسے ضبط کر لیتا ہے اور ان کو پیسے نہیں دیتا اور ان کی گاڑی ضبط، لوگوں سے اربوں روپے کے کاروبار ضبط ہو گئے، ان کیلئے کوئی طریقہ نہیں ہے کہ وہ کس کورٹ کے اندر جائیں، یہ ہیومن رائٹس کا ایشو ہے اور اس کے علاوہ سر! عدالتوں کے اندر بھی وہ ایسے کیسوں کو نہیں لے جا سکتے کیونکہ یہ ان کے نام کے اوپر نہیں ہے، ان کے نام

کے اوپر بینک اکاؤنٹس نہیں ہیں، تو یہ ایک قسم کی In-human situation ہے کہ جس میں ہمارے لوگ رہ رہے ہیں اور میرا خیال ہے کہ میں لوگوں سے پوچھ رہا ہوں یار، آپ پی ٹی آئی کے اتنے زیادہ سپورٹرز کیوں ہیں، اتنے زیادہ پی ٹی آئی کے آپ، میں نے ان کا انٹرویو کیا ہوا ہے، جو میڈل ایسٹ کے اندر لوگ ہیں، وہ کہتے ہیں کہ ہم اس لئے پی ٹی آئی کو سپورٹ کر رہے ہیں کہ باقی حکومتوں نے ہمارے یہ مسئلے نہیں اٹھائے ہیں اور ہم پی ٹی آئی سے Expect کریں گے کہ وہ جو ہمارا یہ In-human treatment ہے، اس کو ان حکومتوں کی ساتھ اٹھائی گی، یہ ہمارے ساتھ جو زیادتی ہو رہی ہے اس کو اٹھائے گی، اس ملک کے اندر روزگار Generate کرے گی تاکہ ہم عزت کے ساتھ اپنے ملک میں واپس آئیں اور اس ملک کے اندر عزت کے ساتھ رہیں، اس لئے میں سمجھتا ہوں، آپ سے Expect کرتے ہیں اور یہ مسئلہ مجھ سے زیادہ، میرا تو Constituency کا مسئلہ ہے، میرے تو وہاں ہزاروں لوگ ہیں، میں اس لئے اس کو اٹھا رہا ہوں لیکن مجھ سے زیادہ پی ٹی آئی کیلئے Important اس لئے ہے کیونکہ Overwhelming majority آپ کی سپورٹر ہے، میں آپ سے Expect کروں گا کہ آپ اس کو Seriously لیں گے۔ تھینک یو، سر۔

<u>جناب سپیکر:</u> تھینک یو عنایت اللہ صاحب، ان شاء اللہ، صاحبزادہ ثناء اللہ صاحب! آپ کو بات کرنے کا موقع ہے۔

<u>صاحبزادہ ثناء اللہ:</u> شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، یہ مسئلہ، یہ قرارداد ہم نے پچھلی حکومت میں اٹھائی تھی اور اس کا ریزلٹ بھی آیا تھا کہ وزیر خارجہ صاحب نے فون بھی کیا اور اطلاع بھی دی کہ آپ ہمارے ساتھ بیٹھیں، اس مسئلے پر بات کریں، تو اس ایوان سے ہمارے محترم سپیکر اسد قیصر صاحب جو تھے، میں نے بھی ان کو ریکویسٹ کی تھی کہ سر، یہ میرا ذاتی مسئلہ نہیں ہے، ان کی سربراہی میں عنایت اللہ صاحب بھی تھے اور عوامی نیشنل پارٹی کے بھی تھے، قومی وطن پارٹی کے، پی ٹی آئی کے بھی اور نلوٹھا صاحب بھی ہمارے ساتھ تھے اور دفتر خارجہ میں ان کے ساتھ میٹنگ بھی ہوئی تھی۔ یہ عنایت اللہ صاحب نے جو بات کی، چونکہ ہمارے علاقے کا جو فگر میں نے دیا ہے پچیس لاکھ کا، یہ ایک Accurate

figure ہے، وہاں پہ ان لوگوں کی اپنی اپنی تنظیمیں ہوتی ہیں اور ان تنظیموں سے یہ فگرز ہم نے لیے ہیں، وہ مہینے کی بنیاد پر چندہ اکٹھا کرتے ہیں اور جو لوگ مر جاتے ہیں، زخمی ہوتے ہیں ان کو وہ پھر پیسے دیتے ہیں۔ میرے حلقے پی کے۔11 کے 72 ہزار لوگ سر، سعودی عرب میں ہیں، 72 ہزار، یہاں جو ووٹ Cost ہوتے ہیں، اس سے زیادہ ہیں وہ لوگ اور وہ لوگ ہیں جو تعلیم یافتہ بھی ہیں، جوان بھی ہیں، اسی لئے جناب سپیکر صاحب! ہماری Ninty percent آبادی سعودیہ میں محنت مزدوری کرتی ہے، اسی لئے ہمارے ملاکنڈ ڈویژن کے پچیس لاکھ ہیں، پچیس لاکھ میں سے بیس لاکھ کے پی کے، کے ہیں اور کے پی کے ملاکنڈ ڈویژن میں پندرہ لاکھ ہمارے ہیں، اسی وجہ سے ہمارے لئے وہ ایک ریڑھ کی ہڈی کی مثال رکھتے ہیں، اگر خدانخواستہ وہ لوگ سر! بہت افسوس کے ساتھ کہ ایک مہینے میں دیر بالا کی تیرہ لاشیں ہارٹ اٹیک کی وجہ سے آئی ہیں ایک مہینے میں، وہاں پر لوگ انتہائی مشکل میں ہیں، میں عمران خان صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے اس حکومت کے ساتھ یہ بات اٹھائی کہ جو دو ہزار ریال کی جو فیس تھی، وہ کم کر دی ہے تین سو تک لے آئے ہیں، میں اپنے عوام کی طرف سے ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں لیکن سر، جو باقی مشکلات ہیں، وہ ان کے علم میں نہیں ہیں، اس لئے میں نے جو جرگے کی بات کی ہے، اسی لئے کی ہے کہ وہاں پہ ہمیں پتہ ہے کہ لوگ کن کن مشکلات سے گزر رہے ہیں۔ جس طرح عنایت اللہ صاحب نے Suggestion دی کہ آپ کی سربراہی میں، آپ کی سربراہی میں اگر یہ کمیٹی وزیراعظم صاحب کے ساتھ ملے، یہ چونکہ معاملہ اتنا چھوٹا بھی نہیں ہے کہ کوئی وزیر خارجہ صاحب، وزیر خارجہ صاحب نے ہمارے ساتھ اس وقت سرتاج عزیز صاحب نے وعدہ کیا کہ ہم جرگہ بنا کے بھیج دیں گے لیکن انہی دنوں میں پی ٹی آئی کے وہ دھرنے شروع ہوئے، اس وجہ سے پھر وہ کام نہ ہو سکا، اسلئے یہ کریڈٹ ابھی اس حکومت کو جائے گا اور جس طرح عنایت اللہ صاحب نے کہا کہ ہمارے سب کے یہ آپ لوگوں کو نوٹ سپورٹ سب کچھ آپ کا ہے لیکن یہ انتہائی حساس معاملہ ہے، خصوصاً ہمارے کے پی کے کی حکومت کیلئے کہ اگر خدانخواستہ یہ لوگ بے روزگار ہو کر پاکستان واپس آجائیں تو ہماری معیشت پر بہت برا اثر ہوگا، اسلئے میں ریکویسٹ کروں گا کہ اس کو اخباروں کے ذریعے بھی، پریس کے حضرات کو

ریکویسٹ کروں گا کہ اس کو 'ہائی لائٹ' کریں اور آپ کی سربراہی میں اگر کمیٹی بن جائے اور ہم وزیر اعظم پاکستان سے، ہم یہ مطالبات لکھ کر ان کو دے دیں گے، جس طرح کہ وہ مناسب سمجھیں، وہ اسی طرح کرلیں۔ شکریہ۔

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that the resolution, moved by the honorable Members, No. 12 and 13, both may be passed? those who are in favour of it may say' Yes' and those against it may say' 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution is passed, both the resolutions passed unanimously.

## جناب سپیکر کی جانب سے اعلان

جناب سپیکر: میں نے UNDP کے ساتھ بات چیت کی تھی کہ ہمارے ممبرز کو ٹریننگ کی ضرورت ہے جس میں رولز آف بزنس اور یہ ساری ٹریننگ شامل ہوگی، یہ ٹریننگ ہم نے تین گروپس میں ان کے ساتھ Arrange کی ہے۔ پہلا گروپ جو ہے پانچ تاریخ سے چھ، Five to six two days, group one، تو یہ پی کے ون سے لیکر پی کے۔33 تک، یہ لوگ اس گروپ میں ہوں گے اور ویمن پارلیمنٹرین جو ہیں وہ One to seven جن کا رول ہے اور ینارٹی ون، یہ پھر نام دے دیں گے، سات سے آٹھ تک گروپ ٹو ہے، PK-34 to PK-66 اس میں ویمن جو ہیں Eight سے Fourteen ہیں اور ینارٹی ٹو گروپ نو سے دس تک جو ہے، وہ گروپ تھری ہے، PK-67 to PK-99 اور اس میں ویمن Fifteen to twenty two females، ہماری آنریبل ممبرز اور ینارٹی جو ہے وہ گروپ تھری ہے، تو یہ پھر رابطے میں رہیں ان کے ساتھ یا سیکرٹریٹ خود آپ سے رابطے کرے گا اور آپ اس کیلئے تیاری کرلیں کہ یہ آپ کی ہو جائے گی، ان شاءاللہ۔

## آڈیٹر جنرل آف پاکستان کی رپورٹ کا ایوان میں پیش کیا جانا

Mr. Speaker: Item No. 10 and 11: The honorable Minister for Finance, to please lay the Auditor General Report on Account of

the Government of Khyber Pakhtunkhwa for the year 2015 and 16, in the House.

Mr. Taimur Saleem Khan (Minister for Finance): Mr. Speaker, I intend to lay the Report of the Auditor General of Pakistan on the Accounts of the Government of Khyber Pakhtunkhwa, for the year 2015 and 2016, before the House.

Mr. Speaker: It stands laid. The honorable Minister for Finance, to please move his motion before the House that the Auditor General Reports on Account of the Government of Khyber Pakhtunkhwa, for the year 2015-16 may be referred to the Public Account Committee, honorable Minister for Finance.

Minister for Finance: Mr. Speaker, I intend to move that the Report of Auditor General of Pakistan on the Accounts of the Government of Khyber Pakhtunkhaw, for the year 2015-16 may be referred to the Public Account Committee for examination.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Report of Auditor General on Accounts of the Government Khyber Pakhtunkhaw, for the year 2015-16 may be referred to the Public Account Committee? Those who are in favor of it may say 'Yes' and those who against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The report is referred. The sitting is adjourned till 31st October, 2018 at 11:00 am.

---

(اجلاس بروز چار شنبہ مورخہ 31 اکتوبر 2018ء صبح گیارہ بجے تک کے لئے ملتوی ہو گیا)

(نوٹ):اسمبلی سیکرٹریٹ کے اعلامیہ No.PA/Khyber Pakhtuhknwa/Bills/2018/6797 dated 30-10-2018 کی روسے اجلاس غیر معینہ مدت تک کے لئے ملتوی ہو گیا۔

ضمیمہ

## حلف وفاداری/رکنیت

[آرٹیکل 65 اور 127]

بِسۡمِ ٱللهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

میں،..............................،صدق دل سے حلف اٹھاتا ہوں کہ میں خلوص نیت سے پاکستان کا حامی اور وفادار رہوں گا:

کہ ، بحیثیت رکن صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا، میں، اپنے فرائض و کارہائے منصبی ایمانداری، اپنی انتہائی صلاحیت اور وفاداری کے ساتھ ،اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور، قانون اور اسمبلی کے قواعد کے مطابق،اور ہمیشہ پاکستان کی خودمختاری، سالمیت،استحکام، یکجہتی اور خوشحالی کی خاطر انجام دوں گا:

کہ میں اسلامی نظریہ کو برقرار رکھنے کے لئے کوشاں رہوں گا جو قیام پاکستان کی بنیاد ہے:

اور یہ کہ میں اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کو برقرار رکھوں گا اور اس کا تحفظ اور دفاع کروں گا:

[اللہ تعالیٰ میری مدد اور رہنمائی فرمائے(آمین)]